اصل قدیم نسخہ دہلی کے مطابق
سات منزلوں پر مشتمل مکمل
الحزب الاعظم
مترجم
وجدید
قرآن وحدیث سے ماخوذ مستند دعاؤں کا مجموعہ
مؤلفة
ملا علی قاری
ترجمة
مولانا سید بدر عالم صاحب میرٹھی
ادارۃ القاسم
اردو بازار لاہور

Scanned by CamScanner

الحزب الاعظم

نام کتاب : الحزب الاعظم عکسی مترجم

ترجمہ : مولانا بدر عالم صاحب میرٹھیؒ

کتابت : مولانا محمد یوسف صاحب قاسمی

طباعت : ایس۔ایف پرنٹرز نئی دہلی

باہتمام : ناصر خان

ناشر : فرید بک ڈپو ۴۲۲ گلی ٹیا محل جامع مسجد دہلی ۶

ھدیۃ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اَلدُّعَاءُ مُخُّ الْعِبَادَةِ

دعا مغزِ عبادت ہے

اِنَّ رَحْمَتَ اللّٰهِ قَرِيْبٌ مِّنَ الْمُحْسِنِيْنَ

بیشک اللہ تعالیٰ کی رحمت قریب ہے نیک کام کرنے والوں کے

یہ اَمرِ مُسلّم ہے کہ دارین کی کامیابی اور حصُولِ راحت کے اَسبابِ متکثرہ میں صرف حضوریِ دل کے ساتھ دُعا ہی ایک ایسی چیز ہے کہ جس کو فلاحِ دُنیا اور فلاحِ دین دونوں سے مَساوی تعلّق ہے۔ دعا کی جامعیت اس کی عظمت کو ظاہر کر رہی ہے اسی لیے قرآن عظیم اور احادیث شریف میں دعاؤں کی ترغیب فضیلت اور تاکید بار بار وارد ہوئی ہے بعض خدا رسیدہ بزرگوں نے فرمایا ہے کہ ہم نے جو کچھ پایا دعاؤں کی بدولت پایا اور اس کو ذہن نشین کر لیجئے کہ دعاؤں میں جو مرتبہ اور برکت اَدعیۂ ماثورہ کو حاصل ہے وہ محتاجِ بیان نہیں، کیونکہ جو دعائیں حق تعالیٰ شانہٗ نے بذریعہ وحیِ جلی خواہ قرآن مجید میں خواہ حدیثِ قدسی میں تعلیم فرمائی ہیں یا بالواسطہ وحیِ خفی اپنے مقبول پیغمبر حضور سرورِ کائنات جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زبانِ مبارک سے نکلوائیں یا بلاواسطہ سرکارِ دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے تربیت پائے ہوئے برگزیدہ جماعت حضرات صحابۂ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین سے ثابت ہوئیں وہ قبولیت میں ایسی ہیں جیسے خود حاکمِ اعلیٰ کی بتائی ہوئی درخواست کا مضمون حاکمِ اعلیٰ کے روبرو پیش کرنا جس کی منظوری میں تردّد ہی نہیں ہوتا ہے اس لیے حضرت علاّمہ علی بن سلطان محمد قاری رحمۃ اللہ علیہ کا مرتّب کیا ہوا اور سات

روزانہ منزلوں پر تقسیم کیا ہوا "حزب الاعظم" جو مجموعہ ہے ان تمام دعاؤں کا اور خزانہ ہے ان بے بہا جواہرات کا جو اکثر اولیائے کرام واتقیائے عظام میں مقبول رہا ہے۔ خلاصہ یہ ہے کہ یہ دعائیں افضل و اکمل اور احسن و اجمل ہیں۔ اب اس کی تلاوت کو روزانہ کا معمول بنانا اس کے ایسے ترجمے اور معانی پر صمیم قلب کے ساتھ غور کرنا کہ جس میں دلبستگی ہے اور پھر پوری پختگی کے ساتھ عمل کرنا ہر خواندہ مسلمان کے ذمّہ ہے اگر میری گزارشات پر ادنیٰ توجہ بھی دی گئی تو مجھے خدائے تعالیٰ کے فضل و کرم سے اُمید ہے کہ اس کا ہر عامل دارین میں فائز المرام ہوگا کیونکہ یہ مجموعہ شامل ہے تمام نجات دینے والی اشیاء کو اور محافظ ہے تمام ہلاک کرنے والی بلاؤں سے حضور سرورِ عالم محمد مصطفیٰ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کوئی خصلتِ حمیدہ اور عاداتِ پسندیدہ ایسی نہیں چھوڑی جس کو اللہ جل شانہٗ وعم نوالہٗ سے مانگا نہ ہو اور کوئی فعل قبیح اور عادت ردی ایسی نہیں جس سے آپ نے پناہ نہ چاہی ہو، مجمل ہو یا مفصّل غرض ہر تعلیم اس میں موجود ہے پس یہی طریقہ ہے کمالِ اتّباع نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کا اور خلاصہ ہے ان مقاماتِ عُلیا کا جو منسوب ہیں مقرّب حضرات صوفیہ صفیہ کی جانب اِنَّ اَکْرَمَکُمْ عِنْدَ اللّٰهِ اَتْقٰاکُمْ (اللہ تعالیٰ کے نزدیک بڑا معزّز وہی ہے جو سب سے زیادہ پرہیزگار ہے)

اللہ تعالیٰ کی رحمت و مغفرت کا امیدوار **ناصر خان**

فرید بک ڈپو ۴۲۲۔ مٹیا محل جامع مسجد دہلی ۶

ترجمہ

دیباچہ مُصنّف

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ دَعَانَا لِلْاِیْمَانِ وَھَدَانَا بِالْقُرْاٰنِ الْعَظِیْمِ الخ

اَمّا بعد!

بندہ علی بن سُلطان محمد قاری ستر اللہ عیوبہما عرض پرداز ہے کہ جب بعض سالکینِ طریقت کو میں نے دیکھا کہ وہ معتبر مشائخ کے اوراد اور علماءِ کرام کے وظائف بڑے شوق و ذوق کے ساتھ پڑھتے ہیں حتّٰی کہ بعض تو "دعاءِ سیفی" اور "اربعین اسمی" کا بھی ورد رکھتے ہیں، ادھر بعض عوام کو دیکھا کہ وہ دعاءِ قدح جیسی دعا پڑھا کرتے ہیں اور اس کی ایسی اسناد بیان کرتے ہیں جس کے موضوع اور مجروح ہونے میں ذرا بھی شُبہ نہیں ہے تو میرے دل میں یہ داعیہ پیدا ہوا کہ جو دُعائیں حدیث کی مشہور کتابوں میں مذکور ہیں وہ میں ایک جگہ جمع کر دوں جیسے "حصن حصین" مؤلفہ علامہ جزری اور "الاذکار" مؤلفہ امام نووی اور "الکلم الطیب" اور "الجامعین" اور "الدر" مؤلفہ امام سیوطی اور "القول البدیع" مؤلفہ سخاوی اور ان کی ترتیب یہ رکھوں کہ سب سے پہلے

قرآن کریم کی دُعائیں لکھوں اور سب سے آخر میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم پر درود شریف کے کلمات رکھوں اور اپنے حق میں بھی دعاءِ خیر کا اُمّیدوار ہوں کیوں کہ کارِ خیر کا محرّک بھی اس کے کرنے والے کی طرح ہوتا ہے اللہ تعالیٰ سے دعا کرتا ہوں کہ وہ میری اس سعی کو مقبول فرمائے اور میرا ارادہ نیک رکھے اور دعا وثنا کے اس مجموعہ کو لوگوں کی زبانوں پر ہمیشہ جاری رکھے اور باطل پرستوں اور بے دینوں کی تحریف سے اس کو دور رکھے اور اس کا نام "الحزب الاعظم والورد الافخم" میں نے اس لیے تجویز کیا ہے کیونکہ ان دُعاؤں کی نسبت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف ہے لہٰذا آپ ان کے الفاظ کا خوب خیال رکھیں، ان کے معانی پر پورا غور کریں اور ان کے مضامین پر عمل پیرا ہوں کیونکہ یہ مجموعہ ان تمام دُعاؤں پر مشتمل ہے جو آپ کو نجات دینے والی ہیں اور مہلکات سے بچانے والی ہیں کیونکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کوئی عُمدہ عادت اور اچھا طریقہ ایسا باقی نہیں چھوڑا جس کی دعا نہ فرمائی ہو، اور کوئی بُرا کام اور خراب خصلت ایسی باقی نہیں رکھی جس سے پناہ نہ مانگی ہو۔ اجمالی طور پر بھی اور تفصیلی طور پر بھی اور پھر اس کی تکمیل وتعلیم میں بھی کوئی دقیقہ فروگزاشت نہیں فرمایا۔ اللہ تعالیٰ آپ کے مراتب بلند سے بلند تر فرمائے۔ پس اس کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی پیروی کا صحیح طریقہ اور صوفیائے کرام کے مقامات کا خلاصہ سمجھنا چاہیے۔ لہٰذا اگر آپ اس مجموعہ کو روز پڑھ لیا کریں جب تو کیا ہی کہنا

ورنہ جمعہ کو سہی، نہیں تو مہینے میں ایک بار، اگر یہ نہ ہو سکے تو پھر سال میں ایک بار تو ہو، اور اگر یہ بھی ممکن نہ ہو تو عمر بھر میں اگر ایک بار میسّر آجائے تو یہ بھی غنیمت ہے اور اگر عرفات کے میدان میں آپ کو اس کے پڑھنے کا موقع مل جائے تو اس میں یہ کلمات اور اضافہ فرمائیں :۔ لَآ اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ ، لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِيْرٌ (سَو بار) سورۂ اخلاص (سَو بار) سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَآ اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ (سَو بار)۔

اس کے علاوہ دُعاؤں کے کلمات اور اپنی آہ وزاری کے درمیان تلبیہ کے الفاظ بھی پڑھتے رہیں تاکہ دُعائیں قبول ہوں۔

مُناجات

از مخدوم العالم حضرت مولانا حاجی امداد اللہ صاحب مہاجر مکی قدس سرہٗ

الٰہی صدقۂ پیرانِ عُظّام
دمِ آخر ہو میرا نیک انجام
طفیلِ آل و اصحابِ سرافراز
ہو تیرا فضل ہر دم میرا دمساز
وہ قوّت بخش دے اے ربِّ عالم
کہ اَپنے نفس پر قابو ہو ہر دم
بوقتِ نزع ہو کلمہ زباں پر
اُٹھوں نیکوں میں شامل روزِ محشر
غرض دونوں جہاں میں کر تو امداد
بحقِ ہر ہمہ عبّاد و زُہّاد

أَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ

پناہ مانگتا ہوں اللہ کی شیطان مردود سے

اَلْمَنْزِلُ الْاَوَّلُ فِيْ يَوْمِ السَّبْتِ

اوّل منزل ہفتہ کی (یعنی سنیچر کی)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بیحد مہربان نہایت رحم والا ہے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۙ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۙ مٰلِكِ

سب تعریفیں اللہ تعالیٰ کیلئے ہیں جو تمام جہانوں کا پالنے والا ہے۔ بے انتہا مہربان نہایت رحم والا

يَوْمِ الدِّيْنِ ؕ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ؕ اِهْدِنَا

قیامت کے دن کا حاکم ہے۔ ہم تیری ہی بندگی کرتے ہیں اور تجھ ہی سے مدد کے طلب گار ہیں (اے

الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۙ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۙ

پروردگار) ہم کو سیدھا راستہ بتادے۔ راستہ ان کا جن پر تو نے فضل فرمایا

غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۧ (اٰمِيْن)

جن پر نہ تیرا غصہ ہوا اور نہ وہ گمراہ ہوئے۔ آمین

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ اَنْ اَكُوْنَ مِنَ الْجٰهِلِيْنَ ۝

پناہ چاہتا ہوں میں اللہ کی اس بات سے کہ میں جاہلوں میں سے ہوؤں۔

رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا ؕ اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ○ وَتُبْ

اے ہمارے رب تو ہم سے ہمارے عملوں کو قبول فرمالے، بیشک تو سننے والا اور جاننے والا ہے، اور ہماری

عَلَيْنَا ۚ اِنَّكَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ○ رَبَّنَا اٰتِنَا فِي

توبہ قبول فرما، بے شبہ تو ہی توبہ قبول کرنیوالا اور رحم کرنیوالا ہے۔ اے ہمارے پروردگار

الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِي الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ

ہمیں دُنیا میں بھی نیکی عطا فرما اور آخرت میں بھی نیکی عطا فرما، اور ہمیں دوزخ کے عذاب

النَّارِ ○ رَبَّنَآ اَفْرِغْ عَلَيْنَا صَبْرًا وَّثَبِّتْ اَقْدَامَنَا وَ

سے بچا۔ ہمارے پروردگار ہمارے دلوں میں صبر ڈال دے اور ہمارے قدم جمائے رکھ اور

انْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ○ سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا ق

ان کافروں کے مقابلہ پر ہماری مدد فرما۔ ہم نے سُنا اور مانا، تیری ہی

غُفْرَانَكَ رَبَّنَا وَاِلَيْكَ الْمَصِيْرُ ○ رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَآ

بخشش مانگتے ہیں، پروردگار آخر تیری ہی طرف لوٹ کر جانا ہے۔ پروردگار ہماری پکڑ نہ فرما

اِنْ نَّسِيْنَآ اَوْ اَخْطَاْنَا ۚ رَبَّنَا وَلَا تَحْمِلْ عَلَيْنَآ اِصْرًا

اگر ہم بھولیں یا چوک جائیں۔ پروردگار اور ہم پر ایسے سخت احکام کا بار نہ ڈال

كَمَا حَمَلْتَهٗ عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِنَا ۚ رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلْنَا

جیسا ہم سے پہلے لوگوں پر ڈالا تھا، ہمارے پروردگار وہ بار ہم سے نہ اٹھوا جس کی ہم میں

مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهٖ ۚ وَاعْفُ عَنَّا ۗ وَاغْفِرْ لَنَا ۗ وَ

طاقت نہ ہو اور ہم سے درگزر فرما اور ہمیں بخش دے ، اور ہم پر

ارْحَمْنَا ۗ أَنْتَ مَوْلٰنَا فَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ۝

رحم فرما، توہی ہمارا مولیٰ ہے اور کافروں پر ہم کو غالب رکھ

رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوْبَنَا بَعْدَ إِذْ هَدَيْتَنَا وَهَبْ لَنَا مِنْ

ہمارے پروردگار ہمارے دلوں کو ہدایت پھر کہیں ڈانواڈول نہ کردینا اور ہم کو

لَّدُنْكَ رَحْمَةً ۚ إِنَّكَ أَنْتَ الْوَهَّابُ ۝ رَبَّنَا إِنَّكَ

اپنے پاس سے رحمت عطا فرما، بیشک توہی بڑا دینے والا ہے۔ ہمارے پروردگار بے شبہ

جَامِعُ النَّاسِ لِيَوْمٍ لَّا رَيْبَ فِيْهِ ۭ إِنَّ اللّٰهَ لَا

تو لوگوں کو ایک دن جس کے آنے میں کوئی شک وشبہ نہیں ضرور جمع کرے گا بے شبہ اللہ تعالیٰ

يُخْلِفُ الْمِيْعَادَ ۝ رَبَّنَآ إِنَّنَآ اٰمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا

وعدہ کے خلاف نہیں کرتا۔ ہمارے پروردگار ہم تجھ پر ایمان لاچکے ہیں ہمارے گناہ بخش دے

وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ ۝ قُلِ اللّٰهُمَّ مٰلِكَ الْمُلْكِ

اور ہمیں دوزخ کے عذاب سے بچالے۔ تو کہدے یا اللہ سلطنت کے مالک

تُؤْتِى الْمُلْكَ مَنْ تَشَآءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ

تو سلطنت دیدے جس کو چاہے اور سلطنت چھین لے جس سے

تَشَآءُ وَتُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ ۭ بِيَدِكَ

چاہے اور عزت دے دے جس کو چاہے اور ذلیل کر دے جس کو چاہے سب

الْخَيْرُ ۭ اِنَّكَ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ○ تُوْلِجُ الَّيْلَ

خوبی تیرے ہاتھ ہے، بے شک تو ہر چیز پر قادر ہے۔ تو داخل کرتا ہے

فِي النَّهَارِ وَتُوْلِجُ النَّهَارَ فِي الَّيْلِ ۡ وَتُخْرِجُ

رات کو دن میں اور داخل کرتا ہے دن کو رات میں (یعنی کبھی رات کو گھٹا کر دن کو بڑھا دیتا ہے

الْـحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَتُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْـحَيِّ ۡ وَ

اور کبھی اس کا عکس کرتا ہے) اور تو نکالتا ہے زندہ مُردہ سے اور مردہ زندہ سے (جیسے مرغی بیضہ سے اور بیضہ

تَرْزُقُ مَنْ تَشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ○ رَبِّ هَبْ لِيْ مِنْ

مرغی سے) اور جس کو چاہے بے حساب رزق دیتا ہے۔ اے میرے رب مجھ کو

لَّدُنْكَ ذُرِّيَّةً طَيِّبَةً ۚ اِنَّكَ سَمِيْعُ الدُّعَاۗءِ ○

اپنی بارگاہ سے پاکیزہ اولاد عنایت فرما، بے شک تو دعا کا سننے والا ہے

رَبَّنَآ اٰمَنَّا بِمَآ اَنْزَلْتَ وَاتَّبَعْنَا الرَّسُوْلَ فَاكْتُبْنَا مَعَ

اے ہمارے پروردگار ہم نے یقین کیا اس چیز کا جو تو نے اتاری اور ہم رسول کے تابع ہوئے سو ہمکو ماننے والوں

الشّٰهِدِيْنَ ○ رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَاِسْرَافَنَا

(کی جماعت) میں لکھ لے۔ اے ہمارے رب ہمارے گناہ بخش اور ہمارے کام میں ہم سے

فِیْٓ اَمْرِنَا وَثَبِّتْ اَقْدَامَنَا وَانْصُرْنَا عَلَی الْقَوْمِ

جو زیادتی ہوگئی ہے (اسے بھی بخشدے) اور ہمارے قدم جمائے رکھ اور کفار کے مقابلہ پر

الْکٰفِرِیْنَ ○ رَبَّنَا مَا خَلَقْتَ هٰذَا بَاطِلًا ج سُبْحٰنَكَ

ہماری مدد فرما۔ اے ہمارے رب تو نے یہ (کارخانہ) عبث نہیں بنایا تو (سب عیبوں سے)

فَقِنَا عَذَابَ النَّارِ ○ رَبَّنَآ اِنَّكَ مَنْ تُدْخِلِ النَّارَ

پاک ہے سو ہم کو دوزخ کے عذاب سے بچالے، اے ہمارے رب جسکو تو نے دوزخ میں ڈالا

فَقَدْ اَخْزَیْتَهٗ ط وَمَا لِلظّٰلِمِیْنَ مِنْ اَنْصَارٍ ○ رَبَّنَآ

سو اس کو رُسوا کر دیا، اور (وہاں) گنہگاروں کا کوئی مددگار نہیں، اے رب

اِنَّنَا سَمِعْنَا مُنَادِیًا یُّنَادِیْ لِلْاِیْمَانِ اَنْ اٰمِنُوْا

ہمارے ہم نے سُنا کہ ایک پکارنے والا ایمان (لانے) کیلئے پکارتا ہے کہ (لوگو) اپنے رب پر ایمان لاؤ

بِرَبِّكُمْ فَاٰمَنَّا ۖ رَبَّنَا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَكَفِّرْ عَنَّا

تو ہم ایمان لے آئے، اے ہمارے رب ہمارے گناہ بخشدے اور ہماری بُرائیاں ہم سے دُور فرمادے

سَیِّاٰتِنَا وَتَوَفَّنَا مَعَ الْاَبْرَارِ ج ○ رَبَّنَا وَاٰتِنَا مَا

(اور جب دُنیا سے اٹھانا ہو) تو نیک بندوں میں شامل فرما کر دُنیا سے اٹھالے، اے ہمارے رب تو نے ہم سے جو

وَعَدْتَّنَا عَلٰی رُسُلِكَ وَلَا تُخْزِنَا یَوْمَ الْقِیٰمَةِ ط اِنَّكَ

وعدے اپنے رسُولوں کی معرفت کئے ہیں وہ نصیب فرما، اور قیامت کے دن ہم کو رُسوا نہ کر، بے شک

لَا تُخْلِفُ الْمِيْعَادَ ○ رَبَّنَآ اَخْرِجْنَا مِنْ هٰذِهِ الْقَرْيَةِ

تو وعدہ کے خلاف نہیں کرتا۔ اے ہمارے رب اس بستی سے جس کے رہنے والے ہم پر

الظَّالِمِ اَهْلُهَا ۚ وَاجْعَلْ لَّنَا مِنْ لَّدُنْكَ وَلِيًّا ۚ وَّ

ظلم کرتے ہیں، ہم کو نجات دے اور اپنی طرف سے ہمارا کوئی حامی کھڑا کر دے اور

اجْعَلْ لَّنَا مِنْ لَّدُنْكَ نَصِيْرًا ○ رَبَّنَآ اَنْزِلْ عَلَيْنَا

اپنی (ہی) طرف سے کسی کو ہمارا مددگار بنادے۔ اے ہمارے پروردگار ہم پر آسمان

مَآئِدَةً مِّنَ السَّمَآءِ تَكُوْنُ لَنَا عِيْدًا لِّاَوَّلِنَا وَاٰخِرِنَا

سے ایک (بھرا ہوا) خوان اُتار کہ وہ (دن) عید ہو ہمارے پہلوں اور پچھلوں کے لئے

وَاٰيَةً مِّنْكَ ۚ وَارْزُقْنَا وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ○

اور تیری طرف سے نشانی (ہو) اور ہم کو روزی دے، اور تو (ہی) سب سے بہتر روزی دینے والا ہے۔

رَبَّنَآ اٰمَنَّا فَاكْتُبْنَا مَعَ الشّٰهِدِيْنَ ○ وَنَطْمَعُ اَنْ

اے ہمارے پروردگار ہم نے مانا تجھکو پس تو ہمکو تصدیق کرنیوالوں کیساتھ لکھدے۔ اور ہم اس کے

يُّدْخِلَنَا رَبُّنَا مَعَ الْقَوْمِ الصّٰلِحِيْنَ ○ رَبَّنَا لَا

امیدوار ہیں کہ ہمکو ہمارا پروردگار نیک لوگوں میں شامل فرمادے۔ اے ہمارے

تَجْعَلْنَا مَعَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ○ اَنْتَ وَلِيُّنَا فَاغْفِرْ

رب ہم کو ظالم لوگوں میں شامل نہ فرما۔ تو (ہی) ہمارا کارساز ہے

لَنَا وَارْحَمْنَا وَاَنْتَ خَيْرُ الْغٰفِرِيْنَ ○ وَاكْتُبْ لَنَا

پس ہم کو بخش دے اور ہم پر رحم فرما اور تو سب سے بہتر بخشنے والا ہے۔ اور ہمارے لئے

فِيْ هٰذِهِ الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِي الْاٰخِرَةِ اِنَّا هُدْنَا

اس دُنیا میں اور آخرت میں بھلائی لکھ دے تحقیق ہم نے رجوع کیا

اِلَيْكَ ط رَبَّنَا اِنَّكَ تَعْلَمُ مَا نُخْفِيْ وَمَا نُعْلِنُ ط وَمَا

تیری طرف۔ اے ہمارے پروردگار یقیناً تو جانتا ہے جو کچھ ہم چھپا کر (کرتے) ہیں اور جو

يَخْفٰى عَلَى اللّٰهِ مِنْ شَيْءٍ فِي الْاَرْضِ وَلَا فِي السَّمَآءِ ○

دکھا کر (کرتے) ہیں اور اللہ تعالیٰ پر کوئی چیز پوشیدہ نہیں ہے نہ زمین میں اور نہ آسمان میں،

رَبَّنَا ظَلَمْنَآ اَنْفُسَنَا سکتة وَاِنْ لَّمْ تَغْفِرْ لَنَا وَتَرْحَمْنَا

اے ہمارے پروردگار ہم نے اپنی جانوں پر ظلم کیا اور اگر تو ہم کو نہ بخشے اور ہم پر

لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ○ رَبَّنَا افْتَحْ بَيْنَنَا وَ

رحم نہ فرمائے تو ہم ضرور تباہ ہو جائینگے۔ اے ہمارے پروردگار تو ہم میں اور

بَيْنَ قَوْمِنَا بِالْحَقِّ وَاَنْتَ خَيْرُ الْفٰتِحِيْنَ ○ رَبَّنَآ

ہماری قوم میں انصاف کیساتھ فیصلہ فرمادے اور تو سب سے بہتر فیصلہ کرنیوالا ہے اے ہمارے رب

اَفْرِغْ عَلَيْنَا صَبْرًا وَّتَوَفَّنَا مُسْلِمِيْنَ ○ رَبِّ

ہم پر صبر کے دہانے کھولدے اور ہمکو مسلمان مار۔ اے رب

اغفر لی ولاخی وادخلنا فی رحمتک صلے وانت

معاف کر مجھ کو اور میرے بھائی کو اور ہم کو اپنی رحمت میں لے لے اور تو سب سے

ارحم الرحمین ○ علی اللہ توکلنا ج ربنا لا

زیادہ رحم کرنے والا ہے۔ ہم نے اللہ پر بھروسہ کیا اے رب ہمارے ہم پر اس ظالم قوم کا زور نہ

تجعلنا فتنۃ للقوم الظلمین ○ ونجنا برحمتک

آزما (یعنی ہمکو ان کے ظلم کا تختۂ مشق نہ بنا کہیں ہمارا دین خطرہ میں نہ پڑ جائے) اور مہربانی فرما کر

من القوم الکفرین ○ رب انی اعوذ بک

ان کافر لوگوں سے ہمکو چھڑا دے۔ اے رب میں تیری پناہ لیتا ہوں

ان اسئلک ما لیس لی بہ علم ط والا تغفر لی و

کہ میں تجھ سے پوچھوں تجھ سے ایسی بات جس کا مجھ کو علم نہ ہو اور اگر تو مجھ کو نہ

ترحمنی اکن من الخسرین ○ فاطر السموت

بخشے اور رحم نہ فرمائے تو میں نقصان والوں میں ہوں گا۔ اے پیدا کرنے والے آسمان

والارض قف انت ولی فی الدنیا والاخرۃ ج

اور زمین کے، تو ہی میرا کارساز ہے دنیا اور آخرت میں

توفنی مسلما والحقنی بالصلحین ○ ان

مجھ کو اسلام پر موت دے اور مجھ کو نیک بختوں میں ملا دے۔ بے شک

رَبِّيْ لَسَمِيْعُ الدُّعَآءِ ○ رَبِّ اجْعَلْنِيْ مُقِيْمَ الصَّلٰوةِ

میرا رب سنتا ہے دعا کو اے رب مجھ کو نماز کا قائم رکھنے والا بنا دے

وَمِنْ ذُرِّيَّتِيْ ۖ رَبَّنَا وَتَقَبَّلْ دُعَآءِ ○ رَبَّنَا

اور میری اولاد میں سے بھی ۔ اے رب میری دعا قبول فرما اے ہمارے رب

اغْفِرْ لِيْ وَلِوَالِدَيَّ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ يَوْمَ يَقُوْمُ

مجھکو بخش اور میرے ماں باپ کو بخش اور سب ایمان والوں کو اس دن جبکہ

الْحِسَابُ ○ رَبِّ ارْحَمْهُمَا كَمَا رَبَّيٰنِيْ صَغِيْرًا ○

حساب ہو۔ اے رب ان پر رحم فرما جیسا پالا انھوں نے مجھ کو چھوٹا (سا)

رَبِّ اَدْخِلْنِيْ مُدْخَلَ صِدْقٍ وَّاَخْرِجْنِيْ مُخْرَجَ

اے رب داخل کر مجھکو سچا داخل کرنا (یعنی مدینہ طیبہ میں آبرو اور خوش اسلوبی سے پہنچانا) اور نکال مجھ کو

صِدْقٍ وَّاجْعَلْ لِّيْ مِنْ لَّدُنْكَ سُلْطٰنًا نَّصِيْرًا ○

سچا نکالنا (یعنی مکہ مکرمہ سے آبرو سے نکلوں) اور اپنے پاس سے مجھکو حکومت کی مدد عنایت فرما (یعنی غلبہ و

رَبَّنَآ اٰتِنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً وَّهَيِّئْ لَنَا مِنْ

تسلط عنایت فرما جس کے ساتھ تیری مدد ہو) اے رب ہمکو اپنے پاس سے بخشش دے اور ہمارے کام کی

اَمْرِنَا رَشَدًا ○ رَبِّ اشْرَحْ لِيْ صَدْرِيْ ۙ وَيَسِّرْ لِيْٓ

درستی پوری کر دے۔ اے رب میرا سینہ کشادہ کر دے اور میرا کام آسان

أَمْرِي ۝ رَبِّ زِدْنِي عِلْمًا ۝ رَبِّ أَنِّي مَسَّنِيَ

فرمادے۔ اے رب میری سمجھ زیادہ کر۔ اے رب مجھ پر تکلیف

الضُّرُّ وَأَنْتَ أَرْحَمُ الرّٰحِمِينَ ۝ لَا إِلٰهَ إِلَّا

آپڑی ہے اور تو سب رحم کرنیوالوں سے بڑھکر رحم والا ہے۔ (اے اللہ) کوئی حاکم

أَنْتَ سُبْحٰنَكَ إِنِّي كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِينَ ۝ رَبِّ لَا

نہیں سوائے تیرے، تیری ذات پاک ہے میں ہی تھا گنہگاروں میں سے۔ اے میرے

تَذَرْنِي فَرْدًا وَّأَنْتَ خَيْرُ الْوٰرِثِينَ ۝ رَبِّ

رب نہ چھوڑ مجھ کو اکیلا اور تو ہے سب سے بہتر وارث۔ اے میرے رب

احْكُمْ بِالْحَقِّ وَرَبُّنَا الرَّحْمٰنُ الْمُسْتَعَانُ عَلٰى

فیصلہ فرما حق کے موافق، اور ہمارا رب بڑا مہربان ہے جس سے ان باتوں کے مقابلہ میں مدد چاہی

مَا تَصِفُونَ ۝ رَبِّ أَنْزِلْنِي مُنْزَلًا مُّبٰرَكًا وَّ

جاتی ہے جو تم بنایا کرتے ہو، اے میرے رب اتار مجھ کو برکت کا اتارنا اور تو ہی سب سے

أَنْتَ خَيْرُ الْمُنْزِلِينَ ۝ رَبِّ فَلَا تَجْعَلْنِي فِي

بہتر اتارنے والا ہے۔ اے میرے رب تو مجھ کو گنہگار لوگوں

الْقَوْمِ الظّٰلِمِينَ ۝ رَبِّ أَعُوذُ بِكَ مِنْ هَمَزٰتِ

میں شامل نہ کیجیو۔ اے میرے رب میں تیری پناہ چاہتا ہوں شیطان

الشَّيٰطِيْنِ ۙ وَاَعُوْذُ بِكَ رَبِّ اَنْ يَّحْضُرُوْنِ ○ رَبَّنَآ

کی چھیڑ سے ۔ اور میرے رب میں تیری پناہ چاہتا ہوں اس سے بھی کہ شیطان میرے پاس آویں اے ہمارے

اٰمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ ○

رب ہم ایمان لے آئے سو تو ہمکو بخشدے اور ہم پر رحم فرما اور تو سب رحم کرنیوالوں سے بڑھکر رحم کرنیوالا ہے۔

رَبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ ○ رَبَّنَا

اے میرے رب معاف فرما اور رحم کر اور تو سب رحم کرنے والوں سے بڑھکر ہے۔ اے ہمارے

اصْرِفْ عَنَّا عَذَابَ جَهَنَّمَ ۖ اِنَّ عَذَابَهَا كَانَ

رب ہٹادے ہم سے دوزخ کے عذاب کو، بے شک اس کا عذاب تو چمٹنے

غَرَامًا ۖ اِنَّهَا سَآءَتْ مُسْتَقَرًّا وَّمُقَامًا ○ رَبَّنَا

والا ہے۔ بلاشبہ وہ بُری جگہ ہے ٹھہرنے کی اور (بُری جگہ ہے) رہنے کی۔ اے ہمارے رب

هَبْ لَنَا مِنْ اَزْوَاجِنَا وَذُرِّيّٰتِنَا قُرَّةَ اَعْيُنٍ وَّ

عنایت فرما ہمکو ہماری بیویوں کی طرف سے اور اولاد کی طرف سے آنکھوں کی ٹھنڈک اور کر ہمکو پرہیزگاروں

اجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِيْنَ اِمَامًا ○ رَبِّ هَبْ لِيْ حُكْمًا

کا پیشوا (یہ اپنے خاندان کے متقی ہونیکی درخواست ہے) اے میرے رب مجھ کو حکم (یعنی مزید

وَّاَلْحِقْنِيْ بِالصّٰلِحِيْنَ ○ وَاجْعَلْ لِّيْ لِسَانَ

علم وحکمت) عطا فرما اور نیکوں میں شامل کر۔ اور میرا بول سچا رکھ پچھلوں (یعنی

صِدْقٍ فِي الْآخِرِينَ ۝ وَاجْعَلْنِي مِنْ وَّرَثَةِ

آئندہ آنے والی نسلوں میں) اور مجھکو جنت النعیم (باغ نعمت) کے وارثوں

جَنَّةِ النَّعِيمِ ۝ وَاغْفِرْ لِأَبِي إِنَّهُ كَانَ مِنَ

میں سے کردے۔ اور میرے باپ کو معاف کر بلاشبہ وہ راہ بھٹکے ہوئے لوگوں

الضَّآلِّينَ ۝ وَلَا تُخْزِنِي يَوْمَ يُبْعَثُونَ ۝ يَوْمَ

میں تھے۔ اور مجھکو اس روز کہ جب سب جی اٹھیں گے رسوا نہ فرمانا جس دن نہ کام

لَا يَنْفَعُ مَالٌ وَّلَا بَنُونَ ۝ إِلَّا مَنْ أَتَى اللّٰهَ بِقَلْبٍ

آئیگا مال اور نہ بیٹے۔ مگر ہاں جو کوئی لیکر آیا اللہ کے پاس پاک صاف دل (یعنی بس اسکی نجات ہے جس کا دل

سَلِيمٍ ۝ رَبِّ نَجِّنِي وَأَهْلِي مِمَّا يَعْمَلُونَ ۝ رَبِّ

کفر و شرک اور معاصی کے کھوٹ سے اغدار نہ ہو) اے میرے رب نجات دے مجھکو اور میرے گھر والوں کو ان کاموں سے جو یہ کرتے ہیں۔ اے میرے

إِنَّ قَوْمِي كَذَّبُونِ ۝ فَافْتَحْ بَيْنِي وَبَيْنَهُمْ فَتْحًا

رب میری قوم نے تو مجھے جھٹلایا۔ تو اب میرے اور ان کے مابین ایک فیصلہ فرمادے

وَّنَجِّنِي وَمَنْ مَّعِيَ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ ۝ رَبِّ أَوْزِعْنِي

اور نجات دے مجھکو اور ان ایمان والوں کو جو میرے ساتھ ہیں۔ اے میرے رب مجھے

أَنْ أَشْكُرَ نِعْمَتَكَ الَّتِي أَنْعَمْتَ عَلَيَّ وَعَلَى وَالِدَيَّ

توفیق دے کہ میں تیری اس نعمت کا شکر بجالاؤں جو تونے مجھے اور میرے باپ کو عطا کی ہے اور یہ

وَاَنْ اَعْمَلَ صَالِحًا تَرْضٰىهُ وَاَدْخِلْنِىْ بِرَحْمَتِكَ

کہ میں نیک عمل کروں جو تو پسند کرے اور شامل کرلے مجھ کو اپنی رحمت

فِىْ عِبَادِكَ الصّٰلِحِيْنَ ○ رَبِّ اِنِّىْ ظَلَمْتُ

سے اپنے نیک بندوں میں۔ اے میرے رب میں نے ظلم کیا

نَفْسِىْ فَاغْفِرْ لِىْ . رَبِّ نَجِّنِىْ مِنَ الْقَوْمِ

اپنی جان پر سو تو مجھ کو معاف فرمادے، اے میرے رب بچالے مجھکو اس بے

الظّٰلِمِيْنَ ○ رَبِّ اِنِّىْ لِمَآ اَنْزَلْتَ اِلَىَّ مِنْ خَيْرٍ

انصاف قوم سے۔ اے میرے رب جو خیر بھی میری طرف نازل فرمائے میں اس کا

فَقِيْرٌ ○ رَبِّ انْصُرْنِىْ عَلَى الْقَوْمِ الْمُفْسِدِيْنَ ○

محتاج ہوں۔ اے میرے رب ان شریر لوگوں کے خلاف میری مدد فرما۔

فَسُبْحٰنَ اللّٰهِ حِيْنَ تُمْسُوْنَ وَحِيْنَ تُصْبِحُوْنَ ○

سو پاک اللہ کی یاد کرو جب شام کرو اور جب صبح کرو

وَلَهُ الْحَمْدُ فِى السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَعَشِيًّا وَّ

اور اسی کے واسطے ہے سب تعریف آسمانوں اور زمین میں اور پچھلے وقت اور

حِيْنَ تُظْهِرُوْنَ ○ يُخْرِجُ الْحَىَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَ

جب دوپہر ہو۔ وہی نکالتا ہے زندہ کو مُردہ سے اور

يُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ وَيُحْيِ الْاَرْضَ بَعْدَ

وہی نکالتا ہے مردہ کو زندہ سے اور زندگی بخشتا ہے زمین کو اس پر مردنی

مَوْتِهَا ط وَكَذٰلِكَ تُخْرَجُوْنَ ○ رَبِّ هَبْ لِيْ

آجانے کے بعد، اور اسی طرح تم نکالے جاؤ گے۔ اے میرے رب بخش مجھ کو کوئی

مِنَ الصّٰلِحِيْنَ ○ قُلِ اللّٰهُمَّ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَ

نیک (بیٹا) اے اللہ پیدا کرنے والے آسمانوں اور

الْاَرْضِ عٰلِمَ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ اَنْتَ تَحْكُمُ

زمین کے جاننے والے چھپے اور کھلے کے تو ہی فیصلہ فرمائے

بَيْنَ عِبَادِكَ فِيْمَا كَانُوْا فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ○ رَبَّنَا

گا اپنے بندوں میں جس چیز میں وہ جھگڑتے تھے۔ اے ہمارے

وَسِعْتَ كُلَّ شَيْءٍ رَّحْمَةً وَّعِلْمًا فَاغْفِرْ لِلَّذِيْنَ

رب تیری رحمت اور علم میں ہر چیز کی سمائی ہے سو تو بخش دے ان لوگوں کو جو توبہ

تَابُوْا وَاتَّبَعُوْا سَبِيْلَكَ وَقِهِمْ عَذَابَ الْجَحِيْمِ ○

کریں اور تیری راہ پر چلیں اور ان کو دوزخ کے عذاب سے بچالے۔

رَبَّنَا وَاَدْخِلْهُمْ جَنّٰتِ عَدْنِ ِالَّتِيْ وَعَدْتَّهُمْ وَ

اے ہمارے رب اور ان کو داخل کر ہمیشہ رہنے کی بہشتوں میں جن کا تو نے ان سے وعدہ

مَنْ صَلَحَ مِنْ اٰبَآئِهِمْ وَاَزْوَاجِهِمْ وَذُرِّيّٰتِهِمْ ط

فرمایا ہے اور ان کے ماں باپ اور ان کی بیویوں اور ان کی اولاد میں سے جو کوئی

اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝ وَقِهِمُ السَّيِّاٰتِ ط وَ

نیک ہو اسکو بھی بیشک تو ہی ہے زبردست حکمت والا، اور بچا ان کو بُرائیوں سے اور

مَنْ تَقِ السَّيِّاٰتِ يَوْمَئِذٍ فَقَدْ رَحِمْتَهٗ ط وَذٰلِكَ

جس کو بچایا تو نے برائیوں سے اُس دن اس پر تو نے بلاشبہ مہربانی فرمائی

هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۝ رَبِّ اَوْزِعْنِيْٓ اَنْ اَشْكُرَ

اور یہی تو ہے بڑی کامیابی۔ اے میرے رب مجھے توفیق دے کہ میں شکر

نِعْمَتَكَ الَّتِيْٓ اَنْعَمْتَ عَلَيَّ وَعَلٰى وَالِدَيَّ وَاَنْ

کروں تیرے احسان کا جو تو نے مجھ پر کیا اور میرے ماں باپ پر اور یہ کہ میں وہ

اَعْمَلَ صَالِحًا تَرْضٰىهُ وَاَصْلِحْ لِيْ فِيْ ذُرِّيَّتِيْ ج

نیک کام کروں جس سے تو راضی ہو اور میرے لئے میری اولاد میں بھی اصلاح فرمادے

اِنِّيْ تُبْتُ اِلَيْكَ وَاِنِّيْ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ ۝ رَبَّنَا

بیشک میں نے توبہ کی تیری طرف اور بلاشبہ میں مسلمانوں میں سے ہوں۔ اے ہمارے

اغْفِرْ لَنَا وَلِاِخْوَانِنَا الَّذِيْنَ سَبَقُوْنَا بِالْاِيْمَانِ

رب بخشدے ہم کو اور ہمارے ان بھائیوں کو جو ہم سے پہلے ایمان لا چکے ہیں

وَلَا تَجْعَلْ فِیْ قُلُوْبِنَا غِلًّا لِّلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا رَبَّنَآ

اور نہ رکھ ہمارے دلوں میں بَیر ایمان والوں کے لئے، اے ہمارے رب

اِنَّكَ رَءُوْفٌ رَّحِیْمٌ ○ رَبَّنَا عَلَیْكَ تَوَكَّلْنَا

تو ہی ہے نرمی والا بڑا مہربان۔ اے ہمارے رب ہم نے تجھ پر بھروسہ کیا

وَاِلَیْكَ اَنَبْنَا وَاِلَیْكَ الْمَصِیْرُ ○ رَبَّنَا لَا

اور تیری طرف رجوع ہوئے اور تیری ہی طرف سب کو پھر کر آنا ہے۔ اے ہمارے رب

تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلَّذِیْنَ كَفَرُوْا وَاغْفِرْ لَنَا رَبَّنَا ج

مت جانچ ہم پر کافروں کو (یعنی ہمیں ان کا تختۂ مشق نہ بنا) اور اے ہمارے رب ہمیں

اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِیْزُ الْحَكِیْمُ ○ رَبَّنَآ اَتْمِمْ لَنَا

معاف فرمادے بلاشبہ تو ہی زبردست حکمت والا ہے۔ اے ہمارے رب پورا کردے

نُوْرَنَا وَاغْفِرْ لَنَا ج اِنَّكَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ○

ہمارے لئے ہمارے نور کو اور معاف کردے ہمکو بے شک تو سب کچھ کر سکتا ہے۔

رَبِّ اغْفِرْ لِیْ وَلِوَالِدَیَّ وَلِمَنْ دَخَلَ بَیْتِیَ

اے میرے پروردگار مجھ کو بخشدے اور میرے ماں باپ کو اور اس کو بھی جو ایمان

مُؤْمِنًا وَّلِلْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ ط

لاکر میرے گھر میں آئے اور سب باایمان مردوں اور عورتوں کو۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

شروع اللہ کے نام کے ساتھ جو نہایت رحم والا مہربان ہے۔

قُلۡ اَعُوۡذُ بِرَبِّ الۡفَلَقِ ۙ﴿۱﴾ مِنۡ شَرِّ مَا خَلَقَ ۙ﴿۲﴾ وَ مِنۡ

کہہ دو میں پناہ لیتا ہوں صبح کی سفیدی کے رب کی اسکی تمام مخلوقات کے شر سے اور

شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۙ﴿۳﴾ وَ مِنۡ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ

رات کے اندھیرے کے شر سے جب چھا جائے۔ اور گنڈوں پر پھونکنے والیوں

فِی الۡعُقَدِ ۙ﴿۴﴾ وَ مِنۡ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ﴿۵﴾

کے شر سے۔ اور حاسد کے شر سے جب وہ حسد کرے۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

شروع اللہ کے نام کے ساتھ جو نہایت رحم والا مہربان ہے۔

قُلۡ اَعُوۡذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۙ﴿۱﴾ مَلِکِ النَّاسِ ۙ﴿۲﴾ اِلٰہِ

کہہ دو میں پناہ لیتا ہوں تمام انسانوں کے رب کی تمام انسانوں کے بادشاہ کی تمام

النَّاسِ ۙ﴿۳﴾ مِنۡ شَرِّ الۡوَسۡوَاسِ ۬ۙ الۡخَنَّاسِ ۪ۙ﴿۴﴾ الَّذِیۡ

انسانوں کے معبود کی اس شیطان کے شر سے جو لوگوں کے دلوں میں وسوسہ ڈالے اور چھپ

یُوَسۡوِسُ فِیۡ صُدُوۡرِ النَّاسِ ۙ﴿۵﴾ مِنَ الۡجِنَّۃِ وَ النَّاسِ ﴿۶﴾

جائے خواہ جنوں میں سے ہو یا آدمیوں میں سے۔

سُبْحٰنَكَ اللّٰهُمَّ وَ تَحِيَّتُهُمْ فِيْهَا سَلٰمٌ ۚ وَ اٰخِرُ

اے اللہ تو پاک ہے (اور بے عیب ہے) اور اہل جنت کا جنت میں ملاقات کے وقت سلام یہ ہوگا، تم پر

دَعْوٰىهُمْ اَنِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝

سلامتی ہو اور انکی آخری پکار یہ ہوگی کہ سب تعریفیں اللہ کیلئے ہیں جو تمام جہانوں کا پالنے والا ہے۔

قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى: وَ لِلّٰهِ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى فَادْعُوْهُ بِهَا. وَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ لِلّٰهِ تَعَالٰى تِسْعَةً وَّتِسْعِيْنَ اِسْمًا مَّنْ اَحْصٰهَا دَخَلَ الْجَنَّةَ وَفِىْ رِوَايَةٍ مَّنْ حَفِظَهَا ۞

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے۔ اللہ تعالیٰ کے اچھے (اچھے) نام ہیں سو تم اسکو ان (ہی ناموں) سے پکارو اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، اللہ تعالیٰ کے لئے ننانوے نام ہیں جو ان کو یاد کرلے وہ جنت میں جائے گا اور ایک روایت میں (مَنْ اَحصَاهَا) کی بجائے مَنْ حَفِظَهَا کا لفظ ہے۔

هُوَ اللّٰهُ الَّذِىْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ

وہی اللہ ہے جسکے سوا کوئی معبود نہیں

اَلْقُدُّوْسُ	اَلْمَلِكُ	اَلرَّحِيْمُ	اَلرَّحْمٰنُ
پاک	بادشاہ	بہت مہربان	نہایت رحم والا

اَلْعَزِيْزُ	اَلْمُهَيْمِنُ	اَلْمُؤْمِنُ	اَلسَّلٰمُ
غالب	محافظ	امن دینے والا	سلامتی دینے والا

اَلْجَبَّارُ	اَلْمُتَكَبِّرُ	اَلْخَالِقُ	اَلْبَارِئُ
زبردست	بڑائی والا	پیدا کرنے والا	بنانے والا
اَلْمُصَوِّرُ	اَلْغَفَّارُ	اَلْقَهَّارُ	اَلْوَهَّابُ
صورت بنانے والا	بہت بخشنے والا	زور والا	بڑا دینے والا
اَلرَّزَّاقُ	اَلْفَتَّاحُ	اَلْعَلِيمُ	اَلْقَابِضُ
روزی دینے والا	فیصلہ کرنے والا	جاننے والا	بند کرنے والا
اَلْبَاسِطُ	اَلْخَافِضُ	اَلرَّافِعُ	اَلْمُعِزُّ
کھولنے والا	پست کرنے والا	اُونچا کرنے والا	عزت دینے والا
اَلْمُذِلُّ	اَلسَّمِيعُ	اَلْبَصِيرُ	اَلْحَكَمُ
ذلت دینے والا	سُننے والا	دیکھنے والا	فیصلہ کرنے والا
اَلْعَدْلُ	اَللَّطِيفُ	اَلْخَبِيرُ	اَلْحَلِيمُ
منصف	باریک داں	خبردار	بُردبار
اَلْعَظِيمُ	اَلْغَفُورُ	اَلشَّكُورُ	اَلْعَلِيُّ
بزرگ	پردہ پوش	قدرداں	بلند
اَلْكَبِيرُ	اَلْحَفِيظُ	اَلْمُقِيتُ	اَلْحَسِيبُ
بڑا	نگہبان	حصہ بانٹ کردینے والا	کافی

الْجَلِيْلُ	الْكَرِيْمُ	الرَّقِيْبُ	الْمُجِيْبُ
عظیم الشان	کرم کرنے والا	نگہبان	قبول کرنے والا
الْوَاسِعُ	الْحَكِيْمُ	الْوَدُوْدُ	الْمَجِيْدُ
کشادہ رحمت	حکمت والا	دوستدار	بزرگ
الْبَاعِثُ	الشَّهِيْدُ	الْحَقُّ	الْوَكِيْلُ
اٹھانے والا	گواہ	سچا	ضامن
الْقَوِيُّ	الْمَتِيْنُ	الْوَلِيُّ	الْحَمِيْدُ
زبردست	مضبوط	دوست	ستودہ
الْمُحْصِي	الْمُبْدِئُ	الْمُعِيْدُ	الْمُحْيِي
گھیرنے والا	نیا پیدا کرنیوالا	لوٹانے والا	زندہ کرنے والا
الْمُمِيْتُ	الْحَيُّ	الْقَيُّوْمُ	الْوَاجِدُ
مارنے والا	زندہ	تھامنے والا	ہر کمال بالفعل رکھنے والا
الْمَاجِدُ	الْوَاحِدُ	الْاَحَدُ	الصَّمَدُ
بزرگی والا	اکیلا	تنہا	بے نیاز
الْقَادِرُ	الْمُقْتَدِرُ	الْمُقَدِّمُ	الْمُؤَخِّرُ
قدرت والا	بڑی قدرت والا	آگے بڑھانے والا	پیچھے ہٹانے والا

اَلْاَوَّلُ	اَلْاٰخِرُ	اَلظَّاهِرُ	اَلْبَاطِنُ
اوّل	آخر	کھلا ہوا	پوشیدہ
اَلْوَالِی	اَلْمُتَعَالِی	اَلْبَرُّ	اَلتَّوَّابُ
ہر چیز کا ذمہ دار	مخلوق کی صفات سے برتر	نیک سلوک کرنیوالا	توبہ قبول کرنیوالا
اَلْمُنْعِمُ	اَلْمُنْتَقِمُ	اَلْعَفُوُّ	اَلرَّءُوْفُ
نعمت دینے والا	بدلہ لینے والا	معاف کرنیوالا	نرمی کرنے والا
مَالِکُ الْمُلْکِ		ذُوالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ	
مالک	ملک کا	صاحب بزرگی اور بخشش کا	
اَلرَّبُّ	اَلْمُقْسِطُ	اَلْجَامِعُ	اَلْغَنِیُّ
پالنے والا	انصاف کرنیوالا	جمع کرنے والا	بے پروا
اَلْمُغْنِی	اَلْمُعْطِی	اَلْمَانِعُ	اَلضَّآرُّ
آسودہ کرنیوالا	عطا کرنے والا	روکنے والا	نقصان پہنچا سکنے والا
اَلنَّافِعُ	اَلنُّوْرُ	اَلْهَادِی	اَلْبَدِیْعُ
نفع دینے والا	روشنی والا	راہ دکھانے والا	نئی ایجاد کرنے والا
اَلْبَاقِی	اَلْوَارِثُ	اَلرَّشِیْدُ	اَلصَّبُوْرُ
ہمیشہ رہنے والا	وارث	نیک راہ بتانیوالا	صبر والا

وَاسْمُ اللّٰهِ الْاَعْظَمُ

الَّذِیْ اِذَا دُعِیَ بِهٖ اَجَابَ وَاِذَا سُئِلَ بِهٖ اَعْطٰی

اللہ تعالیٰ کا وہ اسم اعظم کہ جب اس کے ذریعہ سے دعا کی جائے تو وہ قبول فرمائے۔
اور جب اس کے وسیلہ سے اس سے مانگا جائے تو وہ ضرور عطا فرمائے، یہ ہے

لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ○

(اے اللہ) سوا تیرے معبود کوئی نہیں بیشک میں (اپنے نفس پر) ظلم کرنیوالوں میں سے ہوں

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ بِاَنِّیْٓ اَشْهَدُ اَنَّكَ اَنْتَ اللّٰهُ لَآ

اے اللہ میں ان کلمات کے وسیلے سے تجھ سے سوال کرتا ہوں کہ میں گواہی دیتا ہوں اس بات کی کہ

اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ الْاَحَدُ الصَّمَدُ الَّذِیْ لَمْ یَلِدْ ۵

بیشک اللہ تو ہی ہے سوا تیرے معبود کوئی نہیں تو اکیلا ہے، بے نیاز ہے، نہ اس نے کسی کو جنا

وَلَمْ یُوْلَدْ ○ وَلَمْ یَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ○ اَللّٰهُمَّ

نہ کسی سے جنا گیا، اور نہ کوئی اس کا ہمسر ہے۔ اے اللہ

اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ بِاَنَّ لَكَ الْحَمْدُ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ

میں تجھ سے ان کلمات کے وسیلہ سے سوال کرتا ہوں کہ تمام تعریفیں صرف تیرے لئے ہی ہیں معبود سوا

وَحْدَكَ لَا شَرِیْكَ لَكَ الْحَنَّانُ الْمَنَّانُ بَدِیْعُ

تیرے کوئی نہیں بس تو ہے تیرا کوئی شریک نہیں تو بڑا مہربان ہے بڑا دینے والا ہے آسمانوں اور زمین کا

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ

کسی نمونہ کے بغیر بنانے والا تو ہے، اے بزرگی اور بخشش والے، اے سدا زندہ رہنے والے اور سب

یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ ○ سُبْحَانَ

کی ہستی قائم رکھنے والے اے رحم کرنیوالوں میں سب سے بڑھکر رحم کرنیوالے۔ میرا رب سب عیبوں

رَبِّیَ الْعَلِیِّ الْاَعْلَی الْوَهَّابِ اَعُوْذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰهِ

سے پاک ہے بلند ہے سب سے برتر سب سے زیادہ دینے والا ہے۔ میں پناہ لیتا ہوں اللہ تعالیٰ کے ان کلمات کی

التَّآمَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِیْ لَا

جو پورے ہیں (ان میں کوئی نقصان نہیں) اسکی تمام پیدا کردہ مخلوق کے شر سے اللہ کے نام کی برکت سے جس کے

یَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَ

نام سے نہ زمین پر کوئی چیز نقصان پہنچائے نہ آسمان میں، اور وہ خوب سُننے والا اور

هُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ○ اَصْبَحْنَا وَاَصْبَحَ الْمُلْكُ لِلّٰهِ

اچھی طرح جاننے والا ہے۔ ہم (بھی) اور ساری بادشاہت (بھی) اللہ کی ملکیت ہیں

وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِیْكَ لَهٗ

اور سب تعریفیں اللہ تعالیٰ کیلئے ہیں، اور اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود نہیں بس وہی ہے اور اس کا شریک

لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ○

کوئی نہیں ساری بادشاہت اسی کی ہے اور سب تعریفیں اسی کیلئے ہیں اور وہ ہر چیز پر قادر ہے۔

رَبِّ اَسْاَلُكَ خَيْرَ مَا فِي هٰذَا الْيَوْمِ وَخَيْرَ مَا بَعْدَهٗ وَ

اے میرے رب میں تجھ سے جو بھلائی اس دن میں ہے اور جو اس کے بعد ہے وہ مانگتا ہوں اور جو

اَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا فِي هٰذَا الْيَوْمِ وَشَرِّ مَا بَعْدَهٗ

برائی اس دن میں ہے اور اس کے بعد ہے اس سے تیری پناہ لیتا ہوں

رَبِّ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْكَسَلِ وَسُوْٓءِ الْكِبَرِ رَبِّ اَعُوْذُ

اے میرے رب میں تیری پناہ لیتا ہوں کاہلی اور سخت بڑھاپے سے اے میرے پروردگار

بِكَ مِنْ عَذَابٍ فِي النَّارِ وَعَذَابٍ فِي الْقَبْرِ،

میں تیری پناہ لیتا ہوں دوزخ کے عذاب سے اور قبر کے عذاب سے

اَللّٰهُمَّ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ عَالِمَ الْغَيْبِ وَ

اے اللہ آسمانوں اور زمین کے پیدا کرنے والے، چھپے اور کھلے کے جاننے والے

الشَّهَادَةِ رَبَّ كُلِّ شَيْءٍ وَّمَلِيْكَهٗ اَشْهَدُ اَنْ لَّآ

ہر چیز کے رب اور اس کے مالک میں گواہی دیتا ہوں کہ معبود سوائے

اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ وَحْدَكَ لَا شَرِيْكَ لَكَ اَعُوْذُ بِكَ

تیرے کوئی نہیں، بس تو ہے تیرا شریک کوئی نہیں۔ میں تیری پناہ لیتا ہوں اپنے

مِنْ شَرِّ نَفْسِيْ وَمِنْ شَرِّ الشَّيْطَانِ وَشِرْكِهٖ وَ

نفس کے مکر اور شیطان کے فریب سے اور اس کے شرک سے اور

أَنْ أَقْتَرِفَ عَلٰى نَفْسِىْ سُوْءًا أَوْ أَجُرَّهٗ إِلٰى مُسْلِمٍ

اس بات سے کہ میں خود کوئی برائی کروں یا کسی دوسرے مسلمان کو اسمیں مبتلا کروں

اَللّٰهُمَّ إِنِّىْ أَصْبَحْتُ أُشْهِدُكَ وَأُشْهِدُ حَمَلَةَ

اے اللہ میں نے صبح کی اس یقین پر کہ میں گواہ کرتا ہوں تجھ کو اور تیرے عرش کے

عَرْشِكَ وَمَلٰٓئِكَتَكَ وَجَمِيْعَ خَلْقِكَ بِأَنَّكَ لَآ إِلٰهَ

اٹھانے والے فرشتوں کو اور بقیہ سب فرشتوں اور ساری خدائی کو اس بات پر کہ سوائے

إِلَّآ أَنْتَ وَأَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُكَ وَرَسُوْلُكَ، اَللّٰهُمَّ

تیرے معبود کوئی نہیں اور اس پر کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم تیرے بندے اور رسول ہیں، اے اللہ

إِنِّىْ أَسْئَلُكَ الْعَافِيَةَ فِى الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ. اَللّٰهُمَّ

میں تجھ سے دنیا اور آخرت میں عافیت مانگتا ہوں۔ اے اللہ

إِنِّىْ أَسْئَلُكَ الْعَفْوَ وَالْعَافِيَةَ فِىْ دِيْنِىْ وَدُنْيَاىَ

میں اپنے دین، اپنی دنیا اور اپنے اہل اور اپنے مال میں معافی اور آرام

وَأَهْلِىْ وَمَالِىْ. اَللّٰهُمَّ اسْتُرْ عَوْرَاتِىْ وَاٰمِنْ

وراحت کا طالب ہوں۔ اے اللہ میرے عیوب کی پردہ پوشی فرما اور مجھکو خوف

رَوْعَاتِىْ. اَللّٰهُمَّ احْفَظْنِىْ مِنْ بَيْنِ يَدَيَّ وَمِنْ

کی چیزوں سے امن نصیب فرما، اے اللہ میری حفاظت فرما، میرے گرد و پیش سے، میرے

خَلْفِيْ وَعَنْ يَّمِيْنِيْ وَعَنْ شِمَالِيْ وَمِنْ فَوْقِيْ

دائیں بائیں سے اور میرے اُوپر سے (کہ کوئی آفت آسمان سے بھی نہ آئے) اور میں

وَاَعُوْذُبِكَ اَنْ اُغْتَالَ مِنْ تَحْتِيْ رَضِيْنَا بِاللّٰهِ

تیری پناہ لیتا ہوں اس سے بھی کہ اپنے پیر تلے زمین کے کسی عذاب سے ہلاک کر دیا جاؤں (یعنی

رَبًّا وَّبِالْاِسْلَامِ دِيْنًا وَّبِمُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

زمین کے اندر دھنس جانے سے) ہم راضی ہو گئے اللہ کو رب اور اسلام کو اپنا دین اور محمد صلی اللہ

وَسَلَّمَ رَسُوْلًا وَّنَبِيًّا. اَللّٰهُمَّ مَآ اَصْبَحَ بِيْ مِنْ

علیہ وسلم کو رسول اور نبی مان کر۔ اے اللہ صبح کے وقت جو نعمت بھی مجھ کو اور تیری مخلوق میں

نِّعْمَةٍ اَوْ بِاَحَدٍ مِّنْ خَلْقِكَ فَمِنْكَ وَحْدَكَ لَا

سے کسی کو ملی ہے وہ سب تیری طرف سے ملی ہے۔ تیرا کوئی شریک نہیں اس لئے سب

شَرِيْكَ لَكَ فَلَكَ الْحَمْدُ وَلَكَ الشُّكْرُ. اَللّٰهُمَّ

تعریفیں تیرے لئے ہیں اور سب شکر تیرے واسطے ہے۔ اے اللہ مجھے عافیت عطا فرما

عَافِنِيْ فِيْ بَدَنِيْ اَللّٰهُمَّ عَافِنِيْ فِيْ سَمْعِيْ اَللّٰهُمَّ

میرے بدن میں، اے اللہ مجھے عافیت دے میری سماعت میں، اے اللہ مجھے عافیت

عَافِنِيْ فِيْ بَصَرِيْ، لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ (ثَلٰثَ مَرَّاتٍ)

بخش میری نظر میں، تیرے سوا کوئی معبود نہیں ہے۔ (یہ دُعا تین بار کرے)

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْكُفْرِ وَالْفَقْرِ. اَللّٰهُمَّ

اے اللہ میں تیری پناہ لیتا ہوں کفر سے اور محتاجی سے، اے اللہ

اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا

میں تیری پناہ لیتا ہوں عذاب قبر سے، معبود تیرے سوائے کوئی

اَنْتَ (ثلث مرّاتٍ) سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ لَا حَوْلَ

نہیں (یہ دعا تین مرتبہ کرے) اللہ تعالیٰ پاک ہے اور اپنی سب تعریفوں کے ساتھ سوائے

وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ مَاشَآءَ اللّٰهُ كَانَ وَمَالَمْ

اللہ تعالیٰ کی مدد کے نہ (نیکی کرنے کی) قوت ہے نہ (برائی سے بچنے کی) طاقت ہے جو اللہ تعالیٰ نے چاہا وہ

يَشَأْ لَمْ يَكُنْ اَعْلَمُ اَنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِيْرٌ وَّ

ہوگیا اور جو نہ چاہا وہ نہ ہوا، میں خوب جانتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ ہر چیز پر قدرت والا ہے اور

اَنَّ اللّٰهَ قَدْ اَحَاطَ بِكُلِّ شَیْءٍ عِلْمًا ○ يَا حَیُّ

بیشک اللہ تعالیٰ نے بلحاظ علم ہر چیز کو گھیر رکھا ہے۔ اے سدا زندہ رہنے

يَا قَيُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِيْثُ اَصْلِحْ لِیْ شَاْنِیْ

والے، اے (سب کی ہستی) قائم رکھنے والے تیری رحمت کی دہائی ہے میرے سارے معاملات

كُلَّهٗ وَلَا تَكِلْنِیْ اِلٰى نَفْسِیْ طَرْفَةَ عَيْنٍ.

درست فرما دے اور پل جھپکنے کی مدت میں بھی مجھ کو میری جان کے سپرد نہ کر۔

سید الاستغفار

استغفار کے کلمات میں سب سے جامع دعا یہ ہے

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ رَبِّیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ خَلَقْتَنِیْ وَاَنَا

اے اللہ تو میرا رب ہے، تیرے سوا معبود کوئی نہیں مجھ کو تو نے پیدا کیا ہے اور میں بندہ تیرا ہوں

عَبْدُكَ وَاَنَا عَلٰی عَهْدِكَ وَوَعْدِكَ مَا اسْتَطَعْتُ

اور جہانتک مجھ سے بن پڑتا ہے تیرے ساتھ عہد (یوم میثاق والے) اور اپنے عہد پر قائم ہوں، جو برائیاں

اَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ مَا صَنَعْتُ اَبُوْٓءُ لَكَ بِنِعْمَتِكَ

میں نے کیں انکے برے نتائج سے تیری پناہ کا طالب ہوں، جو جو نعمتیں تو نے مجھ پر فرمائیں، ان سب کا اقرار کرتا

عَلَیَّ وَاَبُوْٓءُ بِذَنْبِیْ فَاغْفِرْ لِیْ فَاِنَّهٗ لَا یَغْفِرُ

ہوں، اور اپنے سب گناہوں کو بھی تسلیم کرتا ہوں، پس اب تو مجھے بخش دے، کیونکہ تیرے سوا گناہوں کو کوئی نہیں

الذُّنُوْبَ اِلَّآ اَنْتَ، اَللّٰهُمَّ اَنْتَ اَحَقُّ مَنْ ذُكِرَ

بخشتا۔ اے اللہ جنکی یاد کیجاتی ہے تو ان میں سب سے زیادہ یاد کا مستحق ہے اور جنکی عبادت کی جاتی ہے تو اُن میں سب سے

وَاَحَقُّ مَنْ عُبِدَ وَاَنْصَرُ مَنِ ابْتُغِیَ وَاَرْاَفُ مَنْ

زیادہ عبادت کا حقدار ہے اور جن سے مدد مانگی جاتی ہے تو ان سب میں بڑھکر مدد کرنیوالا ہے اور جو مالک کہلاتے ہیں تو ان

مَّلَكَ وَاَجْوَدُ مَنْ سُئِلَ وَاَوْسَعُ مَنْ اَعْطٰی،

سب سے بڑھکر نرمی کرنیوالا ہے اور جن سے مانگا جاتا ہے تو ان سب میں زیادہ سخی ہے اور جو دیتے ہیں تو ان سب سے زیادہ فراغت والا ہے۔

اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْمَلِكُ لَا شَرِيْكَ لَكَ وَالْفَرْدُ لَا نِدَّ

اے اللہ تو ہی بادشاہ ہے تیرا شریک کوئی نہیں تو یکتا ہے تیرا مثل کوئی نہیں تیری ذات کے سوا جو چیز بھی

لَكَ كُلُّ شَيْءٍ هَالِكٌ اِلَّا وَجْهَكَ لَنْ تُطَاعَ اِلَّا

ہے سب نیست و نابود ہو جانیوالی ہے تیرے حکم کے بغیر تیری فرمانبرداری نہیں کی جاسکتی اور نہ تیرے علم کے بغیر تیری

بِاِذْنِكَ وَلَنْ تُعْصٰى اِلَّا بِعِلْمِكَ تُطَاعُ فَتَشْكُرُ

نافرمانی ہو سکتی ہے۔ تیری اطاعت کیجائے تو تو خوش ہوتا ہے اور تیری نافرمانی کیجائے تو تو بخشدیتا ہے۔ ہر حاضر سے

وَتُعْصٰى فَتَغْفِرُ اَقْرَبُ شَهِيْدٍ وَّاَدْنٰى حَفِيْظٍ حُلْتَ

نزدیک تر ہے اور ہر نگہبان سے زیادہ قریب ہے، حائل ہوا اور (آڑے آیا) تو جانوں اور انکی خواہشات کے درمیان پکڑ

دُوْنَ النُّفُوْسِ وَاَخَذْتَ بِالنَّوَاصِيْ وَكَتَبْتَ

رکھے ہیں تو نے پیشانیوں کے بال، اور لکھدیا ہے تو نے لوگوں کے عملوں کو (لوح محفوظ میں) اور لکھدی ہیں سب

الْاٰثَارَ وَنَسَخْتَ الْاٰجَالَ الْقُلُوْبُ لَكَ مُفْضِيَةٌ

کی عمریں (مخلوق) کے دل تیرے لئے کشادہ ہیں اور بھید تیرے سامنے کھلے

وَالسِّرُّ عِنْدَكَ عَلَانِيَةٌ اَلْحَلَالُ مَا اَحْلَلْتَ وَ

ہوئے ہیں، حلال وہ چیز ہے جو تو نے حلال فرمائی اور حرام وہ چیز ہے

الْحَرَامُ مَا حَرَّمْتَ وَالدِّيْنُ مَا شَرَعْتَ وَالْاَمْرُ

جو تو نے حرام فرمائی، اور دین وہ ہے جو تو نے جاری کیا اور حکم وہ ہے جو تو نے مقدر فرمادیا

مَا قَضَيْتَ وَالْخَلْقُ خَلْقُكَ وَالْعَبْدُ عَبْدُكَ وَ

سب مخلوق تیری پیدا فرمودہ ہے اور سب بندے تیرے ہی بندے ہیں

اَنْتَ اللّٰهُ الرَّءُوْفُ الرَّحِيْمُ اَسْئَلُكَ بِنُوْرِ وَجْهِكَ

اور تو ہے اللہ بڑا مہربان بڑی رحمت والا ہے۔ میں تیرے روئے انور کے وسیلہ سے مانگتا ہوں

الَّذِيْ اَشْرَقَتْ لَهُ السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْضُ وَبِكُلِّ حَقٍّ

جس سے سب آسمان وزمین چمک اٹھے اور تیرے اس حق کے وسیلہ سے مانگتا ہوں جو تیرا ساری

هُوَلَكَ وَبِحَقِّ السَّآئِلِيْنَ عَلَيْكَ اَنْ تُقِيْلَنِيْ فِيْ

مخلوق پر ہے (یعنی عبادت) اور اس حق کے وسیلہ سے جو سوال کرنیوالوں کے واسطے تو نے اپنے اوپر

هٰذِهِ الْغَدَاةِ اَوْ فِيْ هٰذِهِ الْعَشِيَّةِ وَاَنْ تُجِيْرَنِيْ

لازم فرمالیا ہے کہ تو مجھ کو معاف فرمادے اس صبح میں (یہ لفظ صبح کے وظیفہ میں کہے) یا اس شام میں

مِنَ النَّارِ بِقُدْرَتِكَ. اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُ بِكَ

(یہ لفظ شام کے وظیفہ میں کہے) اور یہ کہ تو اپنی قدرت سے مجھ کو آگ سے پناہ دے۔ اے اللہ میں

مِنَ الْهَمِّ وَالْحُزْنِ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْعَجْزِ وَ

تیری پناہ لیتا ہوں فکر سے، غم سے اور تیری پناہ لیتا ہوں عاجز ہونے سے اور

الْكَسَلِ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْجُبْنِ وَالْبُخْلِ وَ

کاہلی سے اور تیری پناہ لیتا ہوں بزدلی سے اور بخل سے اور

اَعُوْذُبِكَ مِنْ غَلَبَةِ الدَّيْنِ وَقَهْرِ الرِّجَالِ.

تیری پناہ لیتا ہوں قرض کے دباؤ سے اور لوگوں کے جور و ستم سے

لَبَّيْكَ اَللّٰهُمَّ لَبَّيْكَ لَبَّيْكَ وَسَعْدَيْكَ وَالْخَيْرُ

اے اللہ میں حاضر ہوں اور پھر حاضر ہوں اور مستعد ہوں تیری حکم برداری کیلئے اور بھلائی جو بھی ہے وہ سب

فِيْ يَدَيْكَ وَمِنْكَ وَاِلَيْكَ. اَللّٰهُمَّ مَا قُلْتُ مِنْ

تیرے ہی دستِ قدرت میں ہے اور تیری ہی جانب سے ہے اور تیری ہی طرف ہے۔ اے اللہ جو کوئی بات میں

قَوْلٍ اَوْ حَلَفْتُ مِنْ حَلْفٍ اَوْ نَذَرْتُ مِنْ نَّذْرٍ

نے منہ سے نکالی یا کوئی قسم کھالی یا کوئی منت مانی تو ان سب پر تیرا

فَمَشِيَّتُكَ بَيْنَ يَدَيْ ذٰلِكَ كُلِّهٖ مَا شِئْتَ كَانَ

ارادہ مقدم ہے جو تو نے چاہا وہ ہوگیا اور جو نہ چاہا وہ نہ ہوگا (ہم میں

وَمَا لَمْ تَشَاْ لَا يَكُوْنُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِكَ

گناہوں سے بچنے کی) نہ طاقت ہے اور نہ (عبادت کی) قوت مگر تیری ہی

اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ○ اَللّٰهُمَّ مَا صَلَّيْتُ

توفیق سے بیشک تو ہر چیز پر قادر ہے۔ یا اللہ جو دعا میں نے کی

مِنْ صَلٰوةٍ فَعَلٰى مَنْ صَلَّيْتَ وَمَا لَعَنْتُ مِنْ لَّعْنٍ

ہو تو یہ دعا اس کو لگے جسکو تو نے دعا کا مستحق سمجھا ہو، اور جو کسی پر لعنت کی ہو تو یہ لعنت

فَعَلَيَّ مَنْ لَّعَنْتَ اَنْتَ وَلِيِّیْ فِی الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ

اسی پر پڑے جس کو تو نے لعنت کے لائق سمجھا ہو تو ہی دنیا و آخرت میں میرا کارساز ہے۔

تَوَفَّنِیْ مُسْلِمًا وَّاَلْحِقْنِیْ بِالصّٰلِحِیْنَ ○ اَللّٰهُمَّ

مجھے دُنیا سے مسلمان اٹھانا اور نیک بندوں میں شامل فرمالینا۔ اے اللہ

اِنِّیْ اَسْئَلُكَ الرِّضَآءَ بَعْدَ الْقَضَآءِ وَبَرْدَ الْعَيْشِ

میں تجھ سے مانگتا ہوں تیرے حکم پر خوشنودی اور موت کے بعد آرام

بَعْدَ الْمَوْتِ وَلَذَّةَ النَّظَرِ اِلٰى وَجْهِكَ وَشَوْقًا

کی زندگی، اور تیرے روئے انور کے دیدار کی لذّت اور تیری ملاقات کا شوق

اِلٰى لِقَآئِكَ فِیْ غَيْرِ ضَرَّآءَ مُضِرَّةٍ وَّلَا فِتْنَةٍ

بلا کسی ایسی تکلیف کے جو مُضر ہو اور بلا کسی ایسے فتنے کے جو گمراہ

مُّضِلَّةٍ وَّاَعُوْذُ بِكَ اَنْ اَظْلِمَ اَوْ اُظْلَمَ اَوْ

کرنے والا ہو اور تیری پناہ لیتا ہوں میں اس سے کہ خود کسی پر ظلم کروں یا مجھ پر کوئی

اَعْتَدِیَ اَوْ يُعْتَدٰى عَلَيَّ اَوْ اَكْسِبَ خَطِيْٓئَةً اَوْ

ظلم کرے یا کسی پر خود زیادتی کروں یا کوئی میرے اوپر زیادتی کرے یا قصداً کسی غلطی میں مبتلا

ذَنْبًا لَّا تَغْفِرُهٗ ۔ اَللّٰهُمَّ زَيِّنَّا بِزِيْنَةِ الْاِيْمَانِ

ہوں یا کسی ایسے گناہ میں جسکو تو نہ بخشے (یعنی شرک) یا اللہ تو ہمیں ایمان کی زینت سے آراستہ کردے

وَاجْعَلْنَا هُدَاةً مُّهْتَدِيْنَ. اَللّٰهُمَّ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ

اور راہ بتانے والا راہ یافتہ بنادے۔ اے اللہ آسمانوں اور زمین کے

وَالْاَرْضِ عَالِمَ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ ذَا الْجَلَالِ وَ

بنانے والے، چھپے اور کھلے کے جاننے والے بزرگی اور بخشش

الْاِكْرَامِ فَاِنِّيْٓ اَعْهَدُ اِلَيْكَ فِيْ هٰذِهِ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا

والے، میں اس دُنیا کی زندگی میں تجھ سے عہد کرتا ہوں اور تجھے

وَاُشْهِدُكَ وَكَفٰى بِكَ شَهِيْدًا اَنِّيْٓ اَشْهَدُ اَنْ لَّآ

گواہ کرتا ہوں اور تیری گواہی کافی ہے اس بات پر کہ میں دل سے گواہی

اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ وَحْدَكَ لَا شَرِيْكَ لَكَ لَكَ الْمُلْكُ

دیتا ہوں کہ معبود سوا تیرے کوئی نہیں ہے بس تو اکیلا ہے تیرا شریک کوئی نہیں،

وَلَكَ الْحَمْدُ وَاَنْتَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ. وَاَشْهَدُ

بادشاہی صرف تیری ہے تمام تعریفیں صرف تیرے لئے ہیں اور تو ہر بات پر قادر ہے۔ اور میں گواہی

اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُكَ وَرَسُوْلُكَ وَاَشْهَدُ اَنَّ

دیتا ہوں کہ محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) تیرے بندے ہیں اور تیرے رسول ہیں اور گواہی دیتا ہوں کہ تیرا

وَعْدَكَ حَقٌّ وَّلِقَآئَكَ حَقٌّ وَّالسَّاعَةَ اٰتِيَةٌ

وعدہ پورا ہو کر رہیگا، تیری ملاقات ہونی ہے اور قیامت ضرور آکر رہے گی اس میں ذرا شبہ

لَا رَيْبَ فِيْهَا وَاَنَّكَ تَبْعَثُ مَنْ فِي الْقُبُوْرِ وَاَنَّكَ اِنْ

نہیں اور بیشک تو قبروں کے مُردوں کو اٹھائے گا اور اگر مجھ کو تو نے

تَكِلْنِيْ اِلٰى نَفْسِيْ تَكِلْنِيْ اِلٰى ضَعْفٍ وَّعَوْرَةٍ وَّ

کہیں خود میری جان کے سپرد کر دیا تو یقیناً سپرد کرے گا کمزوری، عیب، گناہ اور

ذَنْبٍ وَّخَطِيْئَةٍ وَّاِنِّيْ لَا اَثِقُ اِلَّا بِرَحْمَتِكَ فَاغْفِرْ

غلطیوں کے (کہ یہ سب کچھ ہو کر رہیں گے) بیشک مجھ کو بجز تیری رحمت کے کسی پر کوئی

لِيْ ذُنُوْبِيْ كُلَّهَا اِنَّهٗ لَا يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْتَ وَ

بھروسہ نہیں ہے تو اب میرے سب گناہ بخش دے کیونکہ گناہ کوئی نہیں بخشتا مگر تو، اور

تُبْ عَلَيَّ اِنَّكَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ. اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ

میری توبہ قبول فرما کیونکہ تو ہی بڑا توبہ قبول کرنے والا اور بڑا مہربان ہے۔ یا اللہ میں

اَسْئَلُكَ صِحَّةً فِيْ اِيْمَانٍ وَّاِيْمَانًا فِيْ حُسْنِ خُلُقٍ

تجھ سے درستی کا طالب ہوں ایمان میں (یعنی کامل ایمان کا) اور ایمان کا اچھے اخلاق کے ساتھ

وَّنَجَاةً يَّتْبَعُهَا فَلَاحٌ وَّرَحْمَةً مِّنْكَ وَعَافِيَةً وَّ

اور (دنیا میں) ایسی نجات کا کہ اس کے بعد پوری پوری کامیابی نصیب ہو (یعنی آخرت میں) اور تیری طرف سے رحم کا

مَغْفِرَةً مِّنْكَ وَرِضْوَانًا. اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُ

اور سلامتی کا اور معافی کا اور رضامندی کا طالب گار ہوں۔ اے اللہ میں تیری ذات بابرکات

بِوَجْهِكَ الْكَرِيْمِ وَبِكَلِمَاتِكَ التَّآمَّةِ مِنْ شَرِّ

اور تیرے پورے پورے کلمات کے وسیلہ سے تیری پناہ لیتا ہوں ہر اُس چیز

مَآ اَنْتَ اٰخِذٌ بِنَاصِيَتِهٖ. اَللّٰهُمَّ اَنْتَ تَكْشِفُ

کی بُرائی سے جو تیرے قبضہ میں ہے۔ اے اللہ تاوان چھڑانے والا تو ہی ہے

الْمَغْرَمَ وَالْمَاْثَمَ. اَللّٰهُمَّ لَا يُهْزَمُ جُنْدُكَ وَ

اور گناہ دُور کرنے والا تو ہی ہے۔ اے اللہ تیرا لشکر کبھی شکست نہیں دیا جا سکتا،

وَلَا يُخْلَفُ وَعْدُكَ وَلَا يَنْفَعُ ذَا الْجَدِّ مِنْكَ

تیرا وعدہ ہرگز ٹل نہیں سکتا اور کسی دولت مند کی دولت تیرے عذاب سے اس کو فائدہ

الْجَدُّ سُبْحَانَكَ وَبِحَمْدِكَ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ

نہیں دے سکتی تو پاک ہے اور تمام تعریفوں کے ساتھ ہے۔ معبود کوئی نہیں سوائے تیرے

لَا شَرِيْكَ لَكَ سُبْحَانَكَ. اَللّٰهُمَّ اَسْتَغْفِرُكَ

تیرا کوئی شریک نہیں تو بے عیب ہے یا اللہ میں تجھ سے اپنے گناہوں کی بخشش

لِذَنْبِيْ وَاَسْئَلُكَ رَحْمَتَكَ. اَللّٰهُمَّ زِدْنِيْ عِلْمًا

کا طالب ہوں اور تیری رحمت کا خواستگار ہوں اے اللہ مجھے اور زیادہ علم عطا فرما

وَلَا تُزِغْ قَلْبِيْ بَعْدَ اِذْ هَدَيْتَنِيْ وَهَبْ لِيْ

اور ہدایت فرما کر کہیں میرے دل کو پھر پھیر نہ دینا اور اپنی طرف

مِن لَّدُنكَ رَحمَۃً ۚ اِنَّكَ اَنتَ الوَهَّابُ ○

سے خاص رحمت نصیب فرما، بے شک تو بہت بڑا دینے والا ہے۔

اَللّٰهُمَّ اغفِر لِی ذَنبِی وَوَسِّع لِی فِی دَارِی وَبَارِك

اے اللہ میرے گناہ بخش دے اور میرے گھر میں میرے لئے گنجائش عطا فرما اور

فِی رِزقِی. اَللّٰهُمَّ اجعَلنِی مِنَ التَّوَّابِینَ وَ

میرے رزق میں برکت دے۔ اے اللہ مجھے ان میں سے بنادے جو بڑے توبہ کرنے والے اور

اجعَلنِی مِنَ المُتَطَهِّرِینَ. اَللّٰهُمَّ رَبَّ السَّمٰوٰتِ

خوب پاکی وصفائی کے عادی ہوں۔ یا اللہ آسمانوں کے رب زمینوں کے رب

وَرَبَّ الاَرضِ وَرَبَّ العَرشِ العَظِیمِ. رَبَّنَا وَرَبَّ

اور عرش بزرگ کے رب ہمارے رب اور ہر چیز کے رب

كُلِّ شَیءٍ فَالِقَ الحَبِّ وَالنَّوٰی وَمُنزِلَ التَّورٰىةِ

اے دانے اور گٹھلی سے چیر کر (درخت اگانے والے) تورات

وَالاِنجِیلِ وَالفُرقَانِ اَعُوذُبِكَ مِن شَرِّ كُلِّ

اور انجیل اور قرآن شریف کے اُتارنے والے میں تیری پناہ لیتا ہوں ہر اُس

شَیءٍ اَنتَ اٰخِذٌ بِنَاصِیَتِهٖ. اَللّٰهُمَّ اَنتَ الاَوَّلُ

چیز کی بُرائی سے جو تیرے قبضہ میں ہے۔ اے اللہ تو سب سے پہلا ہے

فَلَيْسَ قَبْلَكَ شَيْءٌ وَّاَنْتَ الْاٰخِرُ فَلَيْسَ بَعْدَكَ

کہ تجھ سے پہلے کچھ نہ تھا اور آخر میں تو ہی رہے گا کہ تیرے بعد کوئی نہ رہے گا۔

شَيْءٌ وَّاَنْتَ الظَّاهِرُ فَلَيْسَ فَوْقَكَ شَيْءٌ وَّاَنْتَ

تیرا نام "ظاہر" ہے تیرے اوپر کچھ نہیں اور تیرا نام

الْبَاطِنُ فَلَيْسَ دُوْنَكَ شَيْءٌ اِقْضِ عَنَّا الدَّيْنَ

"باطن" ہے تیرے نیچے کچھ نہیں تو ہمارا قرض ادا فرمادے

وَاَغْنِنَا مِنَ الْفَقْرِ. اَللّٰهُمَّ رَبَّ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ

اور محتاجی سے ہمکو بے پرواہ کردے۔ اے ساتوں آسمانوں کے رب،

وَمَآ اَظَلَّتْ وَرَبَّ الْاَرَضِيْنَ وَمَآ اَقَلَّتْ وَرَبَّ

اور جن چیزوں پر انھوں نے سایہ ڈال رکھا ہے اور اے زمینوں کے رب اور جن چیزوں کو انھوں نے

الشَّيَاطِيْنِ وَمَآ اَضَلَّتْ كُنْ لِّيْ جَارًا مِّنْ شَرِّ

اٹھا رکھا ہے اور شیطانوں کے رب اور جو گمراہیاں انھوں نے پھیلائی ہیں تو اپنی ساری

خَلْقِكَ اَجْمَعِيْنَ اَنْ يَّفْرُطَ عَلَيَّ اَحَدٌ مِّنْهُمْ اَوْ

مخلوق کے شر سے میرے لئے محافظ ہو جا کہیں ان میں سے کوئی مجھ پر ظلم یا سرکشی کرنے

اَنْ يَّطْغٰى عَزَّ جَارُكَ وَتَبَارَكَ اسْمُكَ. اَللّٰهُمَّ

لگے تیری حفاظت بڑی مضبوط اور تیرا نام بڑا برکت والا ہے۔ اے اللہ

لَکَ الْحَمْدُ اَنْتَ قَیِّمُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَ

سب تعریفیں تیرے لئے ہیں۔ آسمانوں اور زمین اور جو جو مخلوق اس میں آباد ہے اور

مَنْ فِیْهِنَّ وَلَکَ الْحَمْدُ اَنْتَ مَلِكُ السَّمٰوٰتِ

سب کی ہستی برقرار رکھنے والا تو ہے اور سب تعریفیں تیری ہیں، آسمانوں اور زمین

وَالْاَرْضِ وَمَنْ فِیْهِنَّ وَلَکَ الْحَمْدُ اَنْتَ

اور جو مخلوق اُن میں بستی ہے ان سب کا بادشاہ تو ہے اور سب تعریفیں تیری ہیں

نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَنْ فِیْهِنَّ وَ

آسمانوں اور زمین ہیں اور جو ان میں ہے اُن سب کا نور تو ہے اور سب تعریفیں تیری ہیں دراصل موجود

لَکَ الْحَمْدُ اَنْتَ الْحَقُّ وَوَعْدُکَ حَقٌّ وَ

تو ہی ہے، تیرا وعدہ ٹل نہیں سکتا، تیری ملاقات ضرور ہونی ہے۔ تیرا فرمان برحق ہے

لِقَآؤُکَ حَقٌّ وَّقَوْلُکَ حَقٌّ وَّالْجَنَّةُ حَقٌّ وَّ

جنت واقعی موجود ہے اور دوزخ بھی موجود ہے۔ تیرے جتنے نبی ہیں سب

النَّارُ حَقٌّ وَّالنَّبِیُّوْنَ حَقٌّ وَّمُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ

برحق ہیں اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ تعالیٰ کے برحق پیغمبر

حَقٌّ وَّالسَّاعَةُ حَقٌّ. اَللّٰهُمَّ لَکَ اَسْلَمْتُ

ہیں اور قیامت ضرور آنی ہے۔ اے اللہ میں نے تیرے سامنے اپنی گردن جھکادی

وَبِكَ اٰمَنْتُ وَعَلَيْكَ تَوَكَّلْتُ وَاِلَيْكَ اَنَبْتُ

اور میں نے تجھکو دل سے مانا اور صرف تیری ہی ذات پر میں نے بھروسہ کیا اور صرف تیری ہی

وَبِكَ خَاصَمْتُ وَاِلَيْكَ حَاكَمْتُ وَاَنْتَ

طرف متوجہ ہوا اور جس سے جھگڑا کیا تیری ہی مدد سے کیا (یعنی خیر میں) اور فیصلہ کیلئے

رَبُّنَا وَاِلَيْكَ الْمَصِيْرُ فَاغْفِرْ لِىْ مَا قَدَّمْتُ

تیری ہی طرف آیا تو ہی ہمارا پروردگار ہے اور پھر لوٹ کر (محشر میں) تیرے ہی سامنے آنا ہے

وَمَآ اَخَّرْتُ وَمَآ اَسْرَرْتُ وَمَآ اَعْلَنْتُ وَمَآ

اسلئے میرے سب گناہ بخشدے جو میں نے پہلے کئے تھے اور جو بعد میں کئے اور جو چھپکر کئے اور

اَسْرَفْتُ وَمَآ اَنْتَ اَعْلَمُ بِهٖ مِنِّىْ اَنْتَ الْمُقَدِّمُ

جو کھلم کھلا کئے اور جو قصور کئے اور جن کو تو مجھ سے زیادہ جاننے والا ہے۔ تو ہی آگے کر دینے والا

وَاَنْتَ الْمُؤَخِّرُ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ وَلَا حَوْلَ وَلَا

(اور توفیق سلب کر کے) پیچھے کر دینے والا ہے۔ معبود کوئی نہیں سوائے تیرے اور بھلائی کرنیکی طاقت اور

قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ۔ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِىْ وَارْحَمْنِىْ وَ

برائی سے بچنے کی کچھ قوت نہیں تیری توفیق کے بغیر، اے اللہ مجھے بخش دے، مجھ پر رحم کھا

عَافِنِىْ وَاهْدِنِىْ وَارْزُقْنِىْ وَاجْبُرْنِىْ وَارْفَعْنِىْ

مجھے چین دے، مجھے ہدایت نصیب فرما، مجھے روزی دے، میری کمی کو پورا کر دے اور میرے رتبہ کو

اِنِّیْ لِمَآ اَنْزَلْتَ اِلَیَّ مِنْ خَیْرٍ فَقِیْرٌ

بلند فرما کیونکہ جو نعمت تو نے مجھ کو دی میں اس کا محتاج ہوں۔

اَللّٰھُمَّ رَبَّ جِبْرَئِیْلَ وَمِیْکَآئِیْلَ

اے رب جبرئیل کے میکائیل

وَاِسْرَافِیْلَ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ

و اسرافیل کے اے پیدا کرنے والے آسمانوں اور زمین کے

عٰلِمَ الْغَیْبِ وَالشَّھَادَۃِ اَنْتَ تَحْکُمُ

اے جاننے والے چھپے اور کھلے کے جن باتوں میں (آج)

بَیْنَ عِبَادِكَ فِیْمَا کَانُوْا فِیْہِ یَخْتَلِفُوْنَ ○

تیرے بندے اختلاف کر رہے ہیں قیامت میں تو ہی ان کا فیصلہ فرمائے گا۔

اِھْدِنِیْ لِمَا اخْتُلِفَ فِیْہِ مِنَ الْحَقِّ

(اے اللہ) اختلافی باتوں میں تو اپنے حکم سے مجھے صحیح صحیح

بِاِذْنِكَ اِنَّكَ تَھْدِیْ مَنْ تَشَآءُ اِلٰی

بات کی راہ دکھا دے کیونکہ تو جس کو راہ راست

صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ

دکھانا چاہے دکھا دیتا ہے۔

المنزل الثانی فی یوم الاحد

دوسری منزل اتوار کی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

شروع اللہ کے نام سے جو بیحد مہربان نہایت رحم والا ہے

اَللّٰهُمَّ اهْدِنِي فِيمَنْ هَدَيْتَ وَعَافِنِي فِيمَنْ

اے اللہ جنکو تونے راہ راست پر لگایا ہے ان کے ساتھ مجھے بھی راہ راست پر لگادے اور جنکو تونے

عَافَيْتَ وَتَوَلَّنِي فِيمَنْ تَوَلَّيْتَ وَبَارِكْ لِي فِيمَآ

عافیت نصیب فرمائی انکے ساتھ مجھے بھی عافیت نصیب فرما اور جنکا تو کارساز بنا انکے ساتھ میرا بھی

اَعْطَيْتَ وَقِنِي شَرَّ مَا قَضَيْتَ فَاِنَّكَ تَقْضِي وَلَا

کارساز بن جا اور جو نعمتیں تونے مجھکو عطا فرمائیں ان میں برکت دے اور جو فیصلہ تو فرما چکا

يُقْضٰى عَلَيْكَ اِنَّهٗ لَا يَذِلُّ مَنْ وَّالَيْتَ وَلَا

اسکے شر سے مجھے بچالے (کہ میں اسپر راضی نہ ہوں اور بے صبری کروں) کیونکہ تو ہی فیصلہ فرماتا ہے تیرے خلاف

يَعِزُّ مَنْ عَادَيْتَ تَبَارَكْتَ رَبَّنَا وَتَعَالَيْتَ

کوئی فیصلہ کرنیوالا نہیں جسکا تو کارساز ہو وہ ذلیل نہیں ہوسکتا اور جسکا تو دشمن ہو وہ عزت نہیں پاسکتا

نَسْتَغْفِرُكَ وَنَتُوبُ اِلَيْكَ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلَى النَّبِيِّ.

اے رب ہمارے تو برکت والا ہے اور بلند و برتر ہے ہم تجھ سے معافی مانگتے ہیں اور تجھ ہی سے توبہ کرتے ہیں۔

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِىْ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ

اللہ تعالیٰ کی طرف سے صلوٰۃ ہو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر۔ اے اللہ مجھے بخش دے اور سب ایمان والے مسلمان مردوں اور ایمان

وَالْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُسْلِمٰتِ وَاَلِّفْ بَيْنَ قُلُوْبِهِمْ

والی مسلمان عورتوں کو بخش دے اور ان کے دلوں میں الفت و محبت ڈال دے

وَاَصْلِحْ ذَاتَ بَيْنِهِمْ وَانْصُرْهُمْ عَلٰى عَدُوِّكَ وَ

اور ان کے آپس کے معاملات درست فرمادے اور ان کی مدد فرما اپنے اور ان کے دشمنوں

عَدُوِّهِمْ. اَللّٰهُمَّ الْعَنِ الْكَفَرَةَ الَّذِيْنَ يَصُدُّوْنَ

کے مقابلہ میں۔ اے اللہ ان کافروں پر لعنت فرما جو تیری راہ سے لوگوں کو روکتے ہیں

عَنْ سَبِيْلِكَ وَيُكَذِّبُوْنَ رُسُلَكَ وَيُقَاتِلُوْنَ

اور تیرے رسولوں کو جھٹلاتے ہیں اور تیرے نیک بندوں سے جنگ

اَوْلِيَآءَكَ. اَللّٰهُمَّ خَالِفْ بَيْنَ كَلِمَتِهِمْ وَ

کرتے ہیں اے اللہ ان کے منصوبوں میں تو اختلاف ڈال دے اور

زَلْزِلْ اَقْدَامَهُمْ وَاَنْزِلْ بِهِمْ بَاْسَكَ الَّذِىْ

ان کے قدم ڈگمگا دے اور ان پر اپنا وہ عذاب نازل فرما جس کو

لَا تَرُدُّهٗ عَنِ الْقَوْمِ الْمُجْرِمِيْنَ ○

تو مجرموں سے معاف نہیں فرماتا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام کے ساتھ جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَسْتَعِيْنُكَ وَنَسْتَغْفِرُكَ وَنَسْتَهْدِيْكَ

اے اللہ ہم تجھ سے ہی مدد مانگتے ہیں اور تجھ سے ہی بخشش کے طلبگار ہیں اور تجھ سے ہدایت کے

وَنُؤْمِنُ بِكَ وَنَتُوْبُ اِلَيْكَ وَنَتَوَكَّلُ عَلَيْكَ وَ

طالب ہیں اور تجھ پر ایمان رکھتے ہیں اور تیری ہی طرف جھکتے ہیں اور تیری ہی ذات پر بھروسہ

نُثْنِيْ عَلَيْكَ الْخَيْرَ كُلَّهٗ وَنَشْكُرُكَ وَلَا نَكْفُرُكَ

کرتے ہیں اور تمام نعمتوں پر تیری تعریف کرتے ہیں اور تیرے شکرگذار ہیں اور تیری ناشکری

وَنَخْلَعُ وَنَتْرُكُ مَنْ يَّفْجُرُكَ اَللّٰهُمَّ اِيَّاكَ نَعْبُدُ

نہیں کرتے اور ہم بے تعلق ہوتے ہیں اور چھوڑتے ہیں اسکو جو تیرا نافرمان ہو۔ اے اللہ ہم تیری ہی

وَلَكَ نُصَلِّيْ وَنَسْجُدُ وَاِلَيْكَ نَسْعٰى وَنَحْفِدُ وَ

بندگی کرتے ہیں اور خالص تیرے لئے نماز پڑھتے ہیں اور تجھ کو ہی سجدہ کرتے ہیں اور تیری ہی طرف

نَرْجُوْ رَحْمَتَكَ وَنَخْشٰى عَذَابَكَ الْجِدَّ اِنَّ

دوڑتے ہیں اور مستعد ہیں اور ہم تیری رحمت کے امیدوار ہیں اور تیرے واقعی ہونے والے

عَذَابَكَ الْجِدَّ بِالْكُفَّارِ مُلْحِقٌ ۵ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ

عذاب سے ڈرتے ہیں کیونکہ تیرا واقعی ہونیوالا عذاب کافروں کو ہو کر رہیگا۔ اے اللہ میں تیری صفات جلالیہ

اَعُوْذُ بِرِضَاكَ مِنْ سَخَطِكَ وَ بِمُعَافَاتِكَ مِنْ

اے جمالی صفات کی پناہ لیتا ہوں رضامندی کی تیرے غصہ سے تیری معافی کی تیرے عذاب سے

عُقُوْبَتِكَ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْكَ لَآ اُحْصِیْ ثَنَآءً

(غرضکہ) تجھ سے تیری ذات ہی کی پناہ لیتا ہوں میں تیری پوری تعریف

عَلَيْكَ اَنْتَ كَمَآ اَثْنَيْتَ عَلٰى نَفْسِكَ. اَللّٰهُمَّ رَبَّ

نہیں کرسکتا بس تو ایسا ہی ہے جیسا خود تو نے اپنی تعریف فرمائی۔ اے رب

جِبْرَئِيْلَ وَمِيْكَائِيْلَ وَاِسْرَافِيْلَ وَمُحَمَّدٍ

جبرئیل و میکائیل و اسرافیل اور محمد

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ النَّارِ.

صلی اللہ علیہ وسلم کے میں عذاب دوزخ سے تیری پناہ کا طالب ہوں۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ اَنْ اَضِلَّ اَوْ اُضَلَّ اَوْ

اے اللہ میں تیری پناہ لیتا ہوں کہ میں کسی کو بہکاؤں یا مجھے کوئی بہکائے، خود لغزش کھاؤں

اَزِلَّ اَوْ اُزَلَّ اَوْ اَظْلِمَ اَوْ اُظْلَمَ اَوْ اَجْهَلَ اَوْ

یا کسی دوسرے کو لغزش دوں، خود کسی پر ظلم کروں یا مجھ پر کوئی ظلم کرے یا خود کسی کے ساتھ

يُجْهَلَ عَلَیَّ. اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ فِیْ قَلْبِیْ نُوْرًا وَّفِیْ

نادانی کی بات کروں یا کوئی دوسرا میرے ساتھ کرے۔ اے اللہ میرے دل میں نور

بَصَرِیْ نُوْرًا وَّفِیْ سَمْعِیْ نُوْرًا وَّعَنْ یَّمِیْنِیْ نُوْرًا

ڈال دے، میری آنکھوں اور کان میں نُور ڈال دے۔ میرے دائیں

وَّعَنْ شِمَالِیْ نُوْرًا وَّمِنْ خَلْفِیْ نُوْرًا وَّمِنْ اَمَامِیْ

بائیں پیچھے سامنے نور عطا فرما

نُوْرًا وَّاجْعَلْ مِنْ فَوْقِیْ نُوْرًا وَّمِنْ تَحْتِیْ نُوْرًا.

اور میرے اُوپر سے اور میرے نیچے سے (ہر سمت سے) نور ہی نور کر دے

اَللّٰھُمَّ اَعْطِنِیْ نُوْرًا وَّاجْعَلْ لِّیْ نُوْرًا وَّفِیْ عَصَبِیْ

اے اللہ مجھے نور عطا فرما اور میرے لئے نور کر دے اور میرے پٹھوں میں نور پیدا

نُوْرًا وَّفِیْ لَحْمِیْ نُوْرًا وَّفِیْ دَمِیْ نُوْرًا وَّفِیْ

فرما دے، میرے گوشت میں نور، میرے خون میں نور، میرے بالوں

شَعْرِیْ نُوْرًا وَّفِیْ بَشَرِیْ نُوْرًا وَّفِیْ لِسَانِیْ

میں نُور، میری کھال میں نور، میری زبان میں نور

نُوْرًا وَّاجْعَلْ فِیْ نَفْسِیْ نُوْرًا وَّاَعْظِمْ لِیْ نُوْرًا وَّ

اور میری جان میں نُور بخش دے اور مجھ کو نورِ عظیم عطا کر دے (بس)

اجْعَلْنِیْ نُوْرًا. اَللّٰھُمَّ افْتَحْ لَنَا اَبْوَابَ رَحْمَتِكَ

از سر تا پا نور ہی نور بنا دے۔ اے اللہ ہمارے لئے اپنی رحمت کے دروازے کھول دے

وَسَهِّلْ لَنَآ اَبْوَابَ رِزْقِكَ. اَللّٰهُمَّ اعْصِمْنِىْ

اور اپنے (مقدر کردہ) رزق کے دروازوں (تک رسائی) آسان فرمادے۔ اے اللہ مجھے

مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ○ اَللّٰهُمَّ اهْدِنِىْ لِاَحْسَنِ

شیطان مردود سے بچالے۔ اے اللہ مجھے اچھے اچھے اخلاق

الْاَخْلَاقِ لَا يَهْدِىْ لِاَحْسَنِهَآ اِلَّآ اَنْتَ وَاصْرِفْ

نصیب فرما کیونکہ تیرے سوا اچھے اخلاق کوئی نہیں دکھا سکتا اور بُرے

عَنِّىْ سَيِّئَهَا لَا يَصْرِفُ عَنِّىْ سَيِّئَهَآ اِلَّآ اَنْتَ. اَللّٰهُمَّ

اخلاق مجھ سے دُور کردے کیونکہ تیرے سوا بُرے اخلاق کوئی دُور نہیں کرسکتا اے اللہ

بَاعِدْ بَيْنِىْ وَبَيْنَ خَطَايَایَ كَمَا بَاعَدْتَّ بَيْنَ

میرے اور میری غلطیوں کے درمیان اتنا (لمبا) فاصلہ کردے جتنا کہ

الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ. اَللّٰهُمَّ اغْسِلْ خَطَايَایَ

مشرق ومغرب کے درمیان ہے (یعنی زیادہ سے زیادہ) اے اللہ میری غلطیوں کو

بِالْمَآءِ وَالثَّلْجِ وَالْبَرَدِ وَنَقِّنِىْ مِنَ الْخَطَايَا كَمَا

دھودے پانی سے بارانی برف سے اور اولہ سے اور غلطیوں سے اس طرح

نَقَّيْتَ الثَّوْبَ الْاَبْيَضَ مِنَ الدَّنَسِ. اَللّٰهُمَّ

صاف ستھرا کردے جیسے سفید کپڑے کو میل کچیل سے صاف کردیتا ہے۔ اے اللہ

لَكَ الْحَمْدُ مِلْأَ السَّمٰوٰتِ وَمِلْأَ الْاَرْضِ وَ

تیری تعریف آسمانوں اور زمین کے برابر اور اس کے درمیان جو فاصلہ ہے وہ

مِلْأَ مَا بَيْنَهُمَا وَمِلْأَ مَا شِئْتَ مِنْ شَيْءٍ بَعْدُ.

بھر کر اور جس کو تو چاہے اس کی مقدار بھر تعریف ، بڑائی

اَهْلَ الثَّنَاءِ وَالْكِبْرِيَاءِ وَالْمَجْدِ اَحَقُّ مَا قَالَ

اور شرف کا مستحق تو ہی ہے۔ جو جو بندوں نے کہا اور ہم سب

الْعَبْدُ وَكُلُّنَا لَكَ عَبْدٌ لَا مَانِعَ لِمَا اَعْطَيْتَ

تیرے بندے ہی ہیں ان میں سب سے درست بات یہ ہے کہ جو نعمت تو بخشدے پھر اس کا روکنے والا

وَلَا مُعْطِيَ لِمَا مَنَعْتَ وَلَا رَادَّ لِمَا قَضَيْتَ وَلَا

کوئی نہیں اور جو تو روک لے پھر اس کا دینے والا کوئی نہیں اور جو تو فیصلہ فرما دے پھر اس کا ٹالنے والا کوئی نہیں اور

يَنْفَعُ ذَا الْجَدِّ مِنْكَ الْجَدُّ. اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ ذَنْبِيْ

تیرے سامنے کسی مالدار کو اسکی دولت کچھ کام نہیں دیتی (بلکہ وہاں اچھے اعمال کی پوچھ ہے) اے اللہ میرے سب گناہ

كُلَّهٗ دِقَّهٗ وَجِلَّهٗ وَاَوَّلَهٗ وَاٰخِرَهٗ وَعَلَانِيَتَهٗ وَسِرَّهٗ.

بخشدے جو ان میں چھوٹے ہوں اور جو بڑے جو پہلے ہوں اور جو پچھلے اور جو کھلے ہوئے ہوں اور جو چھپے ہوئے ہوں

رَبِّ اَعْطِ نَفْسِيْ تَقْوٰهَا وَزَكِّهَا اَنْتَ خَيْرُ مَنْ زَكّٰهَا

اے میرے رب تو میرے نفس کو اسکے مقدر کا تقویٰ نصیب فرما دے اور اس کو عیبوں سے پاک و صاف کر دے

اَنْتَ وَلِیُّہَا وَ مَوْلٰہَا ۔ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ ظَلَمْتُ نَفْسِیْ

تو سب سے بہتر اس کا پاک و صاف کرنیوالا ہے تو ہی اس کا کارساز ہے اور تو ہی اس کا مالک ہے۔ اے اللہ میں

ظُلْمًا کَثِیْرًا وَّلَا یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّآ اَنْتَ فَاغْفِرْ

نے اپنی جان پر بڑا ظلم ڈھایا ہے اور گناہ کوئی نہیں بخشتا سوائے تیرے لہذا

لِیْ مَغْفِرَۃً مِّنْ عِنْدِکَ وَارْحَمْنِیْٓ اِنَّکَ اَنْتَ

تو ہی اپنے دربار سے مجھے بخشش عطا فرما اور مجھ پر رحم کھا کیونکہ تو بڑا بخشنے

الْغَفُوْرُ الرَّحِیْمُ ۝ اَللّٰھُمَّ حَاسِبْنِیْ حِسَابًا یَّسِیْرًا ۔

والا بڑا رحم والا ہے ۔ اے اللہ مجھ سے ہلکا سا حساب لینا

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُکَ مِنَ الْخَیْرِ کُلِّہٖ مَا عَلِمْتُ مِنْہُ

اے اللہ میں تجھ سے ساری بھلائیاں مانگتا ہوں، جو میں جانتا ہوں

وَمَا لَمْ اَعْلَمْ وَاَعُوْذُبِکَ مِنَ الشَّرِّ کُلِّہٖ مَا

اور جو نہیں جانتا اور تیری پناہ مانگتا ہوں ہر برائی سے جو میں

عَلِمْتُ مِنْہُ وَمَا لَمْ اَعْلَمْ ۔ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُکَ

جانتا ہوں اور جو نہیں جانتا ۔ اے اللہ جو جو بھلائیاں تیرے نیک

مِنْ خَیْرِ مَا سَاَلَکَ بِہٖ عِبَادُکَ الصّٰلِحُوْنَ وَ

بندوں نے تجھ سے مانگی ہیں وہ میں بھی مانگتا ہوں اور

اَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ مَا عَاذَ مِنْهُ عِبَادُكَ الصَّالِحُوْنَ.

جن جن برائیوں سے تیری پناہ لی ہے میں بھی ان سے تیری پناہ لیتا ہوں

رَبَّنَآ اٰتِنَا فِی الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِی الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّ

اے اللہ ہم کو دنیا میں بھلائی دے اور آخرت میں اور ہم کو دوزخ

قِنَا عَذَابَ النَّارِ ○ رَبَّنَآ اِنَّنَآ اٰمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا

کے عذاب سے بچالے۔ اے ہمارے پروردگار تحقیق ہم تجھ کو دل سے مان چکے لہذا

وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ ○ رَبَّنَا وَاٰتِنَا مَا وَعَدْتَّنَا عَلٰی

ہمیں بخشدے اور دوزخ کے عذاب سے بچالے، اے ہمارے پروردگار جو وعدے اپنے رسولوں کے

رُسُلِكَ وَلَا تُخْزِنَا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ط اِنَّكَ لَا تُخْلِفُ

ذریعہ سے تونے ہمارے ساتھ کئے ہیں وہ پورے فرمانا اور قیامت کے دن ہمکو رسوا نہ کرنا بے شبہ تو وعدہ

الْمِيْعَادَ ○ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَعُوْذُبِكَ مِنْ عَذَابِ

خلافی نہیں کرتا۔ اے اللہ میں تیری پناہ لیتا ہوں جہنم کے عذاب سے اور تیری پناہ لیتا

جَهَنَّمَ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ وَاَعُوْذُبِكَ

ہوں قبر کے عذاب سے اور تیری پناہ لیتا ہوں اس دجال کے فتنہ سے (جسکی

مِنْ فِتْنَةِ الْمَسِيْحِ الدَّجَّالِ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ

ایک آنکھ خراب ہوگی) اور تیری پناہ لیتا ہوں زندگی اور موت کے وقت کے

فِتْنَةِ الْمَحْيَا وَالْمَمَاتِ وَاَعُوْذُبِكَ مِنَ الْمَاْثَمِ

فتنہ سے اور تیری پناہ لیتا ہوں گناہ سے اور تاوان اٹھانے

وَالْمَغْرَمِ. اَللّٰهُمَّ اَعِنِّیْ عَلٰی ذِكْرِكَ وَشُكْرِكَ وَ

سے ۔ اے اللہ میری مدد فرما اپنی یاد کرنے میں اپنے شکر کرنے میں اور اچھی

حُسْنِ عِبَادَتِكَ. اَللّٰهُمَّ رَبَّنَا وَرَبَّ كُلِّ شَیْءٍ اَنَا

طرح اپنی عبادت کرنے میں ۔ اے اللہ ہمارے رب اور ہر چیز کے رب میں

شَهِيْدٌ اَنَّكَ اَنْتَ الرَّبُّ وَحْدَكَ لَا شَرِيْكَ لَكَ.

گواہ ہوں اس پر کہ بس رب تو اکیلا ہے تیرا شریک کوئی نہیں

اَللّٰهُمَّ رَبَّنَا وَرَبَّ كُلِّ شَیْءٍ اَنَا شَهِيْدٌ اَنَّ مُحَمَّدًا

اے اللہ ہمارے رب اور ہر چیز کے رب میں گواہ ہوں اس پر کہ محمد

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَبْدُكَ وَرَسُوْلُكَ. اَللّٰهُمَّ

صلی اللہ علیہ وسلم تیرے بندے ہیں اور تیرے رسول ہیں۔ اے اللہ

رَبَّنَا وَرَبَّ كُلِّ شَیْءٍ اَنَا شَهِيْدٌ اَنَّ الْعِبَادَ كُلَّهُمْ

ہمارے رب اور ہر چیز کے رب میں گواہ ہوں اس پر کہ سب بندے آپس میں

اِخْوَةٌ. اَللّٰهُمَّ رَبَّنَا وَرَبَّ كُلِّ شَیْءٍ اِجْعَلْنِیْ

بھائی بھائی ہیں اے اللہ ہمارے رب اور ہر چیز کے رب مجھ کو اپنا

مُخْلِصًا لَّكَ وَاَهْلِىْ فِىْ كُلِّ سَاعَةٍ فِى الدُّنْيَا وَ

اخلاص والا بندہ بنالے اور میرے گھر والوں کو بھی دُنیا اور آخرت کی ہر ساعت

الْاٰخِرَةِ ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ اِسْمَعْ وَاسْتَجِبْ

میں، اے بزرگی اور شرف والے (میری دُعا) سُن لے اور قبول فرمالے۔

اَللّٰهُ اَكْبَرُ الْاَكْبَرِ اَللّٰهُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اَللّٰهُ

اللہ کی ذات ہر بڑے سے بڑی ہے، اللہ آسمانوں اور زمین کا نور ہے۔ اللہ

اَكْبَرُ الْاَكْبَرِ حَسْبِىَ اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ

کی ذات ہر بڑے سے بڑی ہے، اللہ مجھ کو کافی ہے اور وہ کیا خوب کارساز ہے اللہ کی ذات

الْاَكْبَرِ. اَللّٰهُمَّ اَصْلِحْ لِىْ دِيْنِىَ الَّذِىْ هُوَ عِصْمَةُ

ہر بڑے سے بڑی ہے۔ اے اللہ میرا دین سنوار دے جس میں میرے ہر کام

اَمْرِىْ وَاَصْلِحْ لِىْ دُنْيَاىَ الَّتِىْ فِيْهَا مَعَاشِىْ وَ

کی حفاظت ہے اور میری دُنیا درست کردے جس میں میرا گذران ہے اور میری

اَصْلِحْ لِىْ اٰخِرَتِىَ الَّتِىْ فِيْهَا مَعَادِىْ وَاَحْيِنِىْ مَا

آخرت درست فرمادے جس میں مجھے لوٹ کر جانا ہے اور مجھے زندہ رکھ جب تک میرے

كَانَتِ الْحَيٰوةُ خَيْرًا لِّىْ وَتَوَفَّنِىْ اِذَا كَانَتِ الْوَفَاةُ

لئے زندگی اچھی ہو اور دُنیا سے اُٹھا لینا جب میرے لئے موت بہتر ہو اور

خَيْرًا لِّيْ وَاجْعَلِ الْحَيٰوةَ زِيَادَةً لِّيْ فِيْ كُلِّ خَيْرٍ

میری زندگی کو ہر بھلائی میں زیادتی کا موجب بنادے

وَّاجْعَلِ الْمَوْتَ رَاحَةً لِّيْ مِنْ كُلِّ شَرٍّ. اَللّٰهُمَّ

اور موت کو ہر بُرائی سے راحت کا باعث بنادے اے اللہ

اِنِّيْٓ اَسْئَلُكَ رِزْقًا طَيِّبًا وَّعِلْمًا نَّافِعًا وَّعَمَلًا

میں تجھ سے حلال اور صاف روزی مانگتا ہوں اور ایسا علم جو نفع بخش ہو اور وہ عمل جو

مُّتَقَبَّلًا. اَللّٰهُمَّ اَشْبَعْتَ وَاَرْوَيْتَ فَهَنِّئْنَا وَ

تیرے دربار میں مقبول ہو، اے اللہ تو نے ہمکو شکم سیر کیا اور سیراب کیا تو اب ہمارے لئے

رَزَقْتَنَا فَاَكْثَرْتَ وَاَطَبْتَ فَزِدْنَا. اَللّٰهُمَّ

اسکو مبارک کر (یعنی کھانا پینا جسم کو لگے) اور تو نے ہمکو روزی دی اور پاکیزہ دی تو اب اسکو اور زیادہ عنایت فرما

قَنِّعْنِيْ بِمَا رَزَقْتَنِيْ وَبَارِكْ لِيْ فِيْهِ وَاخْلُفْ عَلٰى

اے اللہ جو تو نے ہمکو دیا ہے اس پر قناعت عطا فرما اور اس میں برکت دے اور جو چیز مجھ

كُلِّ غَائِبَةٍ لِّيْ بِخَيْرٍ. رَبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ اَنْتَ

سے غائب ہے اب میری بجائے تو اسکا نگراں بنجا (یعنی میرے اہل و عیال اور میرے مال کا) اے میرے رب مجھے بخشدے اور مجھ

الْاَعَزُّ الْاَكْرَمُ. اَللّٰهُمَّ اشْرَحْ لِيْ صَدْرِيْ

رحم فرما تو سب سے بڑھکر غلبہ والا اور بزرگی والا ہے۔ اے اللہ میرا سینہ کھولدے اور میرا کام مجھے آسان کردے

وَيَسِّرْ لِيْ اَمْرِيْ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ وَّسَاوِسِ الصَّدْرِ

اور میں تیری پناہ لیتا ہوں دل کے وسوسوں سے اور معاملات کی پریشانی سے

وَشَتَاتِ الْاَمْرِ وَفِتْنَةِ الْقَبْرِ. اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَعُوْذُ

اور قبر کے فتنہ سے۔ اے اللہ میں تیری پناہ لیتا ہوں ہر اُس آفت کی بُرائی سے

بِكَ مِنْ شَرِّ مَا يَلِجُ فِي اللَّيْلِ وَمِنْ شَرِّ مَا يَلِجُ فِي

جو رات میں آئے اور ہر اس آفت کی بُرائی سے جو دن میں آئے اور ہر اس

النَّهَارِ وَمِنْ شَرِّ مَا تَهُبُّ بِهِ الرِّيَاحُ. اَللّٰهُمَّ

آفت سے جو ہواؤں کے ساتھ اڑتی ہے۔ اے اللہ مجھے

اهْدِنِيْ بِالْهُدٰى وَنَقِّنِيْ بِالتَّقْوٰى وَاغْفِرْ لِيْ

راہِ راست بتلادے اور تقویٰ عنایت فرماکر صاف ستھرا کردے اور دُنیا اور آخرت

فِي الْاٰخِرَةِ وَالْاُوْلٰى. اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ عِلْمًا نَّافِعًا

میں مجھ کو بخش دے۔ اے اللہ میں تجھ سے مانگتا ہوں نفع دینے والا علم

وَّرِزْقًا وَّاسِعًا وَّشِفَآءً مِّنْ كُلِّ دَآءٍ. اَللّٰهُمَّ اَنْتَ

کشادہ روزی اور ہر بیماری سے پوری شفاء۔ اے اللہ تو ہی میرا قوت بازو اور میرا مددگار

عَضُدِيْ وَنَصِيْرِيْ بِكَ اَحُوْلُ وَبِكَ اَصُوْلُ

ہے تجھ ہی سے قوت حاصل کرتا ہوں اور تیری ہی مدد سے (دشمن پر) حملہ کرتا ہوں اور تیری ہی مدد سے اسی

وَبِكَ اُقَاتِلُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِكَ. اَللّٰهُمَّ

جنگ کرتا ہوں اور مجھ میں نہ تو بھلائی کرنے کی طاقت ہے اور نہ برائی سے بچنے کی قوت سوائے تیری مدد کے
اے اللہ

لَكَ الْحَمْدُ كُلُّهٗ لَا قَابِضَ لِمَا بَسَطْتَّ وَلَا بَاسِطَ

ساری تعریف تیری ہے جس کا رزق تو وسیع کر دے پھر اس کا تنگ کرنیوالا کوئی نہیں اور جس کا رزق تو تنگ

لِمَا قَبَضْتَ وَلَا هَادِيَ لِمَنْ اَضْلَلْتَ وَلَا مُضِلَّ

فرمادے پھر اس کا وسیع کرنیوالا کوئی نہیں۔ جسکو تو گمراہ کر دے پھر اس کا ہدایت کرنیوالا کوئی نہیں اور جسکو تو ہدایت

لِمَنْ هَدَيْتَ وَلَا مُعْطِيَ لِمَا مَنَعْتَ وَلَا مَانِعَ لِمَا

نصیب فرمادے پھر اس کا گمراہ کرنیوالا کوئی نہیں، جو نعمت تو روک لے پھر اس کا دینے والا کوئی نہیں اور جو دیدے پھر اس کا

اَعْطَيْتَ وَلَا مُقَرِّبَ لِمَا بَاعَدْتَّ وَلَا مُبَاعِدَ لِمَا

روکنے والا کوئی نہیں جس چیز کو تو دور کر دے پھر اس کا قریب کرنیوالا کوئی نہیں اور جسکو قریب کر دے پھر اس کا دور کرنیوالا

قَرَّبْتَ. اَللّٰهُمَّ ابْسُطْ عَلَيْنَا مِنْ بَرَكَاتِكَ وَرَحْمَتِكَ

کوئی نہیں۔ اے اللہ تو ہم پر اپنی برکتوں، اپنی رحمت، اپنے فضل اور اپنے

وَفَضْلِكَ وَرِزْقِكَ. اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْئَلُكَ

دیئے ہوئے رزق میں فراغت اور فراخی نصیب فرما اے اللہ میں تجھ سے ہمیشہ ہمیشہ

النَّعِيْمَ الْمُقِيْمَ الَّذِيْ لَا يَحُوْلُ وَلَا يَزُوْلُ.

رہنے والی نعمت مانگتا ہوں جو کبھی نہ واپس لی جائے اور نہ کبھی زائل ہو۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْۤ اَسْئَلُكَ الْاَمْنَ یَوْمَ الْخَوْفِ. اَللّٰهُمَّ

اے اللہ میں تجھ سے خوف کے دن (یعنی قیامت میں) امن کا طالب ہوں، اے اللہ جو تو نے

اِنِّیْ عَآئِذٌۢ بِكَ مِنْ شَرِّ مَآ اَعْطَیْتَنَا وَمِنْ شَرِّ مَا

ہمکو دیا ہے میں اس کے شر سے تیری پناہ لیتا ہوں اور جو ہمکو نہیں دیا اس کے شر سے بھی

مَنَعْتَنَا. اَللّٰهُمَّ حَبِّبْ اِلَیْنَا الْاِیْمَانَ وَزَیِّنْهُ

تیری پناہ لیتا ہوں، اے اللہ ہمارے دلوں میں ایمان کی محبت ڈال دے اور اسکو ہمارے دلوں کی

فِیْ قُلُوْبِنَا وَكَرِّهْ اِلَیْنَا الْكُفْرَ وَالْفُسُوْقَ وَ

زینت بنادے اور نفرت ڈال دے ہمارے دلوں میں کفر، گناہ اور نافرمانی

الْعِصْیَانَ وَاجْعَلْنَا مِنَ الرَّاشِدِیْنَ. اَللّٰهُمَّ

کی اور ہمکو نیک راہ پر چلنے والوں میں بنالے۔ اے اللہ ہمکو دنیا سے

تَوَفَّنَا مُسْلِمِیْنَ وَاَلْحِقْنَا بِالصّٰلِحِیْنَ غَیْرَ

اسلام پر اٹھانا اور نیک بندوں کے ساتھ ملادے کہ نہ رسوا ہوں اور نہ ان میں

خَزَایَا وَلَا مَفْتُوْنِیْنَ. اَللّٰهُمَّ قَاتِلِ الْكَفَرَةَ

سے ہوں جو فتنے میں مبتلا ہوئے، اے اللہ تو جنگ کر ان کافروں سے جو تیرے

الَّذِیْنَ یُكَذِّبُوْنَ رُسُلَكَ وَیَصُدُّوْنَ عَنْ

رسول کو جھٹلاتے ہیں اور تیرے راستہ سے لوگوں کو باز رکھتے ہیں اور انکو اپنی جانب

سَبِيلِكَ وَاجْعَلْ عَلَيْهِمْ رِجْزَكَ وَعَذَابَكَ اِلٰهَ

سے سختی اور عذاب میں گرفتار کر۔ اے معبود برحق یہ دعا

الْحَقِّ اٰمِيْنَ ۞ اَللّٰهُمَّ مُنْزِلَ الْكِتٰبِ وَمُجْرِيَ

قبول فرما۔ اے اللہ کتاب کے اتارنے والے اور بادلوں

السَّحَابِ وَهَازِمَ الْاَحْزَابِ اهْزِمْهُمْ وَانْصُرْنَا

کو چلانے والے اور دشمن کے لشکروں کو شکست دینے والے تو کافروں کو شکست دے

عَلَيْهِمْ. اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَجْعَلُكَ فِيْ نُحُوْرِهِمْ وَنَعُوْذُ

اور ہمکو ان پر غالب کر دے۔ اے اللہ ہم ان کے مقابلہ میں بس تیری ذات پاک کو کرتے ہیں اور

بِكَ مِنْ شُرُوْرِهِمْ. اَللّٰهُمَّ رَحْمَتَكَ اَرْجُوْا

ان کے مکر سے تیری پناہ لیتے ہیں، اے اللہ میں صرف تیری رحمت کا آسرا رکھتا ہوں تو مجھے

فَلَا تَكِلْنِيْٓ اِلٰى نَفْسِيْ طَرْفَةَ عَيْنٍ وَّاَصْلِحْ

پل جھپکنے کے برابر بھی میرے نفس کے حوالہ نہ کر اور میرے سب کام آسان فرما دے

لِيْ شَاْنِيْ كُلَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ يَا حَيُّ يَا

معبود کوئی نہیں تیرے سوا، اے سدا زندہ رہنے والے اور سب جہان ہستی کے قائم رکھنے

قَيُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِيْثُ. اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ عَبْدُكَ

والے تیری رحمت کی دہائی ہے۔ اے اللہ میں خود تیرا بندہ ہوں اور تیرے

وَابْنُ عَبْدِكَ وَابْنُ اَمَتِكَ نَاصِيَتِيْ بِيَدِكَ

بندہ کا بیٹا ہوں اور تیری لونڈی کی اولاد ہوں میری پیشانی کے بال تیرے ہاتھ میں ہیں

مَاضٍ فِيَّ حُكْمُكَ عَدْلٌ فِيَّ قَضَآؤُكَ اَسْئَلُكَ

(یعنی پورے پورے قبضہ میں ہوں) میرے حق میں جو فیصلہ بھی ہو تیرا ہو وہ نافذ ہونیوالا ہے اور تیرا جو حکم

بِكُلِّ اسْمٍ هُوَلَكَ سَمَّيْتَ بِهٖ نَفْسَكَ وَاَنْزَلْتَهٗ فِيْ

ہے وہ سب انصاف ہی انصاف ہے اور میں تیرے ہر اس نام کے وسیلے سے تجھ سے سوال کرتا ہوں جو

كِتَابِكَ اَوْعَلَّمْتَهٗ اَحَدًا مِّنْ خَلْقِكَ اَوِاسْتَاْثَرْتَ

تو نے خود اپنی ذات پاک کا مقرر فرمایا ہے یا اپنی کتاب کے ساتھ اس کو اتارا ہے یا اپنی مخلوق

بِهٖ فِيْ عِلْمِ الْغَيْبِ عِنْدَكَ اَنْ تَجْعَلَ الْقُرْاٰنَ

میں (بذریعہ الہام) جس کو بھی تو نے بتایا ہے یا خاص اپنے ہی علم غیب میں اسکو پوشیدہ رکھا

الْعَظِيْمَ رَبِيْعَ قَلْبِيْ وَنُوْرَ بَصَرِيْ وَجَلَآءَ حُزْنِيْ

ہے کہ تو قرآن عظیم کو میرے دل کی بہار، میری آنکھ کا نور، میرے غم کا دور کرنیوالا اور میرے فکر کے

وَذَهَابَ هَمِّيْ اَللّٰهُمَّ لَاسَهْلَ اِلَّا مَاجَعَلْتَهٗ سَهْلًا

ازالہ کا سبب بنادے۔ اے اللہ آسان بات بس وہی ہے جس کو تو آسان بنادے

وَّاَنْتَ تَجْعَلُ الْحَزْنَ سَهْلًا اِذَا شِئْتَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا

اور جب تو چاہتا ہے تو مشکل کو آسان بنادیتا ہے۔ معبود کوئی نہیں، صرف تو بڑا بردبار، بڑے

اللهُ الحَلِيمُ الكَرِيمُ سُبحَانَ اللهِ رَبِّ العَرشِ

کرم والا ہے۔ اللہ تعالیٰ کی ذات جملہ عیوب سے پاک ہے جو عرش عظیم کا

العَظِيمِ ۞ اَلحَمدُ لِلّٰهِ رَبِّ العٰلَمِينَ ۞ اَسئَلُكَ

رب ہے۔ تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لئے ہیں جو تمام جہانوں کا رب ہے۔ میں تجھ سے مانگتا ہوں

مُوجِبَاتِ رَحمَتِكَ وَعَزَائِمَ مَغفِرَتِكَ وَالعِصمَةَ

وہ تمام اسباب جو تیری رحمت کیلئے لازم ہوں اور وہ سب اسباب جن سے تیری مغفرت یقینی ہو جائے

مِن كُلِّ ذَنبٍ وَالغَنِيمَةَ مِن كُلِّ بِرٍّ وَّالسَّلَامَةَ

اور ہر عیب کی بات سے حفاظت کا طالب ہوں اور ہر نیکی کا مال غنیمت اور ہر گناہ سے سلامتی

مِن كُلِّ اِثمٍ لَا تَدَع لِي ذَنبًا اِلَّا غَفَرتَهُ وَلَا

مانگتا ہوں کوئی میرا گناہ باقی نہ چھوڑ جس کو تو بخش نہ دے اور نہ کوئی فکر جس سے تو رہائی نہ دیدے

هَمًّا اِلَّا فَرَّجتَهُ وَلَا كَربًا اِلَّا نَفَّستَهُ وَلَا ضُرًّا

اور نہ کوئی کڑھن جس کو تو دور نہ فرمادے اور نہ کوئی تکلیف جس کا تو ازالہ نہ فرمادے

اِلَّا كَشَفتَهُ وَلَا حَاجَةً هِيَ لَكَ رِضًى اِلَّا قَضَيتَهَا

اور نہ کوئی ایسی ضرورت جو تیری رضامندی کا سبب ہو جسکو تو پورا نہ فرمادے

يَا اَرحَمَ الرّٰحِمِينَ ۞

اے رحم کرنے والوں میں سب سے بڑھکر رحم کرنیوالے

المنزل الثالث فی یوم الاثنین

تیسری منزل پیر کی (یعنی سوموار کی)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بیحد مہربان نہایت رحم والا ہے۔

اَللّٰهُمَّ ارْحَمْنِىْ بِتَرْكِ الْمَعَاصِىْ اَبَدًا مَّا اَبْقَيْتَنِىْ وَ

اے اللہ مجھ پر تو مہربانی فرما تاکہ جب تک تو مجھے زندہ رکھے میں ہمیشہ کیلئے گناہوں کو چھوڑ دوں

ارْحَمْنِىْ اَنْ اَتَكَلَّفَ مَا لَا يَعْنِيْنِىْ وَارْزُقْنِىْ حُسْنَ

اور مجھ پر رحم فرما کہ ایسے کاموں میں نہ پڑوں جو میرے مطلب کے نہ ہوں اور مجھے ان باتوں

النَّظَرِ فِيْمَا يُرْضِيْكَ عَنِّىْ. اَللّٰهُمَّ بَدِيْعَ السَّمٰوٰتِ وَ

کی فکر نصیب فرما جو تجھکو مجھ سے خوش رکھیں، اے اللہ آسمانوں اور زمین کے بنانے والے

الْاَرْضِ ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ وَالْعِزَّةِ الَّتِىْ لَا

اے بزرگی اور بخشش والے اور ایسی عزت والے جس کے حاصل ہونیکا کسی کو وہم و گمان بھی نہیں

تُرَامُ، اَسْئَلُكَ يَا اَللّٰهُ يَا رَحْمٰنُ بِجَلَالِكَ وَنُوْرِ

ہو سکتا۔ اے اللہ اے سب سے بڑھکر مہربان میں تیری بزرگی اور تیرے روئے انور کا واسطہ دیکر تجھ سے

وَجْهِكَ اَنْ تُلْزِمَ قَلْبِىْ حِفْظَ كِتَابِكَ كَمَا عَلَّمْتَنِىْ

یہ سوال کرتا ہوں کہ جیسا تو نے مجھے اپنی کتاب مقدس کا علم عنایت فرمایا ہے ایسا ہی میرے دل کو

وَارْزُقْنِیْ اَنْ اَتْلُوَهٗ عَلَی النَّحْوِ الَّذِیْ یُرْضِیْكَ عَنِّیْ

اس کا حفظ کرنا بھی نصیب کر دے اور مجھکو اسکی تلاوت کرنی اسطرح میسر فرمادے جس سے تو مجھ سے خوش ہو جائے

اَللّٰهُمَّ بَدِیْعَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ذَا الْجَلَالِ

اے اللہ آسمانوں اور زمین کے بنانے والے اے بزرگی و بخشش والے اور ایسی عزت والے جس کا وہم و

وَالْاِكْرَامِ وَالْعِزَّةِ الَّتِیْ لَا تُرَامُ، اَسْئَلُكَ یَا اَللّٰهُ

گمان بھی کسی کو نہیں ہو سکتا، اے اللہ اے سب سے بڑھکر مہربان میں تیری بزرگی کا واسطہ دیکر

یَا رَحْمٰنُ بِجَلَالِكَ وَنُوْرِ وَجْهِكَ اَنْ تُنَوِّرَ بِكِتَابِكَ

یہ مانگتا ہوں کہ تو اپنی کتاب سے میری آنکھیں منور کر اور میری زبان سے اس کو جاری کر دے

بَصَرِیْ وَاَنْ تُطْلِقَ بِهٖ لِسَانِیْ وَاَنْ تُفَرِّجَ بِهٖ عَنْ

اور اس کی برکت سے میرے دل سے غم دور کر دے اور میرا سینہ کھول دے اور میرے سارے بدن

قَلْبِیْ وَاَنْ تَشْرَحَ بِهٖ صَدْرِیْ وَاَنْ تَسْتَعْمِلَ بِهٖ

کو اس پر عمل کرنے میں لگا دے کیونکہ صحیح بات میں سوا تیرے میری مدد کوئی نہیں کرے گا

بَدَنِیْ فَاِنَّهٗ لَا یُعِیْنُنِیْ عَلَی الْحَقِّ غَیْرُكَ وَلَا

اور نہ اس کو سوا تیرے کوئی اور دے گا۔ نہ مجھ میں بھلائی کرنے کی

یُؤْتِیْهِ اِلَّا اَنْتَ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ

طاقت ہے اور نہ برائی سے بچنے کی قوت مگر صرف اللہ بلند و

اَلْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ ○ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَتُوْبُ اِلَيْكَ مِنَ

برتر کی توفیق سے ۔ اے اللہ میں تیری جناب میں اپنی تمام نافرمانیوں سے

الْمَعَاصِيْ لَآ اَرْجِعُ اِلَيْهَا اَبَدًا ۔ اَللّٰهُمَّ مَغْفِرَتُكَ

توبہ کرتا ہوں اب کبھی پھر ایسا نہیں کروں گا۔ اے اللہ تیری بخشش میرے گناہوں

اَوْسَعُ مِنْ ذُنُوْبِيْ وَرَحْمَتُكَ اَرْجٰى عِنْدِيْ مِنْ

سے کہیں زیادہ گنجائش رکھتی ہے اور تیری رحمت میرے عملوں سے کہیں زیادہ اُمید کے

عَمَلِيْ ۔ اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ عَفُوٌّ تُحِبُّ الْعَفْوَ فَاعْفُ عَنَّا ۔

لائق ہے۔ اے اللہ تیرا نام "عفو" یعنی بڑی بخشش کرنیوالا ہے تو معاف کرنا پسند کرتا ہے لہٰذا ہم سب کو معاف کردے

اَللّٰهُمَّ اكْفِنِيْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَاَغْنِنِيْ

اے اللہ حرام کے بدلے تو مجھے میری ضرورت کے مناسب حلال روزی عطا فرما اور اپنے

بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ ۔ اَللّٰهُمَّ فَارِجَ الْهَمِّ كَاشِفَ

فضل سے اپنے ماسوا سے بے نیاز کردے۔ اے اللہ فکر کے دور کرنیوالے، رنج کے زائل

الْغَمِّ مُجِيْبَ دَعْوَةِ الْمُضْطَرِّيْنَ رَحْمٰنَ الدُّنْيَا وَ

کرنیوالے، مجبوروں کی پکار سُننے والے، اے دُنیا اور آخرت میں سب سے بڑے مہربان اور

الْاٰخِرَةِ وَرَحِيْمَهُمَا اَنْتَ تَرْحَمُنِيْ وَارْحَمْنِيْ بِرَحْمَةٍ

رحم کھانے والے بس تو ہی مجھ پر رحم فرمائے گا، تو مجھ پر ایسی رحمت فرمادے

تُغْنِيْنِيْ بِهَا عَنْ رَّحْمَةِ مَنْ سِوَاكَ. اَللّٰهُمَّ رَبَّ

کہ تیرے سوا مجھے کسی دوسرے کی مہربانی کی ضرورت نہ رہے۔ اے آسمانوں اور

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ عَالِمَ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ اِنِّيْ

زمین کے پروردگار، پوشیدہ اور کھلے کے جاننے والے میں اس دُنیا کی

اَعْهَدُ اِلَيْكَ فِيْ هٰذِهِ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا اَنِّيْ اَشْهَدُ

زندگی میں تجھ سے پکا وعدہ کرتا ہوں اس بات پر کہ میں دل سے گواہی دیتا

اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ وَحْدَكَ لَا شَرِيْكَ لَكَ وَ

ہوں کہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں۔ بس تو ایک ہے تیرا کوئی شریک نہیں اور دل سے گواہی

اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُكَ وَرَسُوْلُكَ فَلَا تَكِلْنِيْ اِلٰى

دیتا ہوں کہ محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) تیرے بندے اور تیرے رسول ہیں بس تو مجھ کو میرے نفس کے سپرد

نَفْسِيْ فَاِنَّكَ اِنْ تَكِلْنِيْ اِلٰى نَفْسِيْ تُقَرِّبْنِيْ مِنَ

نہ فرما کیونکہ اگر تو مجھ کو خود میرے نفس کے حوالے کردے گا تو یقیناً (اس کا نتیجہ یہ ہوگا) کہ وہ بُرائی

الشَّرِّ وَتُبَاعِدْنِيْ مِنَ الْخَيْرِ وَاِنِّيْ لَآ اَثِقُ اِلَّا

سے مجھ کو قریب کردیگا اور بھلائی سے دُور ڈال دیگا مجھے بس تیری رحمت پر بھروسہ

بِرَحْمَتِكَ فَاجْعَلْ لِّيْ عِنْدَكَ عَهْدًا تُوَفِّيْنِيْهِ

ہے، اس لئے اپنے یہاں (بخشش و رحمت کا عہد فرما جس کو قیامت کے دن

يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اِنَّكَ لَا تُخْلِفُ الْمِيْعَادَ ○ اَسْتَغْفِرُ

پورا فرمانا یقیناً تو وعدہ خلافی نہیں کرتا۔ میں اللہ تعالیٰ سے اپنے گناہوں کی معافی مانگتا

اللّٰهَ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ وَاَتُوْبُ

ہوں اور اسی کے سامنے توبہ کرتا ہوں جسکے سوا معبود کوئی نہیں اور جو ہمیشہ خود زندہ رہنے والا ہے اور ساری مخلوق

اِلَيْهِ. رَبِّ اغْفِرْ لِيْ وَتُبْ عَلَيَّ اِنَّكَ اَنْتَ التَّوَّابُ

کی ہستی کو قائم رکھنے والا ہے۔ اے میرے پروردگار مجھکو بخشدے اور میری توبہ قبول فرمالے کیونکہ تیرا نام تواب اور رحیم ہے

الرَّحِيْمُ ○ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْعَجْزِ وَ

(یعنی سب سے بڑھکر توبہ قبول کرنیوالا مہربان) اے اللہ میں تیری پناہ لیتا ہوں عجز اور کاہلی

الْكَسَلِ وَالْجُبْنِ وَالْهَرَمِ وَالْمَغْرَمِ وَالْمَاْثَمِ

بزدلی اور سخت بڑھاپے، مفت کا تاوان بھرنے اور گناہ سے،

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ عَذَابِ النَّارِ وَفِتْنَةِ

اے اللہ میں تیری پناہ لیتا ہوں دوزخ کے عذاب اور اسکی آزمائش سے

النَّارِ وَفِتْنَةِ الْقَبْرِ وَعَذَابِ الْقَبْرِ وَشَرِّ فِتْنَةِ

قبر کی آزمائش اور اس کے عذاب سے مالداری کی آزمایش کے

الْغِنٰى وَشَرِّ فِتْنَةِ الْفَقْرِ وَاَعُوْذُبِكَ مِنَ الْقَسْوَةِ

شر سے اور فقیری کی آزمائش کے شر سے (یعنی نہ مال کی آزمائش میں پڑوں اور نہ تنگدستی کی)

وَالْغَفْلَةِ وَالْعَيْلَةِ وَالذِّلَّةِ وَالْمَسْكَنَةِ وَاَعُوْذُبِكَ

اور تیری پناہ لیتا ہوں سخت دل ہونے اور غفلت سے اور حد درجہ احتیاج اور ذلت وخواری سے اور

مِنَ الْفَقْرِ وَالْكُفْرِ وَالْفُسُوْقِ وَالشِّقَاقِ وَالسُّمْعَةِ

تیری پناہ لیتا ہوں محتاجی سے، کفر، نافرمانی اور ہٹ دھرمی سے اور شہرت اور دکھاوے

وَالرِّيَاۤءِ وَاَعُوْذُبِكَ مِنَ الصَّمَمِ وَالْبَكَمِ وَالْبَرَصِ

کیلئے عمل کرنے سے اور تیری پناہ لیتا ہوں بہرے اور گونگے ہونے سے، جسم پر سفید داغ پڑنے،

وَالْجُنُوْنِ وَالْجُذَامِ وَسَيِّئِ الْاَسْقَامِ. اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ

دیوانگی اور کوڑھ سے اور بقیہ جتنی خراب خراب بیماریاں ہیں سب سے۔ اے اللہ میں

اَعُوْذُبِكَ بِعِزَّتِكَ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ اَنْ تُضِلَّنِيْ

تیری پناہ لیتا ہوں تیری عزت کے صدقہ میں، معبود کوئی نہیں صرف تو ہے اس بات سے کہ

اَنْتَ الْحَيُّ الَّذِيْ لَا يَمُوْتُ وَالْجِنُّ وَالْاِنْسُ

تو مجھ کو گمراہ کردے تو ہمیشہ زندہ رہنے والا ہے کبھی فنا ہونیوالا نہیں اور (تیرے سوا) جنات ہوں یا انسان

يَمُوْتُوْنَ. اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَعُوْذُبِكَ مِنْ جَهْدِ الْبَلَاۤءِ

سب ایکدن مرنیوالے ہیں۔ اے اللہ میں تیری پناہ لیتا ہوں آزمائش کی سختی اور بدبختی کی گرفت سے

وَدَرَكِ الشَّقَاۤءِ وَسُوْۤءِ الْقَضَاۤءِ وَشَمَاتَةِ الْاَعْدَاۤءِ

اور اس بات سے کہ مقدرات کے فیصلوں سے میرے دل میں تنگی پیدا ہو اور دشمنوں کے ہنسی اڑانے سے

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا عَلِمْتُ وَمِنْ شَرِّ

اے اللہ میں تیری پناہ لیتا ہوں ان چیزوں کی برائی سے جن کو میں جانتا ہوں اور ان کی برائی

مَا لَمْ اَعْلَمْ. اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا عَمِلْتُ

سے بھی جن کو میں نہیں جانتا۔ اے اللہ میں تیری پناہ لیتا ہوں اس عمل کے برے نتیجے سے جو میں

وَمِنْ شَرِّ مَا لَمْ اَعْمَلْ. اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِكَ

نے کیا ہے اور اس سے بھی جو میں نے نہیں کیا۔ اے اللہ میں تیری پناہ لیتا ہوں اس بات سے کہ تیری

مِنْ زَوَالِ نِعْمَتِكَ وَتَحَوُّلِ عَافِيَتِكَ وَفُجَاءَةِ

موجودہ نعمت جاتی رہے اور تیری عافیت مجھ سے اپنا رخ پھیر لے اور تیرے ناگہانی عذاب سے اور تیرے تمام

نِقْمَتِكَ وَجَمِيْعِ سَخَطِكَ. اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِكَ

غصہ کے اسباب سے۔ اے اللہ میں تیری پناہ لیتا ہوں اپنے کان کی برائی سے، آنکھ کی برائی سے

مِنْ شَرِّ سَمْعِیْ وَمِنْ شَرِّ بَصَرِیْ وَمِنْ شَرِّ لِسَانِیْ

زبان کی برائی سے قلب کی برائی سے (یعنی غیبت سننے، بدنظری، ناجائز گفتگو اور کینہ وغیرہ سے)

وَمِنْ شَرِّ قَلْبِیْ وَمِنْ شَرِّ مَنِيِّیْ. اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ

اور اپنی منی کی برائی سے (کہ اسکے ہیجان سے زنا کی رغبت ہو) اے اللہ میں تیری پناہ لیتا

اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْهَدْمِ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنَ التَّرَدِّیْ

ہوں اس بات سے کہ میرے اوپر مکان وغیرہ آگرے یا میں مکان وغیرہ سے نیچے آگروں اور تیری پناہ

وَاَعُوْذُبِكَ مِنَ الْغَرَقِ وَالْحَرَقِ وَالْهَرَمِ وَ

لیتا ہوں پانی میں ڈوب جانے یا آگ وغیرہ میں جل جانے سے اور سخت بڑھاپے سے اے

اَعُوْذُبِكَ مِنْ اَنْ يَّتَخَبَّطَنِيَ الشَّيْطَانُ عِنْدَ

اللہ میں تیری پناہ لیتا ہوں اس بات سے کہ مرتے وقت شیطان مجھ کو ورغلائے اور بہکائے

الْمَوْتِ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ اَنْ اَمُوْتَ فِيْ سَبِيْلِكَ

اور تیری پناہ لیتا ہوں اس بات سے کہ جہاد میں پیٹھ موڑ کر مروں اور تیری پناہ

مُدْبِرًا وَّاَعُوْذُبِكَ مِنْ اَنْ اَمُوْتَ لَدِيْغًا. اَللّٰهُمَّ

لیتا ہوں اس بات سے کہ زہریلے جانوروں کے ڈسنے سے مروں۔ اے اللہ میں

اِنِّيْٓ اَعُوْذُبِكَ مِنْ مُّنْكَرَاتِ الْاَخْلَاقِ وَالْاَعْمَالِ

تیری پناہ لیتا ہوں ناپسندیدہ اخلاق سے، برے اعمال سے نفسانی خواہشات

وَالْاَهْوَآءِ وَالْاَدْوَآءِ. اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْئَلُكَ مِنْ خَيْرِ

سے اور تمام بیماریوں سے، اے اللہ میں تجھ سے مانگتا ہوں وہ سب

مَا سَاَلَكَ مِنْهُ نَبِيُّكَ مُحَمَّدٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

اچھی باتیں جو تیرے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے تجھ سے مانگی ہیں اور ان تمام

وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ مَا اسْتَعَاذَكَ مِنْهُ نَبِيُّكَ

بری بری باتوں کے شر سے پناہ لیتا ہوں جن سے تیرے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم

مُحَمَّدٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَنْتَ الْمُسْتَعَانُ

نے تیری پناہ لی ہے۔ توہی وہ ذات ہے جس سے مدد مانگی جاتی ہے۔ تیرا کام حق

وَعَلَيْكَ الْبَلَاغُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ

پہنچا دینا ہے اور اللہ تعالیٰ کی مدد کے بغیر نہ کسی میں نیکی کرنے کی طاقت ہے نہ بُرائی سے

الْعَظِيْمِ. اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ جَارِ السُّوْٓءِ

بچنے کی قوت، اے اللہ میں تیری پناہ لیتا ہوں بُرے پڑوس سے اپنے سکونت

فِيْ دَارِ الْمُقَامَةِ فَاِنَّ جَارَ الْبَادِيَةِ يَتَحَوَّلُ وَ

کے گھر میں کیونکہ جنگل (یعنی سفر) کا پڑوسی تو چلا بھی جاتا ہے (اور سکونت کے گھر والا دیر پا

مِنَ الْجُوْعِ فَاِنَّهٗ بِئْسَ الضَّجِيْعُ وَمِنَ الْخِيَانَةِ

ہوتا ہے) اور بھوک کی شدت سے کیونکہ وہ بستر کی بُری رفیق ہے اور خیانت سے

فَاِنَّهَا بِئْسَتِ الْبِطَانَةُ. اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَعُوْذُ بِكَ

کیونکہ وہ انسان کے اندرون کی بُری خصلت ہے۔ اے اللہ میں پناہ لیتا ہوں ایسے علم سے

مِنْ عِلْمٍ لَّا يَنْفَعُ وَقَلْبٍ لَّا يَخْشَعُ وَدُعَآءٍ لَّا يُسْمَعُ

جو نفع نہ دے اور ایسے قلب سے جو تجھ سے نہ ڈرے اور ایسی دُعا سے جسکی شنوائی نہ ہو، اور ایسے

وَنَفْسٍ لَّا تَشْبَعُ وَمِنْ هٰٓؤُلَآءِ الْاَرْبَعِ. اَللّٰهُمَّ

حریص نفس سے جس کی نیت نہ بھرے غرض ان چاروں باتوں سے۔ اے اللہ میں تیری

إِنَّا نَعُوْذُ بِكَ أَنْ نَّرْجِعَ عَلٰى أَعْقَابِنَا أَوْ نُفْتَنَ عَنْ

پناہ لیتا ہوں اس بات سے کہ خود ہم پھر کفر کی طرف الٹے پاؤں واپس ہوں یا اپنے دین میں مخالفین کی

دِيْنِنَا. اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَعُوْذُ بِكَ مِنْ يَّوْمِ السُّوْءِ

جانب سے فتنہ میں ڈالے جائیں۔ اے اللہ میں تیری پناہ لیتا ہوں بُرے دن

وَمِنْ لَّيْلَةِ السُّوْءِ وَمِنْ سَاعَةِ السُّوْءِ وَمِنْ

اور بُری رات سے اور ہر بُری گھڑی سے اور بُرے

صَاحِبِ السُّوْءِ وَمِنْ جَارِ السُّوْءِ فِيْ دَارِ الْمُقَامَةِ.

ساتھی سے اور اپنے سکونت کے گھر کے بُرے پڑوسی سے

اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَعُوْذُ بِكَ مِنَ الشِّقَاقِ وَالنِّفَاقِ وَ

اے اللہ میں تیری پناہ لیتا ہوں ضد سے نفاق سے اور تمام بُرے اخلاق سے

سُوْءِ الْأَخْلَاقِ. اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ جِدِّيْ وَهَزْلِيْ

اے اللہ میرے سب گناہ بخشدے خواہ وہ میں نے گناہ کرنے کے ارادے سے کیے ہوں یا

وَخَطَائِيْ وَعَمْدِيْ وَكُلُّ ذٰلِكَ عِنْدِيْ. اَللّٰهُمَّ

ہنسی مذاق میں بھول چوک کر کئے ہوں یا جان بوجھ کر اور یہ سب ہی قسم کے گناہ میری گردن پر ہیں

مُصَرِّفَ الْقُلُوْبِ صَرِّفْ قُلُوْبَنَا عَلٰى طَاعَتِكَ

اے اللہ اے دلوں کو پھیر دینے والے تو ہمارے دلوں کو اپنی فرمانبرداری کی طرف پھیر دے

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ الْهُدٰی وَالتُّقٰی وَالْعَفَافَ

اے اللہ میں تجھ سے ہدایت، پرہیزگاری، پاکبازی اور تیرے ماسوا سے بے نیازی

وَالْغِنٰی رَبِّ اَعِنِّیْ وَلَا تُعِنْ عَلَیَّ وَانْصُرْنِیْ وَ

کا طالب ہوں، اے میرے پروردگار میری مدد فرما اور میرے خلاف کسی کی مدد نہ فرما مجھ کو

لَا تَنْصُرْ عَلَیَّ وَامْکُرْ لِیْ وَلَا تَمْکُرْ عَلَیَّ وَاهْدِنِیْ

کامیاب کر اور میرے دشمن کو مجھ پر کامیاب نہ کر، میرے لئے خفیہ تدبیر فرما اور میرے مخالف

الْهُدٰی وَیَسِّرِ الْهُدٰی لِیْ وَانْصُرْنِیْ عَلٰی مَنْ بَغٰی

کے لئے تدبیر نہ فرما، مجھے ہدایت دے اور میرے لئے ہدایت کا راستہ آسان کردے اور جو شخص

عَلَیَّ رَبِّ اجْعَلْنِیْ لَكَ ذَكَّارًا لَّكَ شَكَّارًا لَّكَ

مجھ پر ظلم کرے اسکے مقابلہ میں میری مدد فرما، اے میرے پروردگار مجھ کو بنالے مبالغہ کے ساتھ

رَهَّابًا لَّكَ مِطْوَاعًا لَّكَ مُخْبِتًا اِلَیْكَ اَوَّاهًا

اپنی یاد کرنے والا اپنا بڑا شکر گذار اپنے سے بہت ڈرنے والا اپنا بہت فرمانبردار اپنی طرف

مُّنِیْبًا رَبِّ تَقَبَّلْ تَوْبَتِیْ وَاغْسِلْ حَوْبَتِیْ وَ

گڑگڑانے والا اور آہ وزاری کے ساتھ متوجہ ہونیوالا، اے میرے پروردگار میری توبہ قبول کرلے

اَجِبْ دَعْوَتِیْ وَثَبِّتْ حُجَّتِیْ وَسَدِّدْ لِسَانِیْ

میرے گناہ دھوڈال میری دعا قبول فرما، میری حجت مضبوط کردے میری زبان کو سیدھا رکھ

وَاهْدِ قَلْبِيْ وَاسْلُلْ سَخِيْمَةَ صَدْرِيْ. اَللّٰهُمَّ

میرے دل کو راہ راست پر لگا اور میرے دل کی سوزش (یعنی کینہ) نکالدے۔ اے اللہ

اغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا وَارْضَ عَنَّا وَتَقَبَّلْ مِنَّا وَاَدْخِلْنَا

ہم کو بخشدے ہم پر رحم فرما' ہم سے راضی ہوجا' ہمارے اعمال قبول کرلے اور ہمکو جنت

الْجَنَّةَ وَنَجِّنَا مِنَ النَّارِ وَاَصْلِحْ لَنَا شَاْنَنَا كُلَّهٗ.

میں داخل کر اور ہمیں عذاب دوزخ سے نجات دے اور ہماری ساری حالتیں درست کردے

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ الثَّبَاتَ فِی الْاَمْرِ وَاَسْئَلُكَ

اے اللہ میں تجھ سے دین پر مضبوطی کے ساتھ قائم رہنے کا طالب ہوں اور نیکی پر پختہ ارادہ

عَزِيْمَةَ الرُّشْدِ وَاَسْئَلُكَ شُكْرَ نِعْمَتِكَ وَحُسْنَ

مانگتا ہوں اور تیری نعمت پر شکر گذاری اور تیری عبادت کو حسن وخوبی کے ساتھ ادا کرنے کا

عِبَادَتِكَ وَاَسْئَلُكَ لِسَانًا صَادِقًا وَّقَلْبًا سَلِيْمًا وَّ

طالب ہوں اور سچی زبان شکوک وشبہات سے پاک صاف دل اور مستقیم عادتیں مانگتا ہوں

خُلُقًا مُّسْتَقِيْمًا وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ مَا تَعْلَمُ وَ

اور تیری پناہ لیتا ہوں ان باتوں کی برائی سے جن کو تو جانتا ہے اور تجھ سے مانگتا ہوں ان باتوں

اَسْئَلُكَ مِنْ خَيْرِ مَا تَعْلَمُ وَاَسْتَغْفِرُكَ مِمَّا تَعْلَمُ

کی بھلائی جن کا تجھ کو علم ہے اور جو گناہ تیرے علم میں ہوں ان سے بخشش کا طالب ہوں

إِنَّكَ أَنْتَ عَلَّامُ الْغُيُوبِ ○ اَللّٰهُمَّ أَلِّفْ بَيْنَ

یقیناً تو پوشیدہ باتوں کا پورا پورا جاننے والا ہے۔ اے اللہ تو ہمارے دلوں میں

قُلُوبِنَا وَأَصْلِحْ ذَاتَ بَيْنِنَا وَاهْدِنَا سُبُلَ

باہم محبت پیدا کردے اور ہماری آپس کی رنجشوں کی اصلاح فرمادے اور ہم کو سلامتی کے

السَّلَامِ وَنَجِّنَا مِنَ الظُّلُمَاتِ إِلَى النُّورِ وَجَنِّبْنَا

راستے دکھلا اور نور عطا فرما کر تاریکیوں سے نجات دے اور بے حیائیوں سے ہمکو بچالے

الْفَوَاحِشَ مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَمَا بَطَنَ وَبَارِكْ لَنَا فِي

جو ان میں کھلی ہوئی ہیں اور جو پوشیدہ ہیں اور ہمارے کانوں میں اور آنکھوں میں اور دلوں

أَسْمَاعِنَا وَأَبْصَارِنَا وَقُلُوبِنَا وَأَزْوَاجِنَا وَذُرِّيَّاتِنَا

میں اور ہماری بیبیوں میں اور بچوں میں برکت عطا فرما اور ہماری توبہ قبول کر کیونکہ

وَتُبْ عَلَيْنَا إِنَّكَ أَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيمُ ○ وَاجْعَلْنَا

تو ہی سب سے بڑا توبہ قبول کرنے والا مہربان ہے۔ اور ہم کو اپنی نعمتوں کا شکر گزار

شَاكِرِينَ لِنِعْمَتِكَ مُثْنِينَ بِهَا قَابِلِيهَا وَأَتِمَّهَا

اور ان پر تعریف کرنے والا اور اس کا قبول کرنے والا بنادے اور ہمارے اوپر اپنی نعمت

عَلَيْنَا. اَللّٰهُمَّ اقْسِمْ لَنَا مِنْ خَشْيَتِكَ مَا تَحُولُ

پوری فرمادے۔ اے اللہ ہمیں نصیب فرما اپنا اتنا خوف جس کی وجہ سے تو ہمارے درمیان اور

بِهٖ بَيْنَنَا وَبَيْنَ مَعَاصِيكَ وَمِنْ طَاعَتِكَ مَا تُبَلِّغُنَا

جسکے سبب تو ہمکو اپنی نافرمانیوں کے درمیان حائل ہو جائے اور اپنی اتنی فرمانبرداری عطا فرما

بِهٖ جَنَّتَكَ وَمِنَ الْيَقِيْنِ مَا تُهَوِّنُ بِهٖ عَلَيْنَا

اپنی جنت تک پہنچادے اور وہ یقین دے جسکی وجہ سے تو دُنیا کی مصیبتوں کا جھیلنا ہم پر آسان

مَصَآئِبَ الدُّنْيَا وَمَتِّعْنَا بِاَسْمَاعِنَا وَاَبْصَارِنَا وَ

کردے اور جب تک ہم کو زندہ رکھے ہمارے کانوں اور ہماری آنکھوں اور ہماری قوت سے ہم کو

قُوَّتِنَا مَا اَحْيَيْتَنَا وَاجْعَلْهُ الْوَارِثَ مِنَّا وَاجْعَلْ

فائدہ اٹھانے کا موقع عطا فرما اور ہماری زندگی تک انکو قائم رکھ کر ہمارا وارث بنا اور ہمارا بدلہ

ثَارَنَا عَلٰى مَنْ ظَلَمَنَا وَانْصُرْنَا عَلٰى مَنْ عَادَانَا وَلَا

صرف ان لوگوں میں دائر کردے جو ہم پر ظلم کریں، اور ہماری مدد فرما ان لوگوں کے مقابلے میں جو ہم

تَجْعَلْ مُصِيْبَتَنَا فِيْ دِيْنِنَا وَلَا تَجْعَلِ الدُّنْيَا

سے دشمنی رکھیں اور ہماری مصیبت ہمارے دین پر نہ ڈال اور دُنیا کو ہمارا بڑا مقصد نہ بنا اور نہ

اَكْبَرَ هَمِّنَا وَلَا مَبْلَغَ عِلْمِنَا وَلَا تُسَلِّطْ عَلَيْنَا مَنْ

اس کو ہمارے علم کی انتہا پرواز بنا اور جو ہمارے اُوپر رحم نہ کھائے اس کو ہم پر مسلط

لَّا يَرْحَمُنَا. اَللّٰهُمَّ زِدْنَا وَلَا تَنْقُصْنَا وَاَكْرِمْنَا

نہ فرما۔ اے اللہ ہم کو بہت دے اور کم نہ کر اور ہمیں عزت دے اور ذلیل نہ کر اور ہمکو عطا فرما

وَلَا تُهِنَّا وَاَعْطِنَا وَلَا تَحْرِمْنَا وَاٰثِرْنَا وَلَا تُؤْثِرْ

اور محروم نہ رکھ اور ہم کو ترجیح دے اور ہم پر دوسروں کو ترجیح نہ دے اور ہم کو اپنے

عَلَيْنَا وَاَرْضِنَا عَنْكَ وَارْضَ عَنَّا. اَللّٰهُمَّ اَلْهِمْنِيْ

سے راضی کردے اور تو ہم سے راضی ہوجا، الٰہی میری بھلائی میرے

رُشْدِيْ وَاَعِذْنِيْ مِنْ شَرِّ نَفْسِيْ. اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ

دل میں ڈال دے اور مجھ کو میرے نفس کی بدی سے بچالے، الٰہی میں تجھ سے

اَسْئَلُكَ فِعْلَ الْخَيْرَاتِ وَتَرْكَ الْمُنْكَرَاتِ وَحُبَّ

مانگتا ہوں اچھے کاموں کا کرنا اور برُے کاموں کا چھوڑ دینا اور مسکینوں

الْمَسَاكِيْنِ وَاَنْ تَغْفِرَلِيْ وَتَرْحَمَنِيْ وَاِذَا اَرَدْتَّ بِقَوْمٍ

کی محبت اور یہ بات بھی کہ تو مجھ کو بخش دے اور مجھ پر رحم فرما اور جب تو

فِتْنَةً فَتَوَفَّنِيْ غَيْرَ مَفْتُوْنٍ. اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ

کسی قوم کی آزمائش کا ارادہ فرمائے تو مجھ کو آزمائے بغیر اٹھالینا۔ الٰہی میں تجھ سے مانگتا ہوں

حُبَّكَ وَحُبَّ مَنْ يُّحِبُّكَ وَالْعَمَلَ الَّذِيْ يُبَلِّغُنِيْ

تیری محبت اور اس شخص کی محبت جو تجھ سے محبت رکھتا ہو اور وہ کام جو مجھ کو تیری محبت

حُبَّكَ. اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ حُبَّكَ اَحَبَّ اِلَيَّ مِنْ نَّفْسِيْ

اَنْ تَسْتَجِيبَ دَعْوَتِي فَاَنَا مُضْطَرٌّ وَّتَعْصِمَنِي فِي

بچالے کیوں کہ اب میں پھنس گیا ہوں اور لے لے

دِيْنِي فَاِنِّيْ مُبْتَلًى وَّتَنَالَنِي بِرَحْمَتِكَ فَاِنِّي

مجھکو اپنی رحمت میں کیوں کہ میں بڑا گنہ گار ہوں

مُذْنِبٌ وَّتَنْفِيَ عَنِّي الْفَقْرَ فَاِنِّي مُتَمَسْكِنٌ

اور میری حاجت دور فرمادے کیوں کہ میں بہت ذلیل ہوں

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ بِحَقِّ السَّائِلِينَ عَلَيْكَ

اے اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں اس حق کے وسیلے سے جو مانگنے والوں کا ہے

فَاِنَّ لِلسَّائِلِ عَلَيْكَ حَقٌّ اَيُّمَا عَبْدٍ اَوْ اَمَةٍ

کیوں کہ مانگنے والوں کا بھی تیرے اوپر حق ہے کہ جو بندے اور لونڈیاں خشکی

مِّنْ اَهْلِ الْبَرِّ وَالْبَحْرِ تَقَبَّلْتَ دَعْوَتَهُمْ وَ

کے بسنے والے ہوں یا تری کے تونے ان کی دعا قبول فرمائی ہو

اَسْتَجَبْتَ دُعَاءَهُمْ اَنْ تُشْرِكَنَا فِي صَالِحِ

اور ان کی پکار سنی ہو کہ تو ہم کو بھی ان کی ان اچھی دعاؤں میں شریک فرمادے

مَا يَدْعُوْنَكَ فِيْهِ وَاَنْ تُشْرِكَهُمْ فِيْ صَالِحِ مَا
جو انھوں نے تجھ سے مانگیں، اور ان کو بھی شریک فرمالے ان اچھی دعاؤں
نَدْعُوْكَ (فِيْهِ) وَاَنْ تُعَافِيَنَا وَاِيَّاهُمْ وَ
میں جو ہم تجھ سے مانگتے ہیں اور ہمکو بھی عافیت بخش اور ان کو بھی
اَنْ تَقَبَّلَ مِنَّا وَمِنْهُمْ وَاَنْ تَجَاوَزَ عَنَّا
اور ان سے قبول فرما اور ہم سے بھی اور درگذر کر ان سے بھی اور ہم سے بھی
وَعَنْهُمْ فَاِنَّنَا اٰمَنَّا بِمَا اَنْزَلْتَ وَاتَّبَعْنَا
کیوں کہ ہم اس کتاب پر ایمان لاچکے ہیں جو تو نے اتاری اور تیرے رسول کی
الرَّسُوْلَ فَاكْتُبْنَا مَعَ الشّٰهِدِيْنَ. اَللّٰهُمَّ اَعْطِ
پیروی کرتے ہیں تو تو ہمکو لکھ لے شہادت دینے والوں میں، اے اللہ عطا فرمادے محمد
مُحَمَّدَنِ الْوَسِيْلَةَ وَاجْعَلْ فِي الْمُصْطَفَيْنَ
صلی اللہ علیہ وسلم کو مقام وسیلہ اور آپ کی محبت اپنے چنے ہوئے لوگوں میں
مَحَبَّتَهٗ وَفِي الْاَعْلَيْنَ دَرَجَتَهٗ وَفِي الْمُقَرَّبِيْنَ
پیدا فرما اور آپ کا درجہ عالی مرتبہ لوگوں میں اور آپ کا ذکر مقربوں میں
ذِكْرَهٗ. اَللّٰهُمَّ اهْدِنِيْ مِنْ عِنْدِكَ وَ
اے اللہ مجھے وہ ہدایت دے جو تیری خاص ہدایت ہو اور
کردے۔

اَفِضْ عَلَیَّ مِنْ فَضْلِكَ وَاَسْبِغْ عَلَیَّ مِنْ

میرے اُوپر وہ فضل بہادے جو تیرا خاص فضل ہو اور مجھ پر اپنی رحمت

رَّحْمَتِكَ وَاَنْزِلْ عَلَیَّ مِنْ بَرَكَاتِكَ. اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ

کامل فرما اور اپنی برکتیں نازل فرما، اے اللہ میری

لِیْ وَارْحَمْنِیْ وَتُبْ عَلَیَّ اِنَّكَ اَنْتَ التَّوَّابُ

بخشش فرما اور مجھ پر رحم فرما اور میری توبہ قبول کرلے کیونکہ تو بڑا توبہ

الرَّحِیْمُ. اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ تَوْفِیْقَ اَهْلِ

قبول فرمانیوالا اور بڑا رحم کرنیوالا ہے، اے اللہ میں تجھ سے مانگتا ہوں اہل ہدایت کی سی توفیق

الْهُدٰى وَاَعْمَالَ اَهْلِ الْیَقِیْنِ وَمُنَاصَحَةَ

اور یقین والوں کے سے عمل اور توبہ کرنیوالوں کا سا خلوص اور صبر کرنے والوں

اَهْلِ التَّوْبَةِ وَعَزْمَ اَهْلِ الصَّبْرِ وَجِدَّ اَهْلِ

کی سی ہمت اور خوف کرنے والوں کی سی کوشش اور شوق رکھنے والوں کی

الْخَشْیَةِ وَطَلَبَ اَهْلِ الرَّغْبَةِ وَتَعَبُّدَ اَهْلِ

سی طلب اور متقیوں کی سی عبادت اور اہل علم

الْوَرَعِ وَعِرْفَانَ اَهْلِ الْعِلْمِ حَتّٰى اَلْقَاكَ.

کی سی معرفت، یہاں تک کہ میں تجھ سے جا ملوں

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ مَخَافَةً تَحْجُزُنِیْ عَنْ

اے اللہ میں تجھ سے ایسا خوف مانگتا ہوں جو مجھکو تیری نافرمانیاں کرنے

مَعَاصِیْكَ حَتّٰٓی اَعْمَلَ بِطَاعَتِكَ عَمَلًا اَسْتَحِقُّ

سے روک دے تاکہ میں تیری فرماں برداری کے ایسے کام کروں جن سے

بِهٖ رِضَاكَ وَحَتّٰٓی اُنَاصِحَكَ بِالتَّوْبَةِ خَوْفًا

کہ تیری رضامندی کا حقدار بن جاؤں اور تاکہ تیرے خوف سے تیرے سامنے

مِّنْكَ وَحَتّٰٓی اُخْلِصَ لَكَ النَّصِیْحَةَ حَیَآءً

خالص توبہ کروں اور تجھ سے شرما کر خیر خواہی میں کھوٹ نہ رکھوں اور تاکہ

مِّنْكَ وَحَتّٰٓی اَتَوَكَّلَ عَلَیْكَ فِی الْاُمُوْرِ كُلِّهَا

اپنے سب معاملات میں تیری ذات پر بھروسہ کرنے لگوں اور اے اللہ میں تجھ سے

وَحُسْنَ ظَنٍّ بِكَ سُبْحَانَ خَالِقِ النُّوْرِ. اَللّٰهُمَّ

تیرے ساتھ نیک گمان رکھنے کا بھی طالب ہوں، پاکی ہے نور کے پیدا کرنیوالے کیلئے

لَا تُهْلِكْنَا فُجَآءَةً وَّلَا تَاْخُذْنَا بَغْتَةً وَّلَا

اے اللہ ہمیں اچانک موت نہ دے اور نہ اچانک ہماری پکڑ فرما اور نہ

تُغْفِلْنَا عَنْ حَقٍّ وَّلَا وَصِیَّةٍ.

کسی کے حق سے اور نہ کسی کی وصیت سے ہمکو غافل کر۔

اَللّٰهُمَّ اٰنِسْ وَحْشَتِىْ فِىْ قَبْرِىْ. اَللّٰهُمَّ ارْحَمْنِىْ

اے اللہ قبر کی وحشت میں میرے لئے انس کا سامان کردے اور قرآن عظیم کی

بِالْقُرْاٰنِ الْعَظِيْمِ وَاجْعَلْهُ لِىْ اِمَامًا وَّنُوْرًا

برکت سے مجھ پر رحم فرما اور اس کو میرا امام اور میرے لئے

وَّهُدًى وَّرَحْمَةً. اَللّٰهُمَّ ذَكِّرْنِىْ مِنْهُ مَا

نور اور ہدایت و رحمت کا سبب بنادے۔ اے اللہ اس کا جو حصہ

نَسِيْتُ وَعَلِّمْنِىْ مِنْهُ مَا جَهِلْتُ وَارْزُقْنِىْ

میں بھول چکا ہوں وہ مجھ کو یاد کرادے اور جس کو نہیں سمجھتا اس کا

تِلَاوَتَهٗ اٰنَآءَ الَّيْلِ وَاٰنَآءَ النَّهَارِ وَاجْعَلْهُ

علم عطا فرما اور رات و دن کی ہر ساعت میں اسکی تلاوت نصیب فرما اور قیامت میں

لِىْ حُجَّةً يَّارَبَّ الْعٰلَمِيْنَ.

اسکو میرے حق میں دلیل بنادے، اے سب جہانوں کے پالنے والے۔

اَللّٰهُمَّ اَنَا عَبْدُكَ وَابْنُ عَبْدِكَ وَابْنُ

اے اللہ میں تیرا بندہ ہوں اور تیرے بندہ کا بیٹا ہوں اور تیری لونڈی کی اولاد

اَمَتِكَ نَاصِيَتِىْ بِيَدِكَ اَتَقَلَّبُ فِىْ قَبْضَتِكَ

ہوں، میری پیشانی تیرے ہاتھ میں ہے۔ چلتا پھرتا ہوں تیرے قبضے میں

وَاُصَدِّقُ بِلِقَآئِكَ وَاُؤْمِنُ بِوَعْدِكَ اَمَرْتَنِىْ

اور تیری ملاقات کو سچّا جانتا ہوں اور تیرے وعدہ پر ایمان رکھتا ہوں تو نے

فَعَصَيْتُ وَنَهَيْتَنِىْ فَاَبَيْتُ هٰذَا مَكَانُ

مجھ کو حکم دیا مگر میں نے نافرمانی کی اور تو نے مجھکو روکا مگر میں نہ رُکا،

الْعَآئِذِ بِكَ مِنَ النَّارِ، لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ

یہ مقام ہے اس شخص کا جو تجھ سے دوزخ کے عذاب سے پناہ کا طالب ہے

سُبْحَانَكَ ظَلَمْتُ نَفْسِىْ فَاغْفِرْ لِىْ اِنَّهٗ لَا

معبود کوئی نہیں سوا تیرے تو پاک ہے، میں نے اپنی جان پر ظلم کیا ہے تو اب تو

يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّآ اَنْتَ. اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ

مجھے بخشدے کیونکہ سوائے تیرے کوئی گناہوں کو نہیں بخشتا، اے اللہ سب تعریف تیری ہے

وَاِلَيْكَ الْمُشْتَكٰى وَبِكَ الْمُسْتَغَاثُ وَاَنْتَ

شکایت تجھ سے ہی ہے اور فریاد تیرے ہی سامنے ہے اور مدد تجھ سے ہی مانگی جاتی ہے،

الْمُسْتَعَانُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ.

نہ قوت ہے اور نہ طاقت ہے سوائے اللہ تعالیٰ کی ذات پاک کے.

اَللّٰهُمَّ اِنِّىْ اَسْئَلُكَ بِمُحَمَّدٍ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ)

اے اللہ میں تجھ سے مانگتا ہوں محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے وسیلہ سے جو تیرے نبی ہیں

نَبِيِّكَ وَاِبْرَاهِيْمَ خَلِيْلِكَ وَمُوْسٰى نَجِيِّكَ وَ

اور وسیلہ سے ابراہیم علیہ السلام کے جو تیرے خلیل ہیں اور وسیلہ سے موسیٰ علیہ الصلوٰۃ

عِيْسٰى رُوْحِكَ وَكَلِمَتِكَ وَبِكَلَامِ مُوْسٰى

والسلام کے جو تیرے ساتھ سرگوشی کرنے والے تھے اور عیسیٰ علیہ السلام کے وسیلے سے

وَاِنْجِيْلِ عِيْسٰى وَزَبُوْرِ دَاوٗدَ وَفُرْقَانِ

جو تیری طرف سے بھیجی ہوئی رُوح اور تیرا کلمہ تھے اور موسیٰ علیہ السلام کے کلام اور عیسیٰ علیہ السلام

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) وَبِكُلِّ

کی انجیل اور داؤد علیہ السلام کی زبور اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے قرآن کے وسیلے سے اور ہر اس

وَحْيٍ اَوْحَيْتَهٗ اَوْ قَضَاۤءٍ قَضَيْتَهٗ اَوْ سَاۤئِلٍ

وحی کے وسیلہ سے جو تو نے بھیجی اور ہر اس حکم کے وسیلے سے جو تو نے دیا یا کسی سائل

اَعْطَيْتَهٗ اَوْ فَقِيْرٍ اَغْنَيْتَهٗ اَوْ غَنِيٍّ اَفْقَرْتَهٗ

کو بخشا یا کسی فقیر کو غنی کیا یا غنی کو فقیر بنا دیا

اَوْ ضَاۤلٍّ هَدَيْتَهٗ وَاَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ الَّذِيْ

یا گمراہ کو ہدایت نصیب فرمائی اور مانگتا ہوں تیرے اس نام کے وسیلے

اَنْزَلْتَهٗ عَلٰى مُوْسٰى وَاَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ الَّذِيْ

سے جو تو نے موسیٰ علیہ السلام پر نازل فرمایا اور مانگتا ہوں تیرے اس نام کے وسیلے سے

وَضَعۡتَهٗ عَلَى الۡاَرۡضِ فَاسۡتَقَرَّتۡ وَعَلَى السَّمٰوٰتِ

جو تو نے زمین پر رکھا تو وہ ٹھہر گئی اور آسمانوں پر رکھا تو وہ سیدھے قائم

فَاسۡتَقَلَّتۡ وَعَلَى الۡجِبَالِ فَرَسَتۡ، وَاَسۡئَلُكَ

ہو گئے اور پہاڑوں پر رکھا تو وہ گڑ گئے، اور مانگتا ہوں تجھ

بِاسۡمِكَ الَّذِىۡ اسۡتَقَرَّ بِهٖ عَرۡشُكَ وَاَسۡئَلُكَ

سے تیرے اس نام کے وسیلے سے جس سے تیرا عرش قرار پکڑ گیا اور تجھ سے مانگتا

بِاسۡمِكَ الطَّاهِرِ الۡمُطَهَّرِ الۡمُنَزَّلِ فِىۡ كِتَابِكَ

ہوں تیرے اس پاک در پاک نام کے وسیلے سے جو تو نے اپنی جانب سے اپنی کتاب

مِنۡ لَّدُنۡكَ وَبِاسۡمِكَ الَّذِىۡ وَضَعۡتَهٗ عَلَى النَّهَارِ

میں نازل فرمایا اور تیرے اس نام کے وسیلے سے جو تو نے دن پر رکھا تو وہ

فَاسۡتَنَارَ وَعَلَى اللَّيۡلِ فَاَظۡلَمَ وَبِعَظۡمَتِكَ وَ

چمک اٹھا اور رات پر رکھا تو تاریک پڑ گئی اور تیری عظمت اور

كِبۡرِيَائِكَ وَبِنُوۡرِ وَجۡهِكَ اَنۡ تَرۡزُقَنِىۡ

کبریائی کے وسیلے سے اور تیری ذات کے نور کے وسیلے سے یہ بات کہ تو مجھ کو

الۡقُرۡاٰنَ الۡعَظِيۡمَ وَتُخۡلِطَهٗ بِلَحۡمِىۡ وَدَمِىۡ

قرآن نصیب کر دے اور میرے گوشت میرے خون، میرے کان

وَسَمْعِيْ وَبَصَرِيْ وَتَسْتَعْمِلَ بِهٖ جَسَدِيْ

اور میری آنکھ میں رچادے اور میرے جسم سے اس پر عمل

بِحَوْلِكَ وَقُوَّتِكَ فَاِنَّهٗ لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ

کرالے اپنی قوت اور طاقت کے ساتھ کیونکہ تیری مدد کے بغیر نہ قوت ہے

اِلَّا بِكَ. بِسْمِ اللّٰهِ ذِي الشَّأْنِ عَظِيْمِ

نہ طاقت، اس اللہ کے نام کی برکت سے جو بڑی شان والا، بڑی پکی

الْبُرْهَانِ شَدِيْدِ السُّلْطَانِ مَاشَآءَ اللّٰهُ

دلیل والا، بڑے دبدبہ والا ہے جو اللہ نے چاہا وہ ہوگیا میں اللہ تعالیٰ کی

كَانَ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ.

پناہ لیتا ہوں اس شیطان سے جو راندہ ہوا ہے۔

اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لِيْ فِي الْمَوْتِ وَفِيْمَا بَعْدَ

اے اللہ مجھے موت میں برکت عطا فرما اور موت کے بعد جو ہونا ہے اس میں بھی

الْمَوْتِ (خَمْسًا وَّعِشْرِيْنَ مَرَّةً). اَللّٰهُمَّ لَا تُؤْمِنَّا

برکت عطا فرما (یہ دعا پچیس مرتبہ پڑھے) اے اللہ تو ہم کو اپنی تدبیر سے بے خوف

مَكْرَكَ وَلَا تُنْسِنَا ذِكْرَكَ وَلَا تَهْتِكْ عَنَّا سِتْرَكَ

نہ بنا اور اپنی یاد ہم سے نہ بھلا اور اپنی عیب پوشی کا پردہ ہمارے اوپر سے

وَلَا تَجْعَلْنَا مِنَ الْغَافِلِيْنَ. اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ

اور ہمکو غافلوں میں سے نہ بنا۔ اے اللہ میں تیری پناہ

بِكَ مِنْ ضِيْقِ الدُّنْيَا وَضِيْقِ يَوْمِ الْقِيَامَةِ.

لیتا ہوں دُنیا کی تنگی سے اور قیامت کے دن کی تنگی سے

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ تَعْجِيْلَ عَافِيَتِكَ وَدَفْعَ

اے اللہ میں چاہتا ہوں تیری عافیت کا جلد آنا اور تیری بلا کا ہٹ جانا

بَلَائِكَ وَخُرُوْجًا مِّنَ الدُّنْيَا اِلٰى رَحْمَتِكَ. يَا

اور دنیا سے نکلنا (یعنی موت) تیری رحمت کی طرف، اے وہ ذات جو

مَنْ يَّكْفِيْ عَنْ كُلِّ اَحَدٍ وَّلَا يَكْفِيْ مِنْهُ اَحَدٌ.

سب کی بجائے تنہا کافی ہے۔ اور اس کی جگہ کوئی کافی نہیں

يَا اَحَدَ مَنْ لَّا اَحَدَ لَهٗ يَا سَنَدَ مَنْ لَّا سَنَدَ

ہوسکتا۔ اے وہ یکتا ذات جس کے لئے کوئی اور ذات یکتا نہیں، اے وہ ذات جو

لَهُ اِنْقَطَعَ الرَّجَاءُ اِلَّا مِنْكَ نَجِّنِیْ مِمَّا اَنَا فِيْهِ

سب کا سہارا ہے اور اس کا کوئی سہارا نہیں، سب سے امیدیں ٹوٹ گیئں مگر ایک

وَاَعِنِّیْ عَلٰى مَا اَنَا عَلَيْهِ مِمَّا نَزَلَ بِیْ بِجَاهِ

تیری ذات سے نجات بخشدے مجھ کو اس مصیبت سے جسمیں گرفتار ہوں اور میری مدد فرمادے میری

وَجْهِكَ الْكَرِيْمِ وَبِحَقِّ مُحَمَّدٍ عَلَيْكَ اٰمِيْن۔

اس مشکل کام میں جو مجھ پر آپڑا ہے اپنی کریم ذات کے صدقہ میں اور محمدؐ کے صدقہ میں جو تو نے اپنے ذمہ لازم

اَللّٰهُمَّ احْرُسْنِيْ بِعَيْنِكَ الَّتِيْ لَا تَنَامُ وَاكْنُفْنِيْ

فرمایا ہے۔ آمین۔ اے اللہ میری نگرانی فرما اپنی اس آنکھ سے جو سوتی نہیں اور پناہ

بِرُكْنِكَ الَّذِيْ لَا يُرَامُ وَارْحَمْنِيْ بِقُدْرَتِكَ عَلَيَّ

میں لے لے اپنی اس طاقت کے جس کا تصور بھی نہیں کیا جا سکتا اور مجھ پر رحم فرما دے

فَلَا اَهْلِكُ وَاَنْتَ رَجَائِيْ فَكَمْ مِّنْ نِّعْمَةٍ اَنْعَمْتَ

اپنی اس قدرت سے جو تجھ کو میرے اوپر حاصل ہے تاکہ میں ہلاک نہ ہوں اور میری امید بس تیری

بِهَا عَلَيَّ قَلَّ لَكَ بِهَا شُكْرِيْ وَكَمْ مِّنْ بَلِيَّةٍ

ہی ذات سے وابستہ ہے بہت سی نعمتیں جو تو نے میرے اوپر فرمائیں اور میں نے ان کا شکر

اِبْتَلَيْتَنِيْ بِهَا قَلَّ لَكَ بِهَا صَبْرِيْ فَيَا مَنْ قَلَّ

ادا نہ کیا اور کتنی مصیبتوں میں تو نے میری آزمائش کی اور میں نے ان پر کچھ صبر نہ کیا

عِنْدَ نِعْمَتِهٖ شُكْرِيْ فَلَمْ يَحْرِمْنِيْ وَيَا مَنْ قَلَّ

تو اے وہ ذات کہ جب میں نے اس کی نعمتوں کا شکر ادا نہ کیا تو اس پر

عِنْدَ بَلِيَّتِهٖ صَبْرِيْ فَلَمْ يَخْذُلْنِيْ وَيَا مَنْ

بھی اس نے مجھ کو محروم نہ رکھا اور جب اس کی آزمائش پر میں نے صبر نہ کیا

رَاٰنِی عَلَی الْخَطَایَا فَلَمْ یَفْضَحْنِیْ یَا ذَا

تو اس نے مجھ کو رسوا نہیں کیا، اے وہ مہربان کہ جب اس نے مجھے

الْمَعْرُوْفِ الَّذِیْ لَا یَنْقَضِیْ اَبَدًا وَّیَا ذَا النَّعْمَآءِ

خطا کرتے دیکھا تو بدنام نہ کیا، اے خوبیوں کے مالک جو کبھی

الَّتِیْ لَا تُحْصٰی اَبَدًا اَسْئَلُكَ اَنْ تُصَلِّیَ عَلٰی

فنا نہ ہوں گی اور اے انعامات فرمانیوالے جس کی کبھی شمار نہیں

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَعَلٰٓی

کی جاسکتی میں تجھ سے یہ درخواست کرتا ہوں کہ درود بھیج محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر

اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ، وَبِكَ

اور اولاد سیدنا محمد صلے اللہ علیہ وسلم پر، اے اللہ ہم دشمنوں

اَدْرَاُ فِیْ نُحُوْرِ الْاَعْدَآءِ وَالْجَبَابِرَۃِ. اَللّٰھُمَّ

اور ظالموں کو تیری ہی ذات کے سہارے سے دفع کرتے ہیں، اے اللہ

اَعِنِّیْ عَلٰی دِیْنِیْ بِالدُّنْیَا وَعَلٰٓی اٰخِرَتِیْ بِالتَّقْوٰی

دُنیا عطا فرما کر ہمارے دین میں ہماری مدد فرما اور تقویٰ نصیب

وَاحْفَظْنِیْ فِیْمَا غِبْتُ عَنْہُ وَلَا تَکِلْنِیْٓ اِلٰی

فرما کر ہماری آخرت میں مدد کر اور میری غیر حاضری میں میرے معاملات کی

نَفْسِیْ فِیْمَا حَضَرْتُهٗ یَا مَنْ لَّا تَضُرُّهُ الذُّنُوْبُ وَلَا

نگرانی کر اور میری موجودگی میں معاملات میری ذات کے سپرد نہ کر، اے وہ بے نیاز

تَنْقُصُهُ الْمَغْفِرَةُ هَبْ لِیْ مَا لَا یَنْقُصُكَ وَاغْفِرْ

بندوں کے گناہ جس کا کچھ بگاڑ نہیں سکتے اور انکو بخش دینا جس کے یہاں کمی کا باعث

لِیْ مَا لَا یَضُرُّكَ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ اَسْئَلُكَ فَرَجًا

نہیں ہوتا جو بات تیرے یہاں کمی کا باعث نہیں ہوتی وہ مجھے بخشدے اور جس سے تیرا کچھ بگڑتا

قَرِیْبًا وَّصَبْرًا جَمِیْلًا وَّرِزْقًا وَّاسِعًا وَّالْعَافِیَةَ مِنْ

نہیں وہ مجھے معاف کردے تو بڑا داتا ہے میں تجھ سے مانگتا ہوں مال میں کشادگی اور پسندیدہ

جَمِیْعِ الْبَلَاءِ وَاَسْئَلُكَ تَمَامَ الْعَافِیَةِ وَاَسْئَلُكَ دَوَامَ

صبر اور فراغت کی روزی اور ہر بلا سے عافیت اور تجھ سے پوری پوری عافیت کا طالب

الْعَافِیَةِ وَاَسْئَلُكَ الشُّكْرَ عَلَى الْعَافِیَةِ وَاَسْئَلُكَ

ہوں اور تجھ سے ہمیشہ کی عافیت کا طلب گار ہوں اور تجھ سے عافیت پر شکر گذاری کا طالب

الْغِنٰی عَنِ النَّاسِ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ

ہوں اور تجھ سے مانگتا ہوں لوگوں سے بے نیاز ہو جانا اور نہ قوت ہے اور نہ طاقت مگر اللہ

الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ یَا رَبِّ یَا رَبِّ یَا رَبِّ ؕ

تعالیٰ کی مدد سے جو بہت بلند اور بڑی عظمت والا ہے۔ اے میرے رب اے میرے رب اے میرے رب

اَلْمَنْزِلُ السَّادِسُ فِيْ يَوْمِ الْخَمِيْسِ

چھٹی منزل جمعرات کی

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بے حد مہربان نہایت رحم والا ہے۔

اَللّٰهُمَّ يَا كَبِيْرُ يَا سَمِيْعُ يَا بَصِيْرُ يَا مَنْ لَّا شَرِيْكَ لَهٗ

اے اللہ اے بہت بڑے، بڑے سننے والے، بڑے دیکھنے والے، اے وہ جس کا نہ کوئی

وَلَا وَزِيْرَ لَهٗ وَيَا خَالِقَ الشَّمْسِ وَالْقَمَرِ الْمُنِيْرِ وَ

شریک ہے نہ وزیر، اے آفتاب کے پیدا کرنے والے اور روشن کرنے والے چاند

يَا عِصْمَةَ الْبَائِسِ الْخَائِفِ الْمُسْتَجِيْرِ وَيَا رَازِقَ

کے پیدا کرنے والے اور اے پناہ اس محتاج کے جو خوف زدہ ہے اور پناہ کا طالب ہے

الطِّفْلِ الصَّغِيْرِ وَيَا جَابِرَ الْعَظْمِ الْكَسِيْرِ

اور اے رزق دینے والے چھوٹے بچے کے اور اے جوڑ دینے والے ٹوٹی ہڈی کے

اَدْعُوْكَ دُعَاءَ الْبَائِسِ الْفَقِيْرِ كَدُعَاءِ الْمُضْطَرِّ

میں تجھ کو اس طرح پکارتا ہوں جیسا کوئی محتاج فقیر پکارتا ہے جیسا کوئی

الضَّرِيْرِ، اَسْئَلُكَ بِمَعَاقِدِ الْعِزِّ مِنْ عَرْشِكَ وَ

مجبور اندھا پکارتا ہے میں تیرے عرش کے وسیلے سے تجھ سے مانگتا ہوں جس سے

بِمَفَاتِيْحِ الرَّحْمَةِ مِنْ كِتَابِكَ وَبِالْاَسْمَآءِ الثَّمَانِيَةِ

کہ عزت لپٹی ہوئی ہے اور تیری کتاب میں رحمت کے خزانوں کی کنجیوں کے صدقہ میں تجھ

الْمَكْتُوْبَةِ عَلٰى قَرْنِ الشَّمْسِ اَنْ تَجْعَلَ الْقُرْاٰنَ رَبِيْعَ

سے مانگتا ہوں اور تیرے ان آٹھ ناموں کے طفیل میں جو آفتاب پر لکھے ہوئے ہیں تجھ سے اسکا

قَلْبِيْ وَجَلَاءَ حُزْنِيْ رَبَّنَآ اٰتِنَا فِي الدُّنْيَا (یہاں اپنی

طالب ہوں کہ تو قرآن عظیم کو میرے دل کی بہار اور میرے غم کا علاج بنادے اے ہمارے پروردگار توہم کو دنیا میں نعمت عطا فرما

حاجت کہے) يَا مُوْنِسَ كُلِّ وَحِيْدٍ وَّيَا صَاحِبَ كُلِّ

اے ہر تنہا شخص کے غمخوار اور اے ہر اکیلے کے ہمدم اے وہ قریب جو ہم سے کہیں

فَرِيْدٍ وَّيَا قَرِيْبًا غَيْرَ بَعِيْدٍ وَّيَا شَاهِدًا غَيْرَ

دور نہیں اے وہ حاضر جو کہیں غائب نہیں اور اے وہ غالب جو کسی سے مغلوب نہیں

غَائِبٍ وَّيَا غَالِبًا غَيْرَ مَغْلُوْبٍ، يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ

اور اے ہمیشہ زندہ رہنے والے اور اے دوسروں کو تھامنے والے اور اے بزرگی بخشش

يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ يَا نُوْرَ السَّمٰوٰتِ وَ

کے مالک اے آسمانوں اور زمین کے نور اور اے آسمانوں اور زمین کی

الْاَرْضِ يَا زَيْنَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ يَا جَبَّارَ

زینت اے آسمانوں اور زمین کے زبردست مالک اور اے آسمانوں

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ يَا عِمَادَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ يَا

اور زمین کے سہارے اے آسمانوں اور زمین کے کسی نمونہ کے بغیر

بَدِيْعَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ يَا قَيَّامَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ

بنانے والے اور اے آسمانوں اور زمین کے کھڑا رکھنے والے اے

يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ يَا صَرِيْخَ الْمُسْتَصْرِخِيْنَ

ذوالجلال والاکرام اے فریاد کرنے والوں کے فریاد رس اور پناہ

وَمُنْتَهٰى الْعَآئِذِيْنَ وَالْمُفَرِّجَ عَنِ الْمَكْرُوْبِيْنَ

مانگنے والوں کی آخری پناہ اے دردمندوں کے درد دور کرنے والے

وَالْمُرَوِّحَ عَنِ الْمَغْمُوْمِيْنَ وَمُجِيْبَ دُعَاءِ

اور اے غمزدوں کے راحت رساں اور اے مجبوروں کی دعا قبول کرنے والے اور

الْمُضْطَرِّيْنَ وَيَا كَاشِفَ الْكُرَبِ يَآ اِلٰهَ الْعَالَمِيْنَ

اے بے چینیوں کے دور کرنے والے اور اے سارے جہانوں کے معبود اور اے سب

وَيَآ اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ مَنْزُوْلٌ بِكَ كُلُّ حَاجَةٍ.

رحم کرنیوالوں سے بڑھکر رحم کرنیوالے ساری ضرورتیں تیرے ہی سامنے پیش ہیں۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ مَّوْتِ الْهَمِّ وَاَعُوْذُ

اے اللہ میں تیری پناہ لیتا ہوں فکر کی موت سے اور تیری پناہ لیتا ہوں غم کی موت

بِكَ مِنْ مَّوْتِ الْغَمِّ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْجُوْعِ فَاِنَّهٗ

سے اور تیری پناہ لیتا ہوں بھوک سے کیونکہ انسان کے ساتھ

بِئْسَ الضَّجِيْعُ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْخِيَانَةِ فَاِنَّهَا

یہ بہت بُری ہمبستر ہے اور تیری پناہ لیتا ہوں خیانت سے کیوں کہ

بِئْسَتِ الْبِطَانَةُ ۔ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ سَرِيْرَتِيْ خَيْرًا

یہ اندرونی بُری خصلت ہے اے اللہ میرے باطن کو ظاہر سے

مِّنْ عَلَانِيَتِيْ وَاجْعَلْ عَلَانِيَتِيْ صَالِحَةً ۔ اَللّٰهُمَّ

بہتر بنا اور میرا ظاہر بھی بہتر بنا دے ۔ اے اللہ میں بھی تجھ

اِنِّيْٓ اَسْئَلُكَ مِنْ صَالِحِ مَا تُؤْتِي النَّاسَ مِنَ الْمَالِ

سے طالب ہوں ان اچھی چیزوں کا جو تو دوسروں کو عطا فرمائے مال ہو یا بی بی

وَالْاَهْلِ وَالْوَلَدِ غَيْرَ ضَآلٍّ وَّلَا مُضِلٍّ ۔ اَللّٰهُمَّ

یا بچہ جو نہ خود گمراہ ہو نہ دوسروں کو گمراہ کرنے والا ہو۔ اے اللہ

اجْعَلْنَا مِنْ عِبَادِكَ الْمُنْتَخَبِيْنَ الْغُرِّ الْمُحَجَّلِيْنَ

تو ہم کو اپنے بندوں میں بنا لے جو تیرے یہاں چنے ہوئے ہوں روشن چہرہ اور چمکدار ہاتھ پیر

الْوَفْدِ الْمُتَقَبَّلِيْنَ ۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ

والے ہوں اور مقبول جماعتوں میں ہوں اے اللہ میں تیری پناہ چاہتا ہوں اس بات سے کہ

اَنْ اُشْرِكَ بِكَ شَيْئًا وَّاَنَا اَعْلَمُ بِهٖ وَاَسْتَغْفِرُكَ

تیرے ساتھ کسی کو شریک ٹھہراؤں۔ اور میں یہ جانتا بھی ہوں اور تجھ سے استغفار کرتا ہوں

لِمَا لَآ اَعْلَمُ بِهٖ. اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَعُوْذُ بِوَجْهِكَ الْكَرِيْمِ

اسکی جسکو میں نہ جانتا ہوں، اے اللہ میں تیرے بزرگی والے چہرہ اور تیرے بڑائی

وَبِاسْمِكَ الْعَظِيْمِ مِنَ الْكُفْرِ وَالْفَقْرِ. اَللّٰهُمَّ

والے نام کے صدقہ میں کفر اور محتاجی سے پناہ مانگتا ہوں۔ اے اللہ

قِنِيْ شَرَّ نَفْسِيْ وَاعْزِمْ لِيْ عَلٰٓى اَرْشَدِ اَمْرِيْ.

مجھ کو میرے نفس کے شر سے بچا اور مجھ کو میری ہدایت کے کاموں کے کرنے کی ہمت بخشدے

اَللّٰهُمَّ لَا تَكِلْنِيْ اِلٰى نَفْسِيْ طَرْفَةَ عَيْنٍ وَّلَا

اے اللہ تو مجھکو پل جھپکنے کے برابر بھی میرے نفس کے سپرد نہ فرما اور جو نیکی مجھ کو تو عطا فرما چکا ہے

تَنْزِعْ مِنِّيْ صَالِحَ مَآ اَعْطَيْتَنِيْ فَاِنَّهٗ لَا نَازِعَ لِمَا

اس کو پھر مجھ سے نہ چھین کیوں کہ جو تو دیدے اس کا چھیننے والا کوئی نہیں (اور جو تو نہ دے اس کا

اَعْطَيْتَ وَلَا يَعْصِمُ ذَا الْجَدِّ مِنْكَ الْجَدُّ. اَللّٰهُمَّ

دینے والا پھر کوئی نہیں) اور تیرے یہاں کسی مالدار کا مال اس کے کار آمد نہیں ہوتا۔ اے اللہ

اِنِّيْٓ اَسْئَلُكَ غِنَى الْاَهْلِ وَالْمَوْلٰى وَاَعُوْذُبِكَ اَنْ

میں تجھ سے اپنے گھر والوں اور اپنے غم خواروں کی مالداری مانگتا ہوں اور تیری پناہ لیتا ہوں

يَدْعُو عَلَىٰ رَحِمٍ قَطَعَهَا. اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ نَفْسًا

رشتے ناتے کی بد دعا سے جس کو میں نے کاٹ دیا ہو اے اللہ میں تجھ سے ایسا نفس مانگتا ہوں جس کو

بِكَ مُطْمَئِنَّةً تُؤْمِنُ بِلِقَائِكَ وَتَرْضٰى بِقَضَائِكَ

چین پڑے تیری ذات سے اور جو تیری ملاقات کا یقین رکھے اور تیرے حکم پر راضی رہے اور

وَتَقْنَعُ بِعَطَائِكَ. اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ

تیری بخشش پر قناعت کرے، اے اللہ میں تیری پناہ مانگتا ہوں ان جانوروں کے

شَرِّ مَنْ يَّمْشِیْ عَلٰى بَطْنِهٖ وَمِنْ شَرِّ مَنْ يَّمْشِیْ

شر سے جو پیٹ کے بل چلتے ہیں اور ان کے شر سے جو دو پیروں پر

عَلٰى رِجْلَيْنِ وَمِنْ شَرِّ مَنْ يَّمْشِیْ عَلٰٓى اَرْبَعٍ.

چلتے ہیں اور ان کے شر سے جو چار پیروں پر چلتے ہیں۔ اے اللہ میں تیری پناہ لیتا

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنِ امْرَاَةٍ تُشَيِّبُنِیْ قَبْلَ

ہوں ایسی عورت سے جو بڑھاپے سے پہلے مجھ کو بوڑھا بنادے اور تیری پناہ لیتا ہوں ایسی

الْمَشِيْبِ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ وَّلَدٍ يَّكُوْنُ عَلَیَّ وَبَالًا وَّ

اولاد سے جو میرے لئے وبال جان بن جائے اور تیری پناہ لیتا ہوں ایسے

اَعُوْذُبِكَ مِنْ مَّالٍ يَّكُوْنُ عَلَیَّ عَذَابًا وَّاَعُوْذُ

مال سے جو میرے لئے عذاب کا سبب بنے اور تیری پناہ لیتا ہوں اس

بِكَ مِنْ صَاحِبٍ خَدِيْعَةٍ اِنْ رَّاٰى حَسَنَةً دَفَنَهَا

دغاباز دوست سے جو نیکی دیکھے تو اس کو دبا دے اور برائی دیکھے تو اس کو

وَاِنْ رَّاٰى سَيِّئَةً اَفْشَاهَا. اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ تَعْلَمُ

لوگوں میں کہتا پھرے۔ اے اللہ تو میرے چھپے اور کھلے کا جاننے والا ہے

سِرِّىْ وَعَلَانِيَتِىْ فَاقْبَلْ مَعْذِرَتِىْ وَتَعْلَمُ

تو میری معذرت قبول فرمالے اور میری ضرورت کو جانتا ہے تو مجھ کو میری

حَاجَتِىْ فَاَعْطِنِىْ سُؤْلِىْ وَتَعْلَمُ مَا فِىْ نَفْسِىْ

حاجت کی چیز عطا فرمادے اور تو جانتا ہے جو کچھ مجھ میں ہے تو میرے گناہ بخشدے

فَاغْفِرْ لِىْ ذُنُوْبِىْ. اَللّٰهُمَّ اِنِّىْٓ اَسْئَلُكَ اِيْمَانًا

اے اللہ میں تجھ سے وہ ایمان مانگتا ہوں جو میرے دل میں رچ جائے اور سچا یقین ہتاکہ

يُّبَاشِرُ قَلْبِىْ وَيَقِيْنًا صَادِقًا حَتّٰٓى اَعْلَمَ اَنَّهٗ لَا

میں اس پر یقین رکھوں کہ مجھ کو نہیں پہونچ سکتا مگر وہ جو تو نے میرے مقدر میں لکھدیا

يُصِيْبُنِىْٓ اِلَّا مَا كَتَبْتَ لِىْ وَرِضًا بِمَا قَسَمْتَ لِىْ

اور عطا فرمادے مجھ کو رضامندی اس پر جو تو نے مجھ کو بانٹ کر دے دیا ہے۔

اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيْرٌ. اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ

بے شک تو ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے۔ اے اللہ سب تعریف تجھ ہی کو زیبا ہے

حَمْدًا دَائِمًا مَّعَ دَوَامِكَ وَلَكَ الْحَمْدُ حَمْدًا

ہمیشہ رہنے والی تیری ہمیشگی کے ساتھ سب تعریف تجھ ہی کو زیبا ہے

خَالِدًا مَّعَ خُلُوْدِكَ وَلَكَ الْحَمْدُ حَمْدًا لَّا مُنْتَهٰى

باقی رہنے والی تیری ہمیشگی کے ساتھ اور اے اللہ تجھ ہی کو سب تعریف ہے

لَهٗ دُوْنَ مَشِيْئَتِكَ وَلَكَ الْحَمْدُ حَمْدًا دَائِمًا

جس کا تیری مشیت سے پہلے کہیں خاتمہ نہ ہو اور اے اللہ تجھ ہی کو سب

لَّا يُرِيْدُ قَائِلُهٗ اِلَّا رِضَاكَ وَلَكَ الْحَمْدُ حَمْدًا

تعریف زیبا ہے ہمیشہ ہمیشہ ایسی تعریف جس کا کرنے والا تیری رضامندی کے سوا

عِنْدَ كُلِّ طَرْفَةِ عَيْنٍ وَّتَنَفُّسِ كُلِّ نَفْسٍ.

اور کوئی نیت نہ رکھتا ہو اور تجھ ہی کو سب تعریف زیبا ہے اتنی بار کہ آنکھ جھپکے

اَللّٰهُمَّ اَقْبِلْ بِقَلْبِيْ اِلٰى دِيْنِكَ وَاحْفَظْ مِنْ

اور جاندار سانس لے۔ اے اللہ میرے دل کو اپنے دین کی طرف راغب کر دے اور ہمارے

وَّرَآءِنَا بِرَحْمَتِكَ. اَللّٰهُمَّ ثَبِّتْنِيْ اَنْ اَزِلَّ وَ

پیچھے اپنی رحمت کے ساتھ ہماری رکھوالی رکھ۔ اے اللہ مجھے سنبھالے رہ کہیں پھسل نہ جاؤں

اهْدِنِيْ اَنْ اَضِلَّ. اَللّٰهُمَّ كَمَا حُلْتَ بَيْنِيْ وَ

اور مجھے ہدایت عطا فرما دے کہیں گمراہ نہ ہو جاؤں۔ اے اللہ جس طرح تو میرے اور میرے

بين قلبي فحل بيني وبين الشيطان وعمله

دل کے درمیان آگیا ہے اسی طرح تو میرے اور شیطان اور اسکے عمل کے درمیان حائل

اللهم ارزقنا من فضلك ولا تحرمنا رزقك و

ہو جا۔ اے اللہ ہم کو اپنے فضل سے رزق عطا فرما اور اپنا رزق ہم سے مت روک اور جو

بارك لنا في ما رزقتنا واجعل غناءنا في انفسنا و

رزق تو نے ہم کو عطا فرمایا ہے اس میں ہمیں برکت دے اور ہم کو دل کی تونگری عطا

اجعل رغبتنا في ما عندك. اللهم انك خلاق

فرما اور ہمارے دل میں ان نعمتوں کی رغبت ڈال دے جو تیرے پاس ہیں۔ اے اللہ تو سب

عظيم انك سميع عليم انك غفور رحيم انك

کا پیدا فرمانے والا بڑی عظمت والا ہے تو بڑا سننے والا اور سب کچھ جاننے والا ہے۔ بیشک تو بڑا

رب العرش العظيم. اللهم انك البر الجواد

بخشنے والا اور بڑا مہربان ہے، بیشک تو عظمت والے عرش کا مالک ہے۔ اے اللہ تو ہی ہے بہت

الكريم اغفر لي وارحمني وعافني وارزقني و

بڑا محسن بڑا سخی اور کرم کرنے والا میرے گناہ بخشدے اور مجھ پر رحم فرما اور مجھے عافیت دے

استرني واجبرني وارفعني واهدني ولا

اور مجھے رزق عطا فرما اور میرے عیب چھپالے اور میری اصلاح فرما اور مجھ کو ہدایت

تُضِلَّنِيْ وَاَدْخِلْنِي الْجَنَّةَ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ

نصیب فرمادے اور گمراہ نہ کر، اے ارحم الراحمین اپنی رحمت سے مجھ کو جنت میں داخل فرمادے

اِلَيْكَ رَبِّ فَحَبِّبْنِيْ وَفِيْ نَفْسِيْ لَكَ رَبِّ فَذَلِّلْنِيْ

اے میرے رب تو مجھے اپنی بارگاہ میں پسند فرمالے، اے میرے رب تو اپنے لئے مجھکو

وَفِيْ اَعْيُنِ النَّاسِ فَعَظِّمْنِيْ وَمِنْ سَيِّئِ الْاَخْلَاقِ

میری نظروں میں ذلیل رکھ اور دوسروں کی نظروں میں عزّت والا کردے اور بُرے

فَجَنِّبْنِيْ. اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ سَاَلْتَنَا مِنْ اَنْفُسِنَا مَا لَا

اخلاق سے مجھے محفوظ رکھ، اے اللہ تو نے ہم سے وہ چیز طلب فرمائی ہے جس کے ہم مالک نہیں

نَمْلِكُهٗ اِلَّا بِكَ فَاَعْطِنَا مِنْهَا مَا يُرْضِيْكَ عَنَّا. اَللّٰهُمَّ

ہیں مگر تیری ہی مدد کے ساتھ لہٰذا اب تو اس میں سے ہمکو وہ عمل عطا فرما جو تجھکو ہم سے راضی کردے

اِنِّيْ اَسْئَلُكَ اِيْمَانًا دَآئِمًا وَّاَسْئَلُكَ قَلْبًا خَاشِعًا

اے اللہ میں تجھ سے وہ ایمان مانگتا ہوں جو ہمیشہ رہنے والا ہو اور وہ قلب جو عاجزی کرنے

وَّاَسْئَلُكَ يَقِيْنًا صَادِقًا وَّاَسْئَلُكَ دِيْنًا قَيِّمًا وَّ

والا ہو اور میں تجھ سے مانگتا ہوں یقین سچا اور تجھ سے طلب کرتا ہوں ٹھیک ٹھیک دین

اَسْئَلُكَ الْعَافِيَةَ مِنْ كُلِّ بَلِيَّةٍ وَّاَسْئَلُكَ دَوَامَ

اور تجھ سے مانگتا ہوں ہر بلا سے عافیت اور تجھ سے چاہتا ہوں ہمیشہ کا

الْعَافِيَةِ وَاَسْئَلُكَ الشُّكْرَ عَلَى الْعَافِيَةِ وَاَسْئَلُكَ

چین اور عافیت پر شکر گذاری، اور تجھ سے مانگتا ہوں لوگوں سے بے نیاز ہو جانا

الْغِنٰى عَنِ النَّاسِ. اَللّٰهُمَّ اِنِّىٓ اَعُوْذُبِكَ مِنْ

اے اللہ میں تیری پناہ لیتا ہوں مالداری پر اکڑنے سے اور فقیری کی

بَطَرِ الْغِنٰى وَمَذَلَّةِ الْفَقْرِ يَامَنْ وَّعَدَ فَوَفٰى

ذلت سے، اے وہ ذات جس نے وعدہ فرمایا تو پورا فرمایا اور عذاب کو کہا تو بخش دیا

وَاَوْعَدَ فَعَفَا اغْفِرْ لِمَنْ ظَلَمَ وَاَسَآءَ يَامَنْ

معاف فرمادے اس شخص کو جس نے ظلم کیا ہے اور برا عمل کرایا ہے، اے وہ خدا جس کو

يَّسُرُّهٗ طَاعَتِىْ وَلَاتَضُرُّهٗ مَعْصِيَتِىْ هَبْ لِىْ مَا

میری فرمانبرداری خوش کردیتی ہے اور میری نافرمانی اس کا کچھ بگاڑتی نہیں جو بات تجھکو خوش

يَسُرُّكَ وَاغْفِرْ لِىْ مَالَا يَضُرُّكَ. اَللّٰهُمَّ اِنِّىٓ

کرتی ہے تو مجھ کو عطا فرمادے اور جو بات تیرا کچھ بگاڑتی نہیں تو مجھ کو وہ معاف فرمادے، اے اللہ

اَعُوْذُبِكَ مِنَ الشَّكِّ فِى الْحَقِّ بَعْدَ الْيَقِيْنِ

میں تیری پناہ لیتا ہوں یقین کر لینے کے بعد حق میں شک کرنے سے اور

وَاَعُوْذُبِكَ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ وَاَعُوْذُ

تیری پناہ لیتا ہوں شیطان مردود سے اور تیری پناہ لیتا ہوں

بِكَ مِنْ شَرِّ يَوْمِ الدِّيْنِ. اَللّٰهُمَّ اِنِّىْ اَسْتَغْفِرُكَ

قیامت کے دن کے شر سے، اے اللہ میں تجھ سے معافی مانگتا ہوں اُن گناہوں

لِمَا تُبْتُ اِلَيْكَ مِنْهُ ثُمَّ عُدْتُّ فِيْهِ وَاَسْتَغْفِرُكَ

سے جو میں نے توبہ کرنے کے بعد پھر کئے ہیں اور میں تجھ سے معافی مانگتا ہوں ان عدوں

لِمَا اَعْطَيْتُكَ مِنْ نَّفْسِىْ ثُمَّ لَمْ اُوْفِ لَكَ بِهٖ وَ

کی بھی جو میں نے اپنی جانب سے تجھ سے کئے تھے اور پھر میں نے وہ تجھ سے پورے نہ کئے

اَسْتَغْفِرُكَ لِلنِّعَمِ الَّتِىْ تَقَوَّيْتُ بِهَا عَلٰى مَعْصِيَتِكَ

اور معافی مانگتا ہوں اُن نعمتوں کی بھی جن کو میں نے تیری نافرمانی کرنیکا ذریعہ بنا لیا ہو

وَاَسْتَغْفِرُكَ لِكُلِّ خَيْرٍ اَرَدْتُّ بِهٖ وَجْهَكَ

اور تجھ سے معافی مانگتا ہوں ہر اس بھلائی کی بھی جس کو میں نے تیری نیت سے کرنے کا

فَخَالَطَنِىْ فِيْهِ مَا لَيْسَ لَكَ. اَللّٰهُمَّ لَا تُخْزِنِىْ

ارادہ کیا پھر اس میں شامل ہو گیا جو تیری ذات کیلئے نہ تھا۔ اے اللہ تو مجھے رسوا نہ کرنا کیونکہ

فَاِنَّكَ بِىْ عَالِمٌ فَلَا تُعَذِّبْنِىْ فَاِنَّكَ عَلَىَّ قَادِرٌ.

تو مجھے خوب جانتا ہے اور تو مجھے عذاب نہ دینا کیونکہ تو ہر طرح مجھ پر قادر ہے

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِىْ مِمَّنْ تَوَكَّلَ عَلَيْكَ فَكَفَيْتَهٗ

اے اللہ تو مجھے اُن لوگوں میں بنا لے جنہوں نے تیری ذات پر بھروسہ کیا تو اُن کیلئے

وَاسْتَهْدَاكَ فَهَدَيْتَهٗ وَاسْتَنْصَرَكَ فَنَصَرْتَهٗ.

تو کافی ہوگیا اور جنہوں نے تجھ سے ہدایت مانگی تو تونے ان کو نصیب فرمادی اور تجھ سے مدد

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ وَسَاوِسَ قَلْبِیْ خَشْيَتَكَ وَذِكْرَكَ

مانگی تو تونے اُن کی مدد فرمادی، اے اللہ بنادے میرے دل کے خیالات اپنا خوف اور اپنی یاد

وَاجْعَلْ هِمَّتِیْ وَهَوَایَ فِيْمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰی. اَللّٰهُمَّ

اور لگادے میری ہمت اور خواہش کو اُن عملوں میں جو تجھ کو پسند ہوں اور تو اُن سے راضی ہو،

مَا ابْتَلَيْتَنِیْ بِهٖ مِنْ رَّخَآءٍ وَّشِدَّةٍ فَمَسِّكْنِیْ

اے اللہ نرمی اور سختی جس میں بھی تو نے مجھ کو آزمایا ہو تو اس میں مجھ کو صحیح طریقہ پر

بِسُنَّةِ الْحَقِّ وَشَرِيْعَةِ الْاِسْلَامِ. اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ

اور شریعت اسلام پر قائم رکھنا۔ اے اللہ میں تجھ سے مانگتا

اَسْئَلُكَ تَمَامَ النِّعْمَةِ فِی الْاَشْيَآءِ كُلِّهَا وَالشُّكْرَ لَكَ

ہوں سب چیزوں میں پورا ہونا نعمت کا اور اس پر تیرا شکر کرنا

عَلَيْهَا حَتّٰی تَرْضٰی وَبَعْدَ الرِّضَا الْخِيَرَةَ فِیْ جَمِيْعِ مَا

کہ تو راضی ہو جائے اور انتخاب فرمانا تمام ایسی چیزوں میں جن میں انتخاب

يَكُوْنُ فِيْهِ الْخِيَرَةُ وَبِجَمِيْعِ مَيْسُوْرِ الْاُمُوْرِ كُلِّهَا

ہوتا ہے اور پسند فرمانا سب آسان کاموں کا نہ اُن کاموں کا جو مشکل ہوں

لَا بِمَعْسُوْرٍ هَا يَا كَرِيْمُ. اَللّٰهُمَّ فَالِقَ الْاِصْبَاحِ

اے بزرگی و شرف والے۔ اے اللہ صبح کو پھاڑ کر نکالنے والے اور رات

وَجَاعِلَ اللَّيْلِ سَكَنًا وَّالشَّمْسِ وَالْقَمَرِ حُسْبَانًا

کو سکون و آرام کے لئے بنانے والے اور سورج اور چاند کو حساب سے چلانیوالے

اِقْضِ عَنِّي الدَّيْنَ وَاَغْنِنِي مِنَ الْفَقْرِ وَقَوِّنِي

میرا قرض ادا کر دے اور مجھ کو محتاجی سے بے نیاز فرما دے اور اپنے راستہ میں

عَلَى الْجِهَادِ فِي سَبِيْلِكَ. اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ فِي

جہاد کی طاقت بخش۔ اے اللہ تیری تعریف تیری آزمائش پر اور تیرے ہر

بَلَائِكَ وَصَنِيْعِكَ اِلٰى خَلْقِكَ وَلَكَ الْحَمْدُ فِي

سلوک پر جو تو اپنی مخلوق کے ساتھ کرے، اے اللہ تیری تعریف تیری آزمائش

بَلَائِكَ وَصَنِيْعِكَ اِلٰى اَهْلِ بُيُوْتِنَا وَلَكَ الْحَمْدُ

پر اور تیرے ہر عمل پر جو تو ہمارے گھر والوں کے ساتھ کرے اور تیری تعریف

فِي بَلَائِكَ وَصَنِيْعِكَ اِلٰى اَنْفُسِنَا خَاصَّةً وَّلَكَ

تیری آزمائش پر جو تو خاص ہماری جانوں کے ساتھ کرے اور تیری تعریف اس پر بھی

الْحَمْدُ بِمَا هَدَيْتَنَا وَلَكَ الْحَمْدُ بِمَا اَكْرَمْتَنَا

کہ تو نے ہم کو ہدایت دی اور تعریف اس پر بھی کہ تو نے ہم کو شرف بخشا

وَلَكَ الْحَمْدُ بِمَا سَتَرْتَنَا وَلَكَ الْحَمْدُ بِالْقُرْاٰنِ

اور تیری تعریف اس پر بھی کہ تو نے ہماری پردہ پوشی فرمائی اور تیری تعریف اس پر کہ تو نے

وَلَكَ الْحَمْدُ بِالْاَهْلِ وَالْمَالِ وَلَكَ الْحَمْدُ

قرآن عطا کیا اور تیری تعریف اس پر کہ تو نے گھر والے اور مال بھی بخشا اور تیری تعریف

بِالْمُعَافَاةِ وَلَكَ الْحَمْدُ حَتّٰى تَرْضٰى وَلَكَ الْحَمْدُ

عافیت عطا فرمانے پر اور تیری تعریف اتنی کہ تو راضی ہو جائے اور تیری تعریف اسوقت بھی

اِذَا رَضِيْتَ يَا اَهْلَ التَّقْوٰى وَاَهْلَ الْمَغْفِرَةِ

جب تو راضی ہو جائے۔ اے وہ ذات جس سے ڈرنا اور معافی طلب کرنا اس کی شایان شان

اَللّٰهُمَّ وَفِّقْنِيْ لِمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰى مِنَ الْقَوْلِ وَالْعَمَلِ

ہے۔ اے اللہ مجھ کو توفیق بخش ہر اس بات کی جس کو تو پسند فرمائے اور جس سے تو راضی ہو یعنی

وَالْفِعْلِ وَالنِّيَّةِ وَالْهُدٰى اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ

قول کی، عمل کی اور فعل کی نیت کی اور ہدایت کی، بے شک تو سب کچھ کر سکتا

قَدِيْرٌ. اَللّٰهُمَّ رَبَّ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ وَرَبَّ الْعَرْشِ

ہے۔ اے اللہ ساتوں آسمانوں کے مالک اور عرش عظیم کے مالک

الْعَظِيْمِ. اَللّٰهُمَّ اكْفِنِيْ كُلَّ مُهِمٍّ مِّنْ حَيْثُ شِئْتَ

اے اللہ میری ہر مشکل میں کافی ہو جا جس طرح سے تو چاہے

وَمِنْ اَيْنَ شِئْتَ حَسْبِيَ اللّٰهُ لِدِيْنِيْ حَسْبِيَ اللّٰهُ لِمَآ

اور جس جگہ سے تو چاہے اللہ تعالیٰ ہی مجھے کافی ہے میرے دین کیلئے اللہ تعالیٰ ہی مجھے کافی ہے

اَهَمَّنِيْ حَسْبِيَ اللّٰهُ لِمَنْ بَغٰى عَلَيَّ حَسْبِيَ اللّٰهُ لِمَنْ

ان سب باتوں کیلئے جو مجھے فکر میں مبتلا کریں اللہ تعالیٰ ہی مجھے کافی ہے جو مجھ پر ظلم کرے

حَسَدَنِيْ حَسْبِيَ اللّٰهُ لِمَنْ كَادَنِيْ بِسُوْٓءٍ حَسْبِيَ اللّٰهُ

اللہ تعالیٰ ہی مجھے کافی ہے اس شخص کیلئے جو مجھ پر حسد کرے اللہ تعالیٰ ہی مجھے کافی ہے اُس شخص کیلئے

عِنْدَ الْمَوْتِ حَسْبِيَ اللّٰهُ عِنْدَ الْمَسْأَلَةِ فِي الْقَبْرِ

جو مجھے فریب دے بُرائی سے اللہ تعالیٰ ہی مجھے کافی ہے موت کے وقت اللہ تعالیٰ ہی مجھے کافی ہے قبر میں

حَسْبِيَ اللّٰهُ عِنْدَ الْمِيْزَانِ حَسْبِيَ اللّٰهُ عِنْدَ الصِّرَاطِ

سوال کے وقت اللہ تعالیٰ ہی مجھے کافی ہے میزان کے پاس اللہ تعالیٰ ہی مجھے کافی ہے پل صراط کے اوپر

حَسْبِيَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ

اللہ تعالیٰ ہی مجھے کافی ہے معبود کوئی نہیں سوائے اس کے اسی پر میں نے بھروسہ کیا

الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ۔ اَللّٰهُمَّ حَبِّبِ الْمَوْتَ اِلٰى مَنْ

وہی مالک ہے عرش عظیم کا، اے اللہ موت محبوب بنادے اس شخص کو

يَّعْلَمُ اَنَّ سَيِّدَنَا مُحَمَّدًا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

جس کو یقین ہو اس پر کہ سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم تیرے

رَسُوْلُكَ ۔ اَللّٰھُمَّ اِنَّكَ رَبٌّ عَظِيْمٌ لَّا يَسَعُكَ

رسول ہیں۔ اے اللہ تو بڑی عظمت والا رب ہے کوئی چیز تجھ کو نہیں سماتی

شَيْءٌ مِّمَّا خَلَقْتَ وَاَنْتَ تَرٰی وَلَا تُرٰی وَاَنْتَ

جو تو نے پیدا کی اور تو سب کو دیکھتا ہے اور خود تو دیکھا نہیں جاتا

بِالْمَنْظَرِ الْاَعْلٰی وَاَنَّ لَكَ الْاٰخِرَةَ وَالْاُوْلٰی وَلَكَ

اور تو سب سے بلند منظر پر ہے اور تیرے ہی لئے ہے آخرت اور دنیا اور تیرے

الْمَمَاتُ وَالْمَحْيَا وَاِلَيْكَ الْمُنْتَهٰی وَالرُّجْعٰی نَعُوْذُ

ہی لئے ہے مرنا اور جینا اور تیری ہی طرف ہے سب کا پہنچنا اور سب کا پھر لوٹ کر آنا

بِكَ اَنْ نَّذِلَّ وَنَخْزٰی ۔ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ

ہم تیری طرف پناہ لیتے ہیں اس بات سے کہ ہم ذلیل و رسوا ہوں۔ اے اللہ میں تجھ سے مانگتا

ثَوَابَ الشَّاكِرِيْنَ وَنُزُلَ الْمُقَرَّبِيْنَ وَمُرَافَقَةَ

ہوں ثواب شکر کرنیوالوں کا اور مہمانی مقرب بندوں کی اور نبیوں کا

النَّبِيِّيْنَ وَيَقِيْنَ الصِّدِّيْقِيْنَ وَذِلَّةَ الْمُتَّقِيْنَ

ساتھ اور صدیق لوگوں کا یقین اور پرہیزگاروں کی عاجزی

وَاِخْبَاتَ الْمُوْقِنِيْنَ حَتّٰی تَوَفَّانِیْ عَلٰی ذٰلِكَ

اور یقین والوں کا خشوع یہاں تک کہ اٹھائے تو مجھ کو اسی حالت پر

يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ. اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ بِنِعْمَتِكَ

اے ارحم الراحمین۔ اے اللہ میں مانگتا ہوں ان نعمتوں کے صدقے

السَّابِقَةِ عَلَيَّ وَبَلَائِكَ الْحَسَنِ الَّذِيْ ابْتَلَيْتَنِيْ

سے جو پہلے ہو چکی ہیں اور وسیلہ سے تیری اس اچھی آزمائش کے جس سے تو نے میرا

بِهٖ وَفَضْلِكَ الَّذِيْ فَضَّلْتَ عَلَيَّ اَنْ تُدْخِلَنِي الْجَنَّةَ

امتحان کیا ہو اور وسیلہ سے تیرے اس فضل کے جو تو نے مجھ پر فرمایا یہ بات کہ تو اپنے

بِمَنِّكَ وَفَضْلِكَ وَرَحْمَتِكَ. اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ

احسان، اپنے فضل اور اپنی رحمت سے مجھے جنت میں داخل فرمادے، اے اللہ میں تجھ سے مانگتا ہوں

بِوَجْهِكَ الْكَرِيْمِ وَاَمْرِكَ الْعَظِيْمِ اَنْ تُجِيْرَنِيْ مِنَ

تیری کریم ذات کے وسیلے سے اور تیرے عظمت والے حکم کے وسیلے سے یہ بات کہ تو مجھ کو

النَّارِ وَالْكُفْرِ وَالْفَقْرِ. اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ

پناہ دیدے دوزخ کی آگ سے اور کفر سے اور محتاجی سے۔ اے اللہ میں تیری پناہ لیتا

مَّوْتِ الْفُجَاءَةِ وَمِنْ لَّدْغَةِ الْحَيَّةِ وَمِنَ السَّبُعِ

ہوں اچانک موت سے اور سانپ کے کاٹنے سے اور درندوں سے

وَمِنَ الْغَرَقِ وَمِنَ الْحَرَقِ وَمِنْ اَنْ اَخِرَّ عَلٰى

اور ڈوب جانے سے اور جل جانے سے اور اس بات سے کہ میں کسی چیز

شَیءٍ وَّمِنَ الْقَتْلِ عِنْدَ فِرَارِ الزَّحْفِ. اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ

پر گر پڑوں اور لشکر کے بھاگنے کے وقت قتل ہونے سے۔ اے اللہ میں تجھ

اَسْئَلُكَ اِیْمَانًا دَآئِمًا وَّهُدًی قَیِّمًا وَّعِلْمًا نَّافِعًا.

سے مانگتا ہوں ایمان ہمیشہ رہنے والا اور ٹھیک ہدایت اور نفع بخش علم

اَللّٰهُمَّ لَا تَجْعَلْ لِّفَاجِرٍ عِنْدِیْ نِعْمَةً اُكَافِیْهِ بِهَا

اے اللہ تو کسی فاسق کا احسان میرے اوپر نہ رکھنا جس کا بدلہ مجھے دُنیا

فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ. اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِیْ ذَنْبِیْ وَ

اور آخرت میں دینا پڑے۔ اے اللہ میرے گناہ بخش دے اور

وَسِّعْ لِیْ خُلُقِیْ وَطَیِّبْ لِیْ كَسْبِیْ وَقَنِّعْنِیْ بِمَا

میرے اخلاق وسیع کر دے اور میری کمائی پاک کر دے اور جو روزی مجھکو عطا فرمائے اُس پر

رَزَقْتَنِیْ وَلَا تُذْهِبْ طَلَبِیْ اِلٰی شَیْءٍ صَرَفْتَهٗ عَنِّیْ

قناعت نصیب فرما اور جو چیز تو مجھ سے ہٹالے تو میرے دل میں اسکی تلاش باقی نہ رکھ

اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ بِسْمِ اللّٰهِ عَلٰی نَفْسِیْ

اللہ کی ذات سب سے بڑی ہے اللہ کی ذات سب سے بڑی ہے اللہ تعـ

وَدِیْنِیْ بِسْمِ اللّٰهِ عَلٰی اَهْلِیْ وَمَالِیْ بِسْمِ اللّٰهِ عَلٰی

کے نام کی برکت میری جان پر اور میرے دین پر اللہ تعالیٰ کے نام کی برکت میرے گھر والوں پر اور میرے

كُلِّ شَيْءٍ أَعْطَانِي رَبِّي بِسْمِ اللهِ خَيْرِ الْأَسْمَاءِ

مال پر اور اللہ تعالیٰ کے نام کی برکت ہر اس چیز پر جو میرے پروردگار نے مجھ کو عطا کی۔ اللہ

بِسْمِ اللهِ رَبِّ الْأَرْضِ وَالسَّمَاءِ بِسْمِ اللهِ

تعالیٰ کے نام سے جو سب ناموں سے بہتر ہے۔ اللہ تعالیٰ کے نام سے جو رب ہے زمین و آسمان کا۔ اللہ تعالیٰ

الَّذِي لَا يَضُرُّ مَعَ اسْمِهِ دَاءٌ بِسْمِ اللهِ افْتَتَحْتُ

کے اس نام سے جس کی برکت سے کوئی بیماری نقصان نہیں پہنچا سکتی۔ اللہ تعالیٰ ہی کے نام کی برکت سے

وَعَلَى اللهِ تَوَكَّلْتُ اللهُ اللهُ رَبِّي لَا أُشْرِكُ

میں نے شروع کیا اور اللہ تعالیٰ ہی کی ذات پر میں نے بھروسہ کیا۔ اللہ ہی اللہ میرا پروردگار ہے میں کسی کو

بِهِ أَحَدًا. أَسْئَلُكَ اللَّهُمَّ بِخَيْرِكَ مِنْ خَيْرِكَ

اس کا شریک نہیں ٹھہراتا۔ اے اللہ میں تیرے خیر کے وسیلہ سے تجھ سے مانگتا ہوں وہ بھلائی جو

الَّذِي لَا يُعْطِيهِ غَيْرُكَ عَزَّ جَارُكَ وَجَلَّ

تیرے سوا اور کوئی نہیں دے سکتا تیری پناہ عزت والی ہے اور تیری ثنا بڑی ہے

ثَنَاؤُكَ وَلَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ اجْعَلْنِي فِي عِيَاذِكَ

اور معبود کوئی نہیں سوا تیرے مجھ کو اپنی پناہ میں

وَجِوَارِكَ مِنْ كُلِّ سُوْءٍ وَمِنَ الشَّيْطٰنِ

لے لے ہر برائی سے اور شیطان مردود

الرَّحِيمِ. اَللّٰهُمَّ اِنِّیٓ اَسْتَجِيرُكَ مِنْ جَمِيعِ كُلِّ

ے، اے اللہ میں تیری پناہ لیتا ہوں ہر اس مخلوق سے جو

شَیْءٍ خَلَقْتَ وَاَحْتَرِسُ بِكَ مِنْهُنَّ وَاُقَدِّمُ

تو نے بنائی اور تیری حفاظت مانگتا ہوں ان سب سے اور اپنے آگے رکھتا ہوں

بَيْنَ يَدَیَّ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ ○ قُلْ

اس سورت کو، بسم اللہ الرحمٰن الرحیم آپ کہہ دیجئے

هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ○ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ○ لَمْ يَلِدْ ۵ وَ

کہ وہ یعنی اللہ ایک ہے اللہ بے نیاز ہے اس کے اولاد نہیں

لَمْ يُولَدْ ○ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ○

اور نہ وہ کسی کی اولاد ہے اور نہ کوئی اس کے برابر ہے۔

مِنْ اَمَامِیْ وَمِنْ خَلْفِیْ وَعَنْ يَّمِينِیْ وَعَنْ

اپنے سامنے اور پیچھے اپنے دائیں اور

شِمَالِیْ وَمِنْ فَوْقِیْ وَمِنْ تَحْتِیْ خَلَقْتَ

بائیں اپنے اوپر اور اپنے نیچے، اے ہمارے رب تو نے بنایا

رَبَّنَا فَسَوَّيْتَ وَقَدَّرْتَ رَبَّنَا فَقَضَيْتَ وَ

پھر اس کو درست کیا اے ہمارے رب تو نے تقدیر بنائی پھر اس کے مطابق

عَلٰى عَرْشِكَ اسْتَوَيْتَ وَاَمَتَّ فَاَحْيَيْتَ وَ

حکم فرمایا اور اپنی شان کے مناسب عرش پر تجلی فرمائی، تو نے موت دی پھر تو نے ہی

اَطْعَمْتَ فَاَشْبَعْتَ وَاَسْقَيْتَ فَاَرْوَيْتَ وَحَمَلْتَ

زندہ کیا تو نے ہی کھانا کھلایا تو پیٹ بھر دیا اور پانی پلایا تو سیراب کر دیا اور

فِيْ بَرِّكَ وَبَحْرِكَ عَلٰى فُلْكِكَ وَعَلٰى دَوَآبِّكَ

اپنی خشکی اور تری میں سوار کیا کشتی پر اور چوپایوں پر اور اپنے

وَعَلٰى اَنْعَامِكَ فَاجْعَلْ لِّيْ عِنْدَكَ وَلِيْجَةً

دوسرے جانوروں پر تو اب مجھے اپنے دربار میں بھیدی بنالے اور اپنے دربار میں مجھ کو

وَّاجْعَلْ لِّيْ عِنْدَكَ زُلْفٰى وَحُسْنَ مَاٰبٍ

قرب عطا کر اور میرا عمدہ ٹھکانا بنادے اور مجھ کو ان بندوں میں سے بنالے جو تیرے سامنے

وَّاجْعَلْنِيْ مِمَّنْ يَّخَافُ مَقَامَكَ وَوَعِيْدَكَ

کھڑے ہونے سے اور تیرے عذاب سے ڈر رکھتے ہوں اور تیری ملاقات کے امیدوار ہوں اور

وَيَرْجُوْا لِقَآءَكَ وَاجْعَلْنِيْ مِمَّنْ يَّتُوْبُ اِلَيْكَ

مجھ کو ان بندوں میں بنالے جو تیرے سامنے توبہ کریں خالص توبہ اور میں تجھ سے

تَوْبَةً نَّصُوْحًا وَّاَسْئَلُكَ عَمَلًا مُّتَقَبَّلًا وَّعِلْمًا

طلب کرتا ہوں مقبول عمل اور درست علم اور وہ جد و جہد

نَجِّيًا وَّسَعْيًا مَّشْكُوْرًا وَّتِجَارَةً لَّنْ تَبُوْرَ. اَللّٰهُمَّ

جس کی قدر ہو اور ایسی تجارت جو گھاٹے میں نہ رہے ۔ اے اللہ

اِنِّیْ اُشْهِدُكَ بِمَا شَهِدْتَّ بِهٖ عَلٰى نَفْسِكَ وَ

میں تجھ کو شاہد بناتا ہوں جس کی تو نے شہادت دی اپنے نفس پر، جس کی

شَهِدَتْ بِهٖ مَلٰٓئِكَتُكَ وَاَنْبِيَآءُكَ وَاُولُوا

شہادت دی تیرے سب فرشتوں اور تیرے نبیوں اور اہل علم نے (یعنی

الْعِلْمِ وَمَنْ لَّمْ يَشْهَدْ بِمَا شَهِدْتَّ بِهٖ فَاكْتُبْ

توحید پر) اور جس نے اس بات کی شہادت نہ دی جس کی کہ تو نے دی ہے، تو تو

شَهَادَتِیْ مَكَانَ شَهَادَتِهٖ اَنْتَ السَّلَامُ وَ

اس کی شہادت کے بدلے بھی میری شہادت لکھ لے، تیرا نام "السلام" ہے اور

مِنْكَ السَّلَامُ تَبَارَكْتَ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ.

سلامتی تیری ہی طرف سے آتی ہے۔ تو بڑی برکت والا ہے، اے ذوالجلال والاکرام

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْۤ اَسْئَلُكَ فَكَاكَ رَقَبَتِیْ مِنَ النَّارِ.

اے اللہ میں تجھ سے مانگتا ہوں اپنی گردن کا دوزخ کے عذاب سے چھوٹ جانا

اَللّٰهُمَّ اَعِنِّیْ عَلٰى غَمَرَاتِ الْمَوْتِ وَسَكَرَاتِ

اے اللہ میری مدد کرنا موت کی شدّتوں اور موت کی سختیوں

الْمَوْتِ وَاٰخِرُ دُعَائِہٖ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ

میں اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی آخری دعا یہ تھی

اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِیْ وَارْحَمْنِیْ وَاَلْحِقْنِیْ بِالرَّفِیْقِ

اے اللہ مجھے معاف فرما اور مجھ پر رحم فرما اور مجھ کو سب سے بلند

الْاَعْلٰی سُبْحَانَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا

رفیق سے ملادے۔ تیرا رب پاک ہے ان تمام عیبوں سے جو یہ (کافر)

یَصِفُوْنَ وَسَلَامٌ عَلَی الْمُرْسَلِیْنَ وَالْحَمْدُ

اس پر لگاتے ہیں وہ عزت کا مالک ہے اور سلام ہو سب رسولوں

لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ ○

پر اور سب تعریف ہے اس خدا کے لئے جو پالنے والا ہے سب جہانوں کا

خَاتِمَةٌ فِیْ اَلْفَاظِ الصَّلٰوةِ عَلٰی خَاتِمِ

یہ خاتمہ خاتم النبیین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر

النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَ

درود شریف کے الفاظ کے متعلق ہے۔ ان سب میں افضل

اَفْضَلُھَا مَا وَرَدَ عَقِیْبَ التَّشَھُّدِ ؛

درود وہ ہے جو تشہد کے بعد نماز میں پڑھی جاتی ہے۔

اَلْمَنْزِلُ السَّابِعُ فِیْ یَوْمِ الْجُمُعَۃِ

سا تویں منزل جمعہ کی

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بیحد مہربان نہایت رحم والا ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ

اے اللہ تو اپنی خاص رحمت نازل فرما حضرت محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر اور آل محمد (صلی اللہ علیہ وسلم)

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ

پر جیسی خاص رحمت تو نے نازل فرمائی حضرت ابراہیم (علیہ الصلوٰۃ والسلام) پر اور آل ابراہیم (علیہ الصلوٰۃ

وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ،

والسلام) پر بے شبہ تو ہی تعریف کا مستحق ہے اور تو بڑی شان والا ہے۔

اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ

اے اللہ برکت نازل فرما حضرت محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر اور آل محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر

کَمَا بَارَکْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ

جیسی برکت تو نے نازل فرمائی حضرت ابراہیمؑ پر اور آل ابراہیمؑ پر۔

اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ۔ (وَفِیْ بَعْضِ الرِّوَایَاتِ

بے شبہ تو ہی ہر تعریف کا مستحق ہے تو بڑی شان والا ہے۔ (اور بعض روایات میں یوں ہے)

اَللّٰھُمَّ وَتَرَحَّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰۤی اٰلِ

اے اللہ رحمت نازل فرما حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر اور آل محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر جیسی رحمت

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ کَمَا تَرَحَّمْتَ عَلٰۤی اِبْرَاھِیْمَ وَ

تو نے فرمائی حضرت ابراہیم (علیہ السلام) پر اور آل ابراہیم (علیہ السلام) پر

عَلٰۤی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ۔

بے شک تو ہی ہر تعریف کا مستحق ہے اور بڑی شان والا ہے۔

اَللّٰھُمَّ وَتَحَنَّنْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰۤی

اے اللہ شفقت فرما سیّدنا محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر اور

اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ کَمَا تَحَنَّنْتَ عَلٰۤی اِبْرَاھِیْمَ

آل سیّدنا محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر جیسے شفقت فرمائی تو نے ابراہیم (علیہ السلام) پر

وَعَلٰۤی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ۔

اور آل ابراہیم (علیہ السلام) پر۔ تو ہی قابل ستائش ہے اور بڑی شان والا ہے،

اَللّٰھُمَّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰۤی

اے اللہ سلام نازل فرما سیّدنا محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر اور اولاد سیّدنا

اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ کَمَا سَلَّمْتَ عَلٰۤی اِبْرَاھِیْمَ

